# دعوت دین میں غیر مسلموں کیساتھ مفاہمت وعدم مفاہمت کی صورتیں

## (سیرت النبی کی روشنی میں تجزیاتی مطالعہ)

**by**
**ABDUL BAQI**
**01-259212-001**

**Department of Islamic Studies**
**School of Humanities and Social Sciences**
**BAHRIA UNIVERSITY ISLAMABAD CAMPUS (BUIC)**

# دعوت دین میں غیر مسلموں کیساتھ مفاہمت وعدم مفاہمت کی صورتیں

## (سیرت النبی کی روشنی میں تجزیاتی مطالعہ)

By
ABDUL BAQI
01-259212-001

Supervised By
DR. SYED MUHAMMAD SHAHID TIRMAZI

A Thesis Submitted in Fulfilment of the Requirements for the Award of the Degree of Master in Science (Islam and Life)

Department of Islamic Studies
School of Humanities and Social Sciences
BAHRIA UNIVERSITY ISLAMABAD CAMPUS (BUIC)

# I. THESIS APPROVAL SHEET

Topic of Research: دعوت دین میں غیر مسلموں کیساتھ مفاہمت وعدم مفاہمت کی صورتیں

(سیرت النبی کی روشنی میں تجزیاتی مطالعہ)

Name of Student: ABDUL BAQI

Registration No: 01-259212-001

Program: MS – Islamic Studies MS-Islam and Life

Approved by:

__________________________________

Dr. SYED MUHAMMAD SHAHID TIRMAZI

Research Project Supervisor

__________________________________

Dr. SANAULLAH

Internal Supervisor

__________________________________

Dr. MUHAMMAD DSAEED

External Examiner

__________________________________

Dr. SANAULLAH

PGP Coordinator

__________________________________

Dr. SYED MUHAMMAD SHAHID TIRMAZI

Head of Department

# دعوت دین میں غیر مسلموں کیساتھ مفاہمت وعدم مفاہمت کی صورتیں

# (سیرت النبی کی روشنی میں تجزیاتی مطالعہ)

By

ABDUL BAQI

01-259212-001

A Dissertation submitted in partial fulfilment of

the Requirements for the degree of

MS (Islam and Life)

Supervised by

Dr. Syed Muhammad Shahid Tirmazi

Head of Department

Department of Islamic Studies,

Bahria University Islamabad, Pakistan

# SUPERVISOR'S STATEMENT

This is certified that the work contained in this thesis entitled''

دعوت دین میں غیر مسلموں کیساتھ مفاہمت وعدم مفاہمت کی صورتیں

(سیرت النبی کی روشنی میں تجزیاتی مطالعہ)

Has been carried out under my supervision by ABDUL BAQI and is approved for submission in partial fulfilment of the requirement for the degree of MS Islamic Studies.

Dr. Syed Muhammad Shahid Tirmazi
Head of Department, Islamic Studies
Bahria University Islamabad, Pakistan

# ACKNOWLEDGEMENT

I would like to acknowledge and express my sincere gratitude to My Supervisor Dr Syed SHAHID TIRMAZI this project would not have been Possible without his worthy guidance and sincere advice. which got me through this research process. I would like to thank all my beloved colleagues of Bahria University; without their help it would not have been possible.

# DEDICATION

I dedicate my work to Allah. The Shaikh of our Sufi Order "PEER SYED HASEEN UN DEEN SHAH "who have guided me on the path of the Prophet ﷺ. My Parents for their tireless efforts and prayers my entire life. My Brothers for being there for me, without their support and love it would not have been possible. My Sisters whose presence in my life gives me hope as well joy.

**Bahria University**
Discovering Knowledge
**MS-13**

## Thesis Completion Certificate

Student's Name: ABDUL BAQI Registration No. 01-259212-001

Programme of Study: MS Islamic Studies

Thesis Title: دعوت دین میں غیر مسلموں کیساتھ مفاہمت وعدم مفاہمت کی صورتیں (سیرت النبی کی روشنی میں تجزیاتی مطالعہ)

It is to certify that the above student's thesis has been completed to my satisfaction and, to my belief, its standard is appropriate for submission for Evaluation. I have also conducted plagiarism test of this thesis using HEC prescribed software and found similarity index at 18% that is within the permissible limit set by the HEC for the MS/MPhil degree thesis. I have also found the thesis in a format recognized by the BU for the MS/MPhil thesis.

Principal Supervisor's Signature:

Date: ____________________ Name: **Dr. Syed Muhammad Shahid Tirmazi**

**Bahria University**

Discovering Knowledge

**MS-14A**

## <u>Author’s Declaration</u>

I, **ABDUL BAQI,** hereby state that my MS thesis titled

<u>دعوت دین میں غیر مسلموں کیساتھ مفاہمت وعدم مفاہمت کی صورتیں (سیرت النبی کی روشنی میں تجزیاتی مطالعہ)</u>

Is my own work and has not been submitted previously by me for taking any degree from This Bahria University Islamabad Campus or anywhere else in the country/world.

At any time if my statement is found to be incorrect even after my Graduate the university has the right to withdraw/cancel my MPhil degree.

Name of student: **<u>ABDUL BAQI</u>**

Student/ Author’s Signature:________________

Date:______________________________

**Bahria University**

Discovering Knowledge

MS14B

## Plagiarism Undertaking

I, solemnly declare that research work presented in the thesis titled”

”دعوت دین میں غیر مسلموں کیساتھ مفاہمت وعدم مفاہمت کی صورتیں (سیرت النبی کی روشنی میں تجزیاتی مطالعہ“

Is solely my research work with no significant contribution from any other person. Small contribution / help wherever taken has been duly acknowledged and that complete thesis has been written by me.

I understand the zero-tolerance policy of the HEC and Bahria University towards plagiarism. Therefore, I as an Author of the above titled thesis declare that no portion of my thesis has been plagiarized and any material used as reference is properly referred / cited.

I undertake that if I am found guilty of any formal plagiarism in the above titled thesis even after award of MPhil degree, the university reserves the right to withdraw / revoke my MPhil degree and that HEC and the University has the right to publish my name on the HEC / University website on which names of students are placed who submitted plagiarized thesis.

Student/ Author’s Signature:________________

Name of student: **ABDUL BAQI**

Date:____________________________________

# ABSTRACT

After creating humanity, Allah sent Prophets with teachings to guide them. Hazrat Muhammad is the last Prophet of Allah. Allah entrusted the spreading of Islam to his followers, calling them the "best Ummah."

In today's interconnected world, many nations are losing their distinct identities, and Islamophobia is rising. In this situation, preachers must uphold the dignity of Islam, dispel misconceptions about Muslims' tolerance, and counter portrayals of Islam as a threat to peace.

In the first chapter of this thesis, the importance and virtues of Dawat-e-Deen and attributes of Preacher have been described. In the second chapter, it has been clarified that in Dawat-e-Deen a preacher cannot compromise with non-Muslims in the matter of beliefs and the third chapter describes the extent to which the preacher can compromise with non-Muslims in social and political.

There are three dimensions of relationship with non-Muslims:

1. Mawalaat: It refers to heartfelt love and deep connection. It is not permissible with the disbeliever and polytheists.
2. Madaraat: It refers  external happiness, kindness and good behaviour. It is permissible with the non-Muslims especially when the purpose of it is to call Islam, to Introduce Islamic morals and teachings.
3. Mawasaat: It means benevolence and sympathy. it is permissible with such non-Muslims who are not facing war with Muslims. The benefit of Mawasat is that they will be influenced by Islam and Muslims and the distance between them will be reduced.

Islam is a complete code of life and a universal religion that guarantees all peace, security, and welfare. It promotes tolerance and sense of brotherhood. Islam does not force anyone to believe.

**Key words:** Dawat Deen, Non-Muslims, Reconciliation, globalization, beliefs.

## تعارف

تمام تعریفیں اس رب العالمین کے لیے ہیں جو خالق کائنات بھی ہے اور مالک شش جہات بھی، جس نے دعوت دین کو اپنے قرب کا اہم ترین ذریعہ قرار دیا اور رحمت کاملہ ہو سالار قافلہ دعوت پر جن کا ارشاد ہے "بَلِّغُوا عَنِّي وَلَوْ آيَةً"[1] "میری طرف سے لوگوں کو احکام الٰہی پہنچادو اگرچہ ایک آیت ہی ہو" اور آپ کی آل واصحاب، مبلغین دعوت اور تمام مؤمنین پر جنھوں نے دین اسلام کی اشاعت کیلئے ہر طرح کی قربانیاں پیش کی ہیں۔

## پس منظر:

اللہ رب العزت نے انسان کی ہدایت کے لیے وقتاً فوقتاً انبیائے کرام کو دنیا میں مبعوث فرمایا، اور ان کے ساتھ روشن تعلیمات بھی بھیجیں تاکہ لوگوں کے درمیان حق وباطل کھل کر سامنے آئے۔ تمام انبیائے کرام نے اپنے، اپنے زمانے میں اپنی، اپنی امت کو اللہ کا پیغام پہنچایا اور انسانیت کو راہ مستقیم پر گامزن کیا۔ آخر میں نبی رحمت ﷺ کو قیامت تک کے تمام انسانوں کے لیے پیغمبر اور دین اسلام کو رہتی دنیا تک کے لیے دائمی دستور بنا کر بھیجا۔ نبی رحمت ﷺ اللہ کے آخری نبی ہیں اور اللہ پاک نے آپ ﷺ کے بعد دعوت کی ذمہ داری امت محمدیہ ﷺ کو عطا کی اور "بہترین امت" کا لقب عطا فرمایا۔ جس طرح اللہ کی ذات رب العالمین اور نبی رحمت کی ذات رحمۃ للعالمین ہے اسی طرح اسلام ایک آفاقی دین اور پوری انسانیت کے لیے دائمی دستور ہے اور اس کی اشاعت بقدر استطاعت ہر مسلمان کی ذمہ داری ہے۔

موجودہ دور جدید ٹیکنالوجی کا دور ہے اور دنیا ایک گلوبل ویلیج کی شکل اختیار کر چکی ہے جس کی وجہ سے ایک طرف بہت سی قومیں اپنی تہذیب وتمدن کھو رہی ہیں اور دوسری طرف اسلاموفوبیا بڑھتا جارہا ہے۔ ان حالات میں استعماری قوتیں اسلام کے خلاف برسرپیکار ہیں اور اسلامی دنیا ان کے ظلم وستم کا شکار ہیں۔ ان حالات میں سوال یہ پیدا ہوتا ہے کہ دعوت دین کی ذمہ داری کیسے نبھائی جائے؟ اس حوالے سے عموماً دو قسم کی آراء ملتی ہیں

ایک تو یہ ہے کہ اسلام اپنے عقیدہ کو عام کرنے کیلئے جبر واکراہ سے منع کرتا ہے لہذا حالات وواقعات کی نزاکت کو پیش نظر رکھتے ہوئے داعی کو غیر مسلموں کیساتھ مفاہمت اختیار کرنی چاہیے تاکہ دشمنان اسلام کے اس پروپیگنڈے کا رد ہو جائے جو اسلام کو نعوذ باللہ پر تشدد، نفرت انگیز اور بقائے امن وسلامتی کیلئے باعث خطرہ بنا کر پیش کرتے ہیں بلکہ یہ واضح ہو کہ اسلام امن کا داعی ہے اور صداقت ،تواضع نرمی، حکمت وبصیرت، تحمل وبرداشت اسکے بنیادی عناصر ہیں

---

[1] بخاری، محمد بن اسماعیل، صحیح بخاری (کوئٹہ: مکتبہ دارالاحسان 1419ھ) کتاب احادیث الانبیاء، باب ماذکر عن بنی اسرائیل۔ ح، 3461

دوسری رائے یہ ہے کہ اسلام ہی حق ہے، اس کے مدمقابل باقی سارے باطل ہیں اور اسلام ان سب پر غالب ہونے کیلئے آیا ہے جیسا کہ ارشاد باری تعالی ہے

" هُوَ الَّذِي أَرْسَلَ رَسُولَهُ بِالْهُدَى وَدِينِ الْحَقِّ لِيُظْهِرَهُ عَلَى الدِّينِ كُلِّهِ"[1]

"وہی ہے جس نے اپنے رسول کو ہدایت اور سچے دین کے ساتھ بھیجا کہ اس سے سب ادیان پر غالب کرے"

لہذا غیر مسلموں کو دعوت دیتے وقت ایسا رویہ اختیار نہیں کرنا چاہیے جو اسلام کے امتیازی تشخص کو ختم کرنے کا سبب ہو یا اسلام کے بنیادی عقائد کے خلاف ہو اگرچہ وہ بین المذاہب ہم آہنگی، رواداری کے نام سے ہو یا مصلحت و مفاہمت کے نام سے ہو۔

مقالہ ھذا میں اسی موضوع پر گفتگو کی جائیگی کہ ایک غیر مسلم تک دعوت دین کیسے پہنچائی جائے اور دعوت دیتے وقت مفاہمت و مصلحت کی کون کون سی صورتیں ممکن ہیں اور ان کے کیا اصول ہیں اور وہ کونسے امور ہیں جن میں کسی بھی صورت میں مفاہمت اختیار نہیں کی جاسکتی سیرت النبی ﷺ کی روشنی میں اس کو واضح کیا جائے گا۔

صلح حدیبیہ کا معاہدہ نبی رحمت ﷺ کی حکمت عملی کا بہترین نمونہ ہے اس معاہدہ کی شرائط میں سے ایک شرط یہ تھی کہ "اگر کوئی مسلمان مدینے سے مکہ چلا جائے تو اسکو واپس نہیں بھیجا جائے گا جبکہ کوئی شخص مکے سے مدینہ جائے تو اسے واپس بھیجا جائے گا[2]" بظاہر یہ ناقابل قبول شرط تھی لیکن اللہ نے اس معاہدہ کو "فتح مبین" قرار دیا، یقیناً داعیان دین کیلئے اس میں سبق ہے۔

نبی کریم ﷺ کے پاس سرداران قریش کا ایک وفد آیا اور پیشکش کی "اے محمد، ہم اور آپ اس بات پر اتفاق کرتے ہیں کہ یک دن ہم آپ کے رب کی عبادت کرینگے اور ایک دن آپ ہمارے بتوں کی عبادت کرئے" تو اللہ پاک نے سورہ کافرون نازل فرمائی[3]۔

قرآن حکیم نے دعوت دینے کے اصول بیان کرتے ہوئے جہاں حکمت عملی اور مواعظ حسنہ کا حکم دیا وہی "لَا أَعْبُدُ مَا تَعْبُدُونَ[4]" کا دستور بیان کیا۔ دعوت میں مفاہمت، عدم مفاہمت اور غیر مسلموں سے مدد لینے کی صورتیں عہد نبوی ﷺ کی زندہ اور روشن مثالیں ہیں جن سے آج رہنمائی لیکر اسلام کی نشر و اشاعت بہتر طریقے سے کی جاسکتی ہے۔

---

[1] الصف:9

[2] ابن ہشام، عبد الملک بن ہشام، سیرت ابن ہشام۔ مترجم یسین علی حسنی (لاہور: ادارہ اسلامیات 1999) ج2، ص215

[3] حلبی، علی بن برہان الدین، سیرت حلبیہ۔ مترجم اسلم قاسمی (کراچی: دارالاشاعت 1999ء) ج2، ص399

[4] الکافرون:2

## تحقیقی خلاء

دعوت وارشاد کے حوالے سے عمومی طور پر ہر زمانے میں علماء نے بہت سی کتابیں، آرٹیکلز، مضامین لکھے ہیں جن میں عموماً دعوت کا طریقہ کار، دعوت کے مختلف اسالیب، حاملین دعوت کے اوصاف، دعوت کی لغوی واصطلاحی تعریف اور دعوت کی اہمیت وفضیلت پر بحث کی گئی ہے۔ زیر بحث موضوع پر کوئی مستقل کتاب یا مقالہ وغیرہ نہیں ملا البتہ کتب سیرت میں ضمنا ایسی جزئیات ملتی ہے لیکن وہ زیر بحث موضوع کے احاطہ کیلئے ناکافی ہیں۔ اسی طرح بعض ایسی کتب جو مسلمانوں کے غیر مسلموں کے ساتھ تعلقات اور غیر مسلموں کے حقوق کے حوالے سے لکھی گئی ہیں ان میں بھی موضوع ھذا کے حوالے سے جزئیات ملتی ہیں لیکن دونوں طرح کی کتب (کتب سیرت، اور دعوت و ارشاد) میں کوئی کتاب نہیں ملی جس میں مستقل طور پر دعوت دین میں غیر مسلموں کیساتھ مفاہمت وعدم مفاہمت کی صورتوں کو واضح کیا گیا ہو۔

## بیان مسئلہ

دعوت دین ہر مسلمان کی بقدر استطاعت ایک شرعی ذمہ داری ہے۔ موجودہ حالات میں غیر مسلموں کو دعوت دیتے وقت ایک بڑا چیلنج "بڑھتا ہوا اسلاموفوبیا" اور دوسری طرف "گلوبلائزیشن" کی فکری یلغار ہے جو اسلامی تہذیب و تمدن پر حملہ آور ہے۔ ان حالات میں دعوت دین میں غیر مسلموں کے ساتھ مفاہمت اور عدم مفاہمت کیسے اور کس حد تک اختیار کی جائے۔

## تحقیقی سوالات

غیر مسلموں کے ساتھ دعوت میں عدم مفاہمت کی صورتیں کون کونسی ہیں؟
دعوت میں غیر مسلموں کیساتھ کن امور میں مفاہمت اختیار کی جاسکتی ہے؟
کیا دعوت میں غیر مسلموں سے مدد لی جاسکتی ہے؟

## مقاصد تحقیق

دعوت میں غیر مسلموں کے ساتھ مفاہمت کی حدود و قیود کی نشاندہی کرنا
عدم مفاہمت کی صورتوں سے روشناس کروانا
غیر مسلموں سے مدد لینے کی صورتوں کو واضح کرنا
دعوت دین کو احسن طریقے سے غیر مسلموں تک پہنچانے کے طریقہ کار کو واضح کرنا

### ضرورت واہمیت

دعوت دین تمام انبیائے کرام کی سنت اور دین اسلام کی بقاء کی ضامن ہے جس کو اہل علم نے پیغمبروں کا کام کہا اور بقول ابن تیمیہؒ کے دعوت کا حکم دینا ہی نبوت کی جانشینی ہے[1]۔ دعوت دین رسول اللہ ﷺ کے ہر پیروکار کی ذمہ داری، امت مسلمہ کا مقصد وجود اور اسلام کے پھلنے پھولنے کا ذریعہ ہے۔ دعوت دین کی وجہ سے اللہ تعالیٰ نے امت محمدیہ کو قرآن میں (امت خیر) اور (امت وسط) کے القاب سے نوازا ہے۔ نبی رحمت کو اللہ تعالیٰ نے تبلیغ علی الناس کو اپنا اور اپنی امت کا مشن بیان کرنے کا حکم دیتے ہوئے فرمایا:

"قُلْ هَذِهِ سَبِيلِي أَدْعُو إِلَى اللَّهِ عَلَى بَصِيرَةٍ أَنَا وَمَنِ اتَّبَعَنِي[2]"

"آپ کہہ دیجئے یہ میرا راستہ ہے میں اللہ کی طرف بلاتا ہوں بصیرت کیساتھ، میں اور میری پیروی کرنے والے"۔

اب موجودہ حالات کے تناظر میں جب اسلامو فوبیا بڑھتا جارہا ہے اور گلوبلائزیشن کے نام پر فکری یلغار اسلام کی تہذیب و تمدن پر حملہ آور ہے ایک داعی غیر مسلم کو دعوت دیں کیسے دیں جس کے ذریعے ایک تو وہ اسلام کے خلاف ہونے والے پروپیگنڈے کا رد کر سکے، ساتھ ہی اسلام کو ایک عالمگیر دین کے طور پر پیش کرتے ہوئے اسلام کی حقانیت کو ثابت کر سکے اس کیلیے نبی رحمت ﷺ کی دعوتی زندگی ہی عملی نمونہ ہے

عہد نبوی کی دعوتی سرگرمیوں کے تناظر میں ہی ہم اس نتیجے میں پہنچ سکتے ہیں کہ داعی غیر مسلم کو دین اسلام کی طرف مائل کرنے کے لیے کہاں اور کیسے مفاہمت کر سکتا ہے اور وہ کون سے امور ہے جن میں داعی مفاہمت یا مصالحت اختیار نہیں کر سکتا۔

### سابقہ کام کا جائزہ

ذیل میں زیر بحث موضوع سے متعلق لکھے جانے والی کتب، آرٹیکلز، مضامین کا بیان اور بقدر ضرورت تبصرہ پیش کیا جائے گا تاکہ اس بات کی وضاحت ہو سکے کی سابقہ کام کی نوعیت کیا ہے اور زیر بحث موضوع کی نوعیت کیا ہے۔

### اصول دعوت[3]

یہ کتاب ترجمہ ہے اور اصل کتاب عربی میں ہے اور اسکے مصنف ڈاکٹر عبد الکریم زیدان ہے۔ دراصل یہ کتاب مصنف نے بغداد یونیورسٹی کے لیے بطور نصاب لکھی تھی جس کا اردو ترجمہ "گل زاداہ شیر پاؤ" نے "اصول دعوت" کے نام سے کیا ہے۔ اس کتاب میں دعوت کے

---

[1] ابن تیمیہ، احمد بن علیم، "مجموعہ فتاوی ابن تیمیہ" (بیروت، دار الکتب العلمیہ) ج15، ص145

[2] یوسف:108

[3] زیدان، عبد الکریم "اصول الدعوۃ" مترجم، گل زادہ شیر پاؤ (لاہور، البدر پبلیشرز، 2010)

عمومی مسائل کو تفصیل سے ذکر کیا گیا ہے جس میں داعی کے اوصاف، دعوت کی فضیلت، اور دیگر موضوعات شامل ہے۔ کتاب کے چوتھے باب میں ایک فصل "اسالیب دعوت" میں لکھی ہے جس کے ضمن میں موضوع مقالہ سے متعلق چند باتیں ملتی ہے مگر وہ اس کا احاطہ نہیں کرتی۔

### دعوت وارشاد[1]

یہ کتاب "دعوت وارشاد" ڈاکٹر حمید اللہ صاحب، استاذ الحدیث پنجاب یونیورسٹی نے لکھی ہے اس میں مصنف نے دعوت کی لغوی بحث کی ہے اور چند انبیاء کرام کے دعوتی اسلوب کو بیان کیا ہے اور اس کے ضمن میں اس بات کا ذکر کیا ہے داعی کو حکمت کے تحت دعوت دینی چاہیئے اگرچہ اس کتاب میں صراحتا اس حوالے سے کوئی باب، فصل نہیں ملتی، ضمناً کچھ چیزیں ملتی ہیں جس سے موضوع کی جہت کی طرف رہنمائی مل جاتی ہے۔

### دعوت دین کی اہمیت اور تقاضے[2]

یہ کتاب مولانا امین احسن اصلاحی نے لکھی ہے جس میں مصنف نے دعوت کی اہمیتِ کو بیان کیا ہے اور تبلیغ کی شرائط کو تفصیلا ذکر کیا ہے اس بات پر زور دیا ہے کہ ماضی کی طرح پھر سے دعوت خیر کیلیئے خلافت کا ادارہ قائم کرکے اجتماعی دعوت دی جائے موضوع مقالہ ھذا کی طرف کچھ رہنمائی ملتی ہے لیکن بہت کم ہے۔

### دعوت دین کے بنیادی اصول[3].

یہ کتاب "دعوت دین کے بنیادی اصول" قاری صہیب احمد میر محمدی" کی تصنیف ہے مصنف نے عمومی طور پر دعوت دین کے طریقہ کار موضوعات دعوت اور ارکان اسلام کے حوالے سے بحث کی ہے اگرچہ غیر مسلموں کو دعوت دینے کے حوالے سے اصول ملتے ہیں لیکن دعوت میں غیر مسلموں کے ساتھ مفاہمت وعدم مفاہمت کی صورتوں اختیار کے حوالے سے کوئی مواد نہیں ملا۔

### دعوت دین کیسے دیں؟[4]

یہ کتاب ڈاکٹر فضل الہی نے لکھی ہے مصنف نے اسلام کی عالمگیریت کے اثبات اور اس کے متعلق پیدا کیے جانے والے شکوک وشبہات کے حوالے سے تفصیلی بحث کی ہے لیکن کتاب اپنی عمومیت کی وجہ سے زیر بحث موضوع کا احاطہ نہیں کرتی البتہ ضمناً کچھ چیزیں ملتی ہے۔

---

[1] ڈاکٹر، حمید اللہ "دعوت وارشاد "(لاہور, شیخ محمد بشیر اینڈ سنز) سال

[2] اصلاحی، امین احسن "دعوت دین کی اہمیت اور تقاضے "(اسلام آباد, دعوہ اکیڈمی 2010ء)

[3] میر محمدی، صہیب احمد، دعوت دین کے بنیادی اصول۔ (کلیۃ القرآن الکریم والتربیۃ الاسلامیہ 2017ء)

[4] ڈاکٹر، فضل الہی۔ دعوت دین کیسے دیں (اسلام آباد، دارالنور، 2010)

## دعوت دین[1]

یہ کتاب فضیلۃ الشیخ عبد العزیز بن عبد اللہ بن باز کی ہے جسکا ترجمہ "ابو یاسر عبد اللہ بن بشیر" نے کیا ہے مصنف نے اس کتاب میں دعوت اسلام کی اہمیت، امر بالمعروف اور نہی عن المنکر کے مراتب بیان کیے ہیں لیکن زیر بحث موضوع کی جہت کے اعتبار سے بحث نہیں کی ہے۔

## رحمۃ للعالمین کے غیر مسلموں سے معاملات قرآن وسیرت طیبہ کی روشنی میں[2]

اس آرٹیکل میں دراصل غیر مسلموں کے ساتھ معاملات کو ذکر کیا گیا ہے اور اسلام کی عالمگیریت اور بین المذاہب ہم آہنگی کے متعلق بحث کی گئی ہے موضوع سے متعلق کچھ معلومات مل جاتی ہیں جو موضوع کا احاطہ نہیں کرتی۔

## صلح حدیبیہ کے دعوتی اثرات (تجزیاتی مطالعہ)[3]

یہ مقالہ علامہ اقبال اوپن یونیوسٹی کے شعبہ علوم اسلامیہ کے زیر اہتمام لکھا گیا ہے۔ اس مقالہ میں صلح حدیبیہ کا پس منظر، واقعات اور ثمرات کو تفصلی طور پر بیان کیا گیا ہے۔ مقالہ میں غیر مسلموں سے معاہدات کے دعوتی اثرات کو ضرور بیان کیا گیا ہے لیکن ایک خاص جہت سے اور وہ بھی ایک مخصوص واقعہ کے تناظر میں جو مقالہ ھذا کے موضوع کی وضاحت کے لئے کافی نہیں ہے۔

## غیر مسلموں کو دعوت دینے کے محفوظ طریقے[4]

اس مضمون میں مصنف نے غیر مسلموں کو دعوت کے دینے کے چند طریقے بتائے ہیں مضمون کا زیادہ حصہ غیر مسلموں کے تعارف اور داعی کے اوصاف پر ہے مقالہ ہذا کے موضوع کے حوالے سے کوئی خاص مواد نہیں۔

## مکی اور مدنی عہد میں نبوی دعوت کا طریقہ کار[5]۔

یہ ایک ماہنامہ مجلہ کا مضمون ہے اور زیادہ تر عہد مکی کے دعوتی طریقہ کار پر مشتمل ہے لیکن غیر مسلوں کیساتھ دعوت دین میں مفاہمت کے حوالے سے بعینہ بیان نہیں کیا گیا ہے۔

---

[1] عبد العزیز بن عبد اللہ، "دعوت دین" مترجم، عبد اللہ بن بشیر (فیصل آباد، مکتبہ اسلامیہ، 2013)

[2] سیفی، عزیز الرحمن، "رحمۃ للعالمین کے غیر مسلموں سے معاملات قرآن وسیرت کی روشنی میں" مجلہ قسم اصول الدین العالمیۃ 2, شمارہ 1(2017

[3] نازیہ حسن، "صلح حدیبیہ کے دعوتی اثرات: تجزیاتی مطالعہ" مقالہ برائے ایم فل علوم اسلامیہ۔ علامہ اقبال اوپن یونیورسٹی

[4]. قاسمی، آصف الدین۔ "غیر مسلموں میں دعوت کے محفوظ طریقے" الجلال میڈیا ڈاٹ کام، 14 ستمبر 2022

[5] محمد عارف باللہ "مکی اور مدنی عہد میں نبوی دعوت کا طریقہ کار" العلم 2، شمارہ 5، 2022

## غیر مسلموں سے تعلقات اور بقائے باہمی کی اساس، سیرت النبی کی روشنی میں[1]

اس آرٹیکل میں غیر مسلموں کے ساتھ تعلقات کی مختلف جہتوں کو بیان کیا گیا ہے جس میں غیر مسلموں کی مختلف اقسام بھی بیان کی گئی ہیں اور ان اصولوں کو بیان کیا گیا ہے جن کی بنیاد پر غیر مسلموں سے تعلقات رکھے جاتے ہیں، موضوع سے متعلق چند ایک مثالیں ملتی ہیں جو کہ موضوعِ مقالہ کا احاطہ نہیں کرتیں۔

## صحابہ کرام کا اسلوب دعوت[2]

یہ مقالہ علامہ اقبال اوپن یونیوسٹی کے شعبہ علوم اسلامیہ و عربی کے زیر اہتمام لکھا گیا ہے۔ اس مقالہ میں عمومی طور پر صحابہ کرام کے اسلوب دعوت کو بیان کیا گیا ہے جس میں صحابہ کرام کی دین سے محبت، دین اسلام کیلئے دی جانے والی خدمات اور صحابہ کرام کے مختلف دعوتی اسلوب پر بحث کی گئی ہے اگرچہ مقالہ میں موضوع ھ ذا کے حوالے سے جزئیات ملتی ہیں لیکن یہ جزئیات مقالہ ھذا کے موضوع کا احاطہ نہیں کرتی۔

## دعوت دین میں درپیش چیلنجز اور علماء کی ذمہ داریاں[3]

یہ ایک ماہنامہ مجلہ کا مضمون ہے اس میں مصنف نے داعی دین کیلئے درپیش خارجی، داخلی اور شخصی چیلنجز کا ذکر کیا ہے اور خاص طور پر علمائے کرام کو درپیش مشکلات کا ذکر کیا ہے اور اس بات کی طرف نشاندہی کی ہے کہ داعی دین کو قدیم علوم کے ساتھ جدید علوم پر بھی دسترس ہونی چاہیے اگرچہ یہ مضمون موضوع ھذا سے مطابقت رکھتا ہے لیکن موضوع مقالہ ھذا کے احاطہ کیلئے کافی نہیں ہے۔

اس کے علاوہ مولانا وحید الدین کی "دعوت اسلام "فضیلۃ الشیخ عدنان عرعوز کی کتاب "دعوت دین کا طریقہ کار" قاری طیب قاسمی کی "اصول دعوت" ڈاکٹر نثار احمد کی "دعوت نبوی اور مخالفت قریش"سید ابو الحسن ندوی "کی تاریخ دعوت وعزیمت "ڈاکٹر فضل الہی کی " دعوت دین کس چیز کی طرف دی جائے"ابو احمد نوید قمر کی کتاب "دعوت دین کیسے دے"اور بہت ساری کتب دعوت اسلام کے موضوع پر لکھی گئی ہے لیکن جو جہت مقالہ ھذا کے موضوع کی ہے اس میں مستقل کتاب نہیں ملی۔

## منہج تحقیق

یہ مقالہ (Analytical Study) پر مبنی ہے جس میں سیرت النبی ﷺ کی روشنی میں دعوت دین میں غیر مسلموں کیساتھ مفاہمت وعدم مفاہمت کی صورتوں کو بیان کیا گیا ہے۔ زیر نظر مقالہ تین ابواب پر مشتمل ہے باب اول میں دعوت اور مفاہمت کی لغوی واصطلاحی

---

[1] سجاد محمد، غیر مسلموں سے تعلقات اور بقائے باہمی کی اساس، العلم 2، شمارہ 2، 2018

[2] محمد اکرام۔ صحابہ کرام کا دعوت اسلوب، مقالہ برائے پی، ایچ، ڈی۔ علامہ اقبال اوپن یونیورسٹی اسلام آباد، 2008

[3] ورک، محمد اکرام، "دعوت دین میں درپیش چیلنجز اور علماء کی ذمہ داریاں" دعوت تحریک، ماہنامہ الشریعہ، جلد 31، شمارہ 5، مئی 2020

بحث کی گئی ہے جس کے لیے اردو، عربی لغات سے مدد لی گئی ہے اور معنی کو واضح کرنے کیلئے کتب مصطلحات سے بھی استفادہ کیا گیا ہے۔ باب دوم اور سوم میں تجزیاتی اور استنباطی مطالعہ کیا گیا ہے جس میں آپ ﷺ کے دعوت دین کے مختلف ادوار اور اسلوب کے متعلق معلومات کو جمع کیا گیا ہے پھر ان معلومات کے تناظر میں غیر مسلموں کے ساتھ عبادات و نظریات اور معاملات میں مفاہمت وعدم مفاہمت کی صورتوں کو بیان کیا گیا ہے جہاں مفاہمت ممکن تھی وہاں اس بات کو بیان کیا گیا ہے کہ دور حاضر میں اس پر عمل کی کیا صورتیں ہیں اور اسکی حدود وقیود کیا ہیں، اور جہاں مفاہمت ممکن نہیں تھی وہاں ان وجوہات کو بھی بیان کیا گیا ہے جن کی وجہ سے مفاہمت ممکن نہیں اور اختلافی صورت میں سب سے پہلے تطبیق دینے کی کوشش کی گئی ہے، جہاں تطبیق ممکن نہیں تھی وہاں ترجیح اور تنسیخ کے اصول کو اپنایا گیا ہے۔

## تحقیقی اخلاقیات

قواعد وضوابط کے مطابق معیاری تحقیق کی گئی ہے

مقالے میں غیر مہذب زبان سے گریز کی گئی ہے

کسی بھی دعوی کا اثبات دلیل کے ساتھ کیا گیا ہے

بحریہ یونیورسٹی کے پیٹرن کے مطابق تحقیق کی گئی ہے

مقالے میں اختلاف رائے کے آداب کو ملحوظ رکھا گیا ہے

## مواد کا تجزیہ

معلومات کے حصول کیلئے بنیادی مصادر اور مراجع (قرآن وسنت) کی طرف رجوع کیا گیا ہے اور ان کے ضمن میں تفاسیر اور کتب احادیث کی شروحات سے بھی مدد لی گئی، البتہ بوقت ضرورت ثانوی مصادر سے بھی استفادہ کیا گیا ہے، نیز جدید ٹیکنالوجی (محدث ڈاٹ کام، مکتبہ کتاب وسنت، مکتبہ شاملہ، مکتبہ واقفیہ، مکتبہ جبریل، مکتبہ اہلسنت، اور دیگر ویب سائٹس) سے بھی استفادہ کیا گیا ہے۔ حاصل شدہ مواد کی جانچ پڑتال (غیر متعلقہ یا متکرر معلومات کا حذف) کرنے کے بعد اسے ترتیب دیا گیا ہے اور اسی ترتیب کے مطابق موضوع ھذا میں تحقیق کی گئی اور نتائج اور مقاصد کا استخراج کیا گیا ہے۔

## تحدید

اس مقالہ میں صرف دعوت دین میں غیر مسلموں کے ساتھ مفاہمت وعدم مفاہمت کی صورتوں کو زیر بحث لایا گیا ہے اور مقالے میں صرف "دعوت دین" کے مقدمات کو ذکر کیا گیا ہے۔ زیر نظر مقالہ نہ تو فقہی تحقیق ہے اور نہ ہی کوئی ترجیحی مطالعہ ہے اس لیے اس میں طویل دلائل اور مختلف آراء کا احاطہ نہیں کیا گیا ہے۔

## فہرست عناوین


**باب اول: دعوت و مفاہمت کا مفہوم اور دعوت دین کی اہمیت ........ 1**
**فصل اول: دعوت اور مفاہمت کا مفہوم ........ 1**
دعوت کا لغوی معنی اور اصطلاحی تعریف: ........ 1
مفاہمت کا مفہوم ........ 5
**فصل دوم: دعوت دین کی اہمیت و فضیلت ........ 8**
قرآن مجید کی روشنی میں دعوت کی اہمیت: ........ 8
احادیث کی روشنی میں دعوت کی اہمیت: ........ 10
**فصل سوم: داعی کے اوصاف ........ 13**
اخلاص:۔ ........ 13
علم شرعی: ........ 14
رقتِ قلبی: ........ 15
استقامت: ........ 16
صبر و بردباری: ........ 16
عفو و درگزر: ........ 17
حسن اخلاق:۔ ........ 18
سامعین کی علمی استعداد کا لحاظ: ........ 19
نبی رحمت ﷺ کا اسلوب اصلاح: ........ 19
**باب دوم: عقائد اور عبادات ........ 21**
**فصل اول: عقائد میں عدم مفاہمت کی صورتیں: ........ 21**
توحید باری تعالیٰ میں عدم مفاہمت: ........ 21
زعماء مکہ کی نبی رحمت ﷺ کو پیشکش: ........ 23

**دعوت سے روکنے کیلئے خاندانی اثرورسوخ کا استعمال:** ........ 24

**آخری ایام میں قریش کی پیشکش:** ........ 26

**وفد ثقیف کی "لات" کے حوالے سے رعایت طلب کرنا:** ........ 27

شاہ حبشہ کو سجدہ کرنے سے گریز: ........ 27

قریش مکہ کے سفارتی وفد کی سازش ........ 28

**وفد نجران کے ساتھ مکالمہ:** ........ 29

**عقیدہ رسالت کے معاملے میں عدم مفاہمت:** ........ 32

**وفد بنو عامر بن صعصعہ کی آمد:** ........ 32

**وفد بنی حنفیہ:** ........ 32

**اسود عنسی کا دعوئے نبوت:** ........ 33

**فصل دوم: عبادات میں مفاہمت کی صورتیں ........ 35**

**عبادت کا لغوی معنی:** ........ 35

**زکوۃ کی ادائیگی میں نرمی:** ........ 35

**وفد بنو ثقیف کے مطالبات:** ........ 36

**جہاد میں مفاہمت:** ........ 38

**دعوت دین میں اصول تدریج:** ........ 40

**لوگوں کی طبیعتوں کا لحاظ کرنا:** ........ 42

مناسب وقت کا انتخاب: ........ 43

**دعوت دین کو خفیہ رکھنا:** ........ 44

**عبادات کو مخفی رکھنا:** ........ 45

دارارقم کی دعوتی سرگرمیاں: ........ 49

غیر مسلموں کو مسجد میں داخل ہونے کی اجازت دینا: ........ 51

عبداللہ بن ابی کی ہلاکت اور نبی رحمت کی حکمت: ........ 53

**باب سوم: معاملات میں مفاہمت ........ 56**

**فصل اول: سماجی معاملات میں مفاہمت ........ 56**

مختلف اقوام میں سلام کارواج: ........ 56

غیر مسلموں کو سلام: ........ 57

غیر مسلموں کو سلام کرنے میں پہل کرنا: ........ 59

یہودیوں کی سلام میں تحریف: ........ 60

نبی رحمت ﷺ کا مشترکہ مجلس کو سلام: ........ 64

علماء کی آراء اور حالات حاضرہ: ........ 65

غیر مسلموں کو تحفے تحائف دینا: ........ 66

غیر مسلموں سے تحائف لینے کی ممانعت ........ 68

غیر مسلم کو مذہبی تہوار میں تحفہ دینا: ........ 69

غیر مسلموں کا استقبال اور مہمان نوازی: ........ 70

غیر مسلموں پڑوسیوں سے حسن سلوک: ........ 73

غیر مسلم رشتہ داروں سے حسن سلوک: ........ 74

غیر مسلموں کے ساتھ میل جول: ........ 74

غیر مسلموں کی عیادت: ........ 76

**فصل دوم: سیاسی معاملات میں مفاہمت ........ 79**

دعوت دین میں غیر مسلموں سے مدد ........ 79

صحابہ کرام کا حبشہ کی طرف ہجرت ........ 79
حبشہ سے واپسی پر غیر مسلموں کے ہاں پناہ لینا: ........ 80
نبی رحمت کا سفر طائف: ........ 82
سفر ہجرت میں غیر مسلم سے رہبری ........ 84
قبیلہ بنو عامر سے مدد طلب کرنا: ........ 84
قبیلہ بنو شیبان کو دعوت: ........ 85
اشاعت دین کیلئے غیر مسلموں کیساتھ معاہدات: ........ 87
یثاق مدینہ ........ 87
معاہدہ قبیلہ جہینہ: ........ 88
معاہدہ بنو ضمرہ: ........ 89
صلح حدیبیہ: ........ 89
معاہدہ نجران: ........ 92
عامر بن طفیل کی سودا بازی کی کوشش: ........ 93
تالیف قلبی: ........ 95
نتائج البحث ........ 100
سفارشات ........ 101
قرآنی آیات کی فہرست ........ 102
احادیث رسول کی فہرست ........ 104
فہرست اعلام ........ 108
فہرست اماکن ........ 108
مصادر و مراجع ........ 109

# باب اول: دعوت و مفاہمت کا مفہوم اور دعوت دین کی اہمیت

## فصل اول: دعوت اور مفاہمت کا مفہوم

### دعوت کا لغوی معنی اور اصطلاحی تعریف:

لفظ دعوت باب "دعا یدعوا" سے مصدر ہے اور اس کا لغوی معنی: "دعا الرجل دعوا ودعاء: "ناداه"۔ والاسم الدعوة "ودعوت فلانا ای صحت بہ واستدعیتہ[1] "اس کا مطلب ہوا "کسی کو آواز دینا یا پکارنا" اور یہ مشتق ہے (دع و) سے اور "داع "اسی سے مشتق ہے جس کی جمع "دعاۃ" ہے۔

### ابن منظور افریقی فرماتے ہیں:

" والدعاۃ قوم یدعون الی بیعۃ ھدی اوضللۃ،واحدھم داع ورجل داعیۃ اذا کان یدعوالناس الی بدعۃ اودین والنبی ﷺ داعی اللہ تعالی،وکذالک المؤذن[2]".

"داعیوں سے مراد ایسی قوم جو لوگوں کو اچھائی یا برائی کی طرف بلاتی ہے، اس کا واحد "داع" ہے اور داعی سے مراد وہ آدمی جو دین یا بدعت کی طرف لوگوں کو دعوت دیتا ہے اور رسول بھی اللہ کی طرف بلاتا ہے اور اذان دینے والا بھی"۔

دعوت کا لغوی معنی کسی اعلی، بلند اور شاندار کام کی جانب بلانا ہے اس کی تین صورتیں ہیں: لفظ دعوت اگر بفتح الدال ہو تو اس کے معنی ہونگے "مہمانی کے لئے دعوت دینا اور اگر بضم الدال ہو تو اس کا معنی ہوگا "جنگ کیلئے بلانا اور اگر بکسر الدال ہو تو معنی ہو گا نسب کا دعوی کرنا[3]۔

### علامہ زمخشری لکھتے ہیں:

''دعاہ الی الولیمۃ ودعاہ الی القتال ودعاہ اللہ لہ وعلیہ والنبی داعی الی اللہ وھم دعاۃ الحق[4] "۔

### علامہ راغب اصفہانی فرماتے ہیں:

"والدعاء الی الشیئ ،ای الحث علی قدرہ[5] "دعوت سے مراد کسی چیز کو حاصل کرنے کی طرف رغبت دلانا ہے۔

---

1 :افریقی، محمد بن مکرم۔ لسان العرب (قم ایران: مطبع نشر ادب الجوزۃ 1405ھ) ج4، ص258

2 :ایضا

3: لسان لعرب۔ ج4، ص260

4: زمخشری، محمد بن عمر۔ اساس البلاغۃ (بیروت، دار الکتب العلمیہ، 1998) ص288

5: اصفہانی، حسین بن محمد۔ المفردات فی غریب القرآن (بیروت، المکتبۃ العصریہ 2006) ص187

### آدم عبد اللہ الالوری کے مطابق دعوت کا لغوی معنی:

'دعوۃ"''الدعوۃ لغۃ الصیحۃ والنداء'والدعایۃ مرادفۃ للدعوۃ''حیث وردت فی رسائل النبی ﷺ الی الملوک فی قولہ ''ادعوک بدعایۃالاسلام اسلم تسلم'' یہاں "دعایۃ" بمعنی "دعوۃ" ہے جیسا کہ اس عبارت میں یہی معنی مراد ہے''ادعوک بدعایۃ الاسلام ای ودعوتہ وھی کلمۃ الشھادۃ التی یدعی الیھا اھل الملل الکافرۃ[1]۔

### قرآن میں لفظ دعوت کا استعمال:

قرآن مجید میں لفظ "دعوت" ایک محتاط اندازے کے مطابق دو سو آٹھ (208) مرتبہ مختلف صورتوں اور صیغوں کے ساتھ کئی معنی میں استعمال ہوا ہے جیسے بلانا، عبادت کرنا، مدد کرنا، مانگنا، تبلیغ کرنا، اور دعا کرنا شامل ہیں[2]۔

لفظ دعوت قرآن مجید میں چوالیس (44) مقامات میں اللہ تعالی اور دین اسلام کی طرف بلانے کے لیے مستعمل ہے[3]۔

### علامہ عبد العزیز فرماتے ہیں:

قرآن مجید میں لفظ "دعوت" لغوی طور پر سات (7) معنی میں استعمال ہوا ہے جو مندرجہ ذیل ہیں[4]۔

القول، العبادۃ، ،النداء، الاستغاثۃ، الاستفہام ، ،السؤال ، العذاب۔

مذکورہ بالا تفصیل سے معلوم ہوا کہ لفظ دعوت کے لغوی معنی بلانا، پکارنا اور دعا کرنا ہیں اور اسکا مفہوم، لوگوں کو اسلام کی طرف دعوت دینا ہے۔ آیات قرآنی، احادیث نبوی اور کتب لغت کی روشنی میں دعوت کا لغوی معنی اس طرح متعین کیا جاسکتا ہے:

"دین اسلام کو لوگوں کے سامنے حکمت و بصیرت کیساتھ اس انداز میں پیش کرنا کہ وہ اسے دونوں جہانوں کی کامیابی و کامرانی کی کنجی سمجھ کر قبول کرلیں" اور مقالہ ھذا میں یہی معنی مراد ہے۔

---

[1] آدم عبد اللہ الآلوری، عبد الباقی، تاریخ الدعوۃ الی اللہ بین الامس والیوم، (القاہرہ، الطبعۃ الاول 1399) ص 18

[2] محمد فواد، عبد الباقی، المعجم المفھرس لالفاظ القرآن الکریم (گجرات، مرکز اھل السنۃ برکات رضا 2004) ص 497

[3] لسان العرب، ج 2، ص 265

[4] سید الاھل، عبد العزیز، قاموس القرآن (ادارہ العلم للملایین، بیروت۔ 1977) ص 173

## دعوت کی اصطلاحی تعریف:

صرف انظارالناس وعقولهم الى عقيدة تفيدهم او مصلحة تنفعهم[1] ۔

لوگوں کے قلوب واذہان کو ایسے عقیدے کی طرف مبذول کرنا جو ان کے لیے نفع بخش ہو۔

## ڈاکٹر احمد غلوش[2] کے نزدیک دعوت کا مفہوم:

دعوت کا اصطلاحی مفہوم دو معنی میں مستعمل ہے: (1) تبلیغ واشاعت (2) الدین

مثال کے طور پر جب کسی شخص کے متعلق کہا جائے "هذا من رجال الدعوة" تو یہاں لفظ دعوت بمعنی تبلیغ کے ہوگا اور اس سے مراد وہ آدمی ہوگا جو اسلام کی تبلیغ کرتا ہے اور جب "اتبعوا دعوة الله" بولا جائے تو یہاں لفظ دعوت بمعنی دین کے ہوگا، معنی یہ ہوگا کہ دین اسلام کی پیروی کرو۔

دعوت کی تعریف جب دعوت بمعنی تبلیغ واشاعت کے ہو:

"العلم الذى تعرف كافة المحاولات الفنية المتعددة الرامية الى تبليغ الناس الاسلام بما حوى من عقيدة و شريعة واخلاق [3] ۔

ترجمہ "ایسا علم جس کے ذریعے مسلسل کئے جانے والی کاوشوں کے بارے میں پہچان ہوتی ہے اور اسکا مقصد لوگوں کو صحیح عقیدہ، شریعت اور اخلاق کی تعلیم دینا"۔

**جب دعوت بمعنی دین ہو۔**

"الدعوة الاسلامية هى الدين ارتضاه الله للعالمين وانزل تعاليمه وحيا على رسول الله حفظهافى القرآن الكريم وبينها فى السنوية النبوية[4]"

"دعوت اسلامیہ وہ دین ہے جسے اللہ نے اہل دنیا کے لیے منتخب کیا ہے بذریعہ وحی، اس کی روشن تعلیمات رسول اللہ پر نازل فرمائی، قرآن کریم میں انہیں محفوظ فرمایا اور بواسطہ سنت ان کی تشریح فرمائی۔

---

[1] تاریخ الدعوۃ الی اللہ بین الامس والیوم، ص18

[2] نام، محمد طاہر بن محمد بن عاشور ہے۔ تیونس کے رہنے والے، جامعہ "زیتونہ" کے گریجویٹ تھے اور وہی تعلیمی خدمات انجام دی، مالکی مسلک کے تھے۔ 1932 میں شیخ الاسلام کا لقب دیا گیا۔

[3] ڈاکٹر، احمد غلوش، الدعوۃ الاسلامیۃ اصولھا ووسائلھا، (القاہرہ: مطبع نہضۃ مصدر، 1399ھ) ص12

[4] ڈاکٹر، صالح الدین، دعوت الی اللہ کے عناصر اور شرعی حیثیت، عبدالولی خان یونیورسٹی، ج2، شمارہ نمبر 1، 2014

## شیخ علی محفوظ کے نزدیک دعوت کا مفہوم:

"الدعوۃ من الدعاء الی الشی بمعنی الحث علی قصدہ وفی العرف حث الناس علی الخیر والامر بالمعروف والنھی عن المنکر لیفوزوا سعادۃ العاجل والاجل[1]۔

دعوت دعا سے ہے، کسی چیز کی طرف ابھارنا، عرف میں دعوت نام ہے نیکی کی طرف بلانے اور برائی سے روکنے کا تاکہ دنیاو آخرت کی کامیابی ملے۔

## بقول امام رازی کے دعوت دین کا مفہوم:۔

امام رازی فرماتے ہیں کہ دعوت دینا جنس ہے اس کی دو قسمیں ہیں امر بالمعروف اور نہی عن المنکر گویا لوگوں کو دین اسلام کی طرف بلانا دعوت کہلاتا ہے چاہیے وہ تحریر، تقریر یا اللہ تعالی کی راہ میں خرچ کرنے کی صورت میں ہو، اللہ تعالی کی وحدانیت کی طرف بلانا اوراور شرک سے روکنا دعوت دین کی بنیاد ہے[2]۔

مذکورہ بالا تعریفات سے واضح ہوتا ہے کہ دعوت کا لغوی معنی لوگوں کو بلانا، آواز دینا، کسی کام کی طرف ابھارنا ہے اور عمومی طور پر اس سے مراد دین اسلام کی طرف بلانا ہوتا ہے اور صرف دین اسلام کی طرف بلانا نہیں بلکہ بلاتے وقت ایسا طریقہ اختیار کرنا ہے جس سے مدعو اس کی طرف راغب ہو اور تسلیم کرلے کہ دنیاو آخرت کی کامیابی اسی میں ہے اور دل وجان سے اسے قبول کرے۔

---

[1] شیخ، علی محفوظ۔ ھدایۃ المرشدین (مصر، دارالاعتصام) ص14

[2] رازی، محمد بن عبداللہ۔ التفسیر الکبیر۔ (بیروت، دار صادر) ج3، ص20

# مفاہمت کا مفہوم

## مفاہمت کے لغوی معنی اور اصطلاحی مفہوم:

"مفاہمت" باہم کسی معاملے پر سمجھوتا کرنا، معاملہ طے پانا، افہام و تفہیم کے ساتھ کسی معاملے کو حل کرنا، کسی معاملے میں نرمی برتنا" جیسے معانی میں استعمال ہوتا ہے۔ جیسا کہ "اردو ادب تاریخی اصولوں پر" میں موجود ایک عبارت سے ظاہر ہوتا ہے "ظاہر تھا کہ مفاہمت کی شکل صرف اس وقت ممکن تھی کہ قرضداروں کے ساتھ رعایت کی جائے[1] "۔ تاریخ یونان قدیم میں موجود اس عبارت سے واضح ہوتا ہے کہ مفاہمت سے مراد کسی چیز میں رعایت دینا یا نرمی کرنا ہے اور اور اسکی مختلف وجوہات اور مقاصد ہوسکتے ہیں مذکورہ مقالہ میں بھی مفاہمت افہام و تفہیم اور رعایت و مصلحت کے معنی میں استعمال کیا گیا ہے۔

اسی طرح مفاہمت "سمجھوتہ کرنے" کے معنی و مفہوم میں بھی استعمال ہوتا ہے اس پر 19 اگست 1998 میں کراچی سے چھپنے والے ایک اخبار "قومی زبان" میں مستعمل یہ جملہ دلیل ہے "وہ زندگی میں حالات سے مفاہمت کا عادی نہیں تھا[2]"۔

مفاہمت کیلئے بہت سے محاورے استعمال ہوتے ہیں:

**مفاہمت پسند:۔**

معاملے کو سمجھنے والا، معاملہ طے کرنے والا، افہام و تفہیم کو پسند کرنا، معاملہ سلجھانے کی روش، اعتدال پسند، مذکورہ بالا معنی کو مد نظر رکھا جائے تو مفاہمت کا معنی بنتا ہے کسی معاملے کو دوراندیشی سے سمجھنا اور بغیر کسی نزع کے خوش اسلوبی کے ساتھ اپنا ہدف حاصل کرنا۔ ایک مثال جس میں مذکورہ بالا معنی کا استعمال ملتا ہے۔ "ہالینڈ کے اس رویے نے مفاہمت پسند افریقیوں کو بھی دل برداشتہ کردیا[3]۔

مطلب یہ ہے کہ ہالینڈ کے سخت رویے نے ان افریقیوں کو بھی دلبرداشتہ کیا جو افہام و تفہیم کے قائل ہیں۔

**مفاہمانہ** ۔ یہ لفظ بھی مفاہمت، افہام و تفہیم والا، افہام و تفہیم کے ساتھ، جیسے مفہوم میں استعمال ہوتا ہے اس حوالے سے یوں مثال دی جاسکتی ہے کہ، مرزا غالب کا دیگر شعراء اور ادیبوں کے ساتھ سماجی اور انتظامی واسطہ رہا اس واسطے ادب اور تہذیب کیلئے سرپرستانہ رویے کے بجائے ایک مفاہمانہ جستجو ملتی تھی[4]۔

---

[1] اردو لغت تاریخی اصولوں پر۔ اردو لغت بورڈ کراچی۔ (کراچی، محیط اردو پریس 2002ء) ج3، ص397

[2] ایضا

[3] اردو دائرہ معارف اسلامیہ۔ (لاہور، دانش گاہ پنجاب 1978) ج3، ص383

[4] اردو لغت تاریخی اصولوں پر، ج18، ص397

**مفاہمت کاراستہ اختیار کرنا:۔**

افہام و تفہیم کاراستہ اختیار کرنا:۔ مثال "ہم نے حالات کا جائزہ لیتے ہوئے مفاہمت کاراستہ اختیار کیا"۔

**مفاہمت پرست:۔**

موقع سے فائدہ اٹھانے والا، موقع کی تاک میں رہنے والا۔ یہاں ایک ایسا شخص مراد ہے جو ذاتی مفاد کو ترجیح دے رہا ہے وہ کسی معالے کو خوش اسلوبی سے حل کرنے کے بجائے ایسے مواقع کے انتظار میں ہوتا ہے جس کو وہ بطور ہتھیار استعمال کر کے اپنے ذاتی مفادات حاصل کر سکے جیسے اس مثال سے اس کی وضاحت ہو گی "ہم آج مجرمانہ حد تک ایک بالکل انوکھی مفاہمت پرست صورت حال میں اسیر ہیں"[1]۔عبارت سے یہ واضح ہوتا ہے یہاں مفاہمت جرم ہے۔

**مفاہمت کا معنی انگریزی لغت میں:**

انگریزی میں ''Agreement ,Rapprochement, Reconciliation, Understanding'' مفاہمت کے مشہور تراجم ہیں۔

مفاہمت کیلئے انگریزی میں (Reconciliation) کا لفظ استعمال ہوتا ہے یعنی دو افراد یا گروہوں کا کسی اختلاف کے بعد دوبارہ دوستانہ عمل کا قیام اور اسکے مترادفات مندرجہ ذیل ہیں۔

Reconciliation: A situation in which two people or groups of people become friendly again after they have argued[2].

مندرجہ ذیل الفاظ (Reconciliation) کے مترادف کے طور پر استعمال ہوتے ہیں

1.Accord 2. Harmony 3. agreement 4. rapprochement 5. Compromise 6. Settlement.

1۔اتفاق کرنا۔2۔ہم آہنگی۔3۔معاہدہ۔4۔میل جول۔5 سمجھوتہ۔۔6تصفیہ

جب دعوت میں مفاہمت کی بات کرتے ہیں تو ان سے مراد یہی تصفیہ، میل جول اور اعتدال مراد ہوتا ہے کہ ہم دعوت دین میں غیر مسلموں کے ساتھ دینی مصلحت کی خاطر کس حد تک مفاہمت (میل جول، نرمی) اختیار کر سکتے ہیں۔

---

[1] اردو لغت تاریخی اصولوں پر، ج18، ص398

[2] http://dictionary.cambridge.org/dictionary/english/reconcilation

مفاہمت کیلئے انگریزی میں (rapprochement) کا لفظ بھی استعمال ہوتا ہے جس سے مراد ایک ایسی صورتحال جس میں دو مخالف گروہوں ،افراد کے درمیان دشمنی کے بعد دوستانہ تعلق ہو۔

مفاہمت کا ایک معنی (understanding) ہے جیسے جملہ بولا جاتا ہے کہ ہم جنگ کے بجائے مفاہمت سے اپنے مسائل حل کر سکتے ہیں یا سلجھا سکتے ہیں"[1]۔

اردو زبان سے انگریزی میں ترجمہ کرتے وقت مفاہمت کا درست معنی (understanding) ہے اسکے علاوہ اور بھی معنی ہے جیسے اتفاق رائے، اتفاق فکر لیکن اسکا انگریزی زبان میں ترجمہ کرتے وقت مناسب معنی (understanding) "افہام و تفہیم" بنتا ہے[2]۔

مفاہمت کیلئے (compromise) کا لفظ بھی بولا جاتا ہے جیسے

The politics of compromise is the favourite Phrase of every politician [3]

لفظ مفاہمت ایک کثیر المعنی لفظ ہے جس میں، افہام و تفہیم، اعتدال پسندی، سمجھوتہ کرنا، موقع پرستی، ہم آہنگی، رعایت یا نرمی، میل جول اور ہم آہنگی شامل ہیں۔ مقالہ ھذا میں "مفاہمت" افہام و تفہیم، دوراندیشی، رعایت و نرمی، اعتدال پسندی اور ہم آہنگی کے مفاہیم میں استعمال ہو گا جو سب مترادفات کے طور پر استعمال ہوتے ہیں۔

---

[1] https://www.thefreedictionary.com

[2] http://www.urdupoint.com/dictionary/urdutoenglish./mafahamatmeaningh

[3] ایضا

## فصل دوم: دعوت دین کی اہمیت و فضیلت

اللہ تعالیٰ نے نبی رحمت ﷺ کو خاتم النبیین بنا کر دنیا میں مبعوث فرمایا اور آپ ﷺ کے بعد دعوت دین کی ذمہ داری امت محمدیہ کو عطاء کی کیونکہ اصلاح انسانیت کا معتبر ذریعہ دعوت ہی ہے ۔ حکمت خداوندی کا تقاضہ ہے کہ کافروں کو اصل فطرت اور ایمان کی طرف واپس لایا جائے اور ان کے سامنے دین اسلام کو واضح طور پر بیان کیا جائے، اس لئے کہ اسلام ایک دعوتی دین ہے اور اسلام کی بقاء کا راز بھی دعوت میں مضمر ہے ۔

### قرآن مجید کی روشنی میں دعوت کی اہمیت:

امت مسلمہ "امت دعوت" ہے اس امت کو کو باقی امتوں کا سردار بنانے کا سبب قوی یہی دعوت ہی ہے: فرمان باری تعالیٰ ہے:

"كُنْتُمْ خَيْرَ أُمَّةٍ أُخْرِجَتْ لِلنَّاسِ تَأْمُرُونَ بِالْمَعْرُوفِ وَتَنْهَوْنَ عَنِ الْمُنْكَر"[1]

"تم بہترین امت ہو جو پیدا کی گئی ہے لوگوں (کی ہدایت و بھلائی) کیلئے، تم لوگوں کو اچھائی کی طرف بلاتے ہو اور بدی سے روکتے ہو"

قرآن کریم میں ایک اور مقام پر اللہ تعالیٰ نے ارشاد فرمایا:

"وَكَذَلِكَ جَعَلْنَاكُمْ أُمَّةً وَسَطًا لِتَكُونُوا شُهَدَاءَ عَلَى النَّاسِ وَيَكُونَ الرَّسُولُ عَلَيْكُمْ شَهِيدًا"[2].

ترجمہ "اور اسی طرح ہم نے بنادیا تمھیں (اے مسلمانو!) بہترین امت بنایا تاکہ تم لوگوں پر گواہ بنو اور رسول تم پر گواہ ہو"

### شیخ ابن عاشور فرماتے ہیں:

آیت مقدسہ میں لفظ "الناس" میں عموم ہے جو تمام لوگوں کو شامل ہے اور گواہی دونوں جہانوں کے لئے ہے ۔ دنیا میں لوگوں پر گواہی دینے سے مراد یہ ہے کہ ہم انہیں اسلام کی دعوت دیں تاکہ یہ (دعوت) نبی رحمت ﷺ کے انہیں دعوت دینے کے قائم مقام ہو جائے اور اس (امت) کے مؤمنوں سے اعراض کرنے والوں کے خلاف گواہی پوری ہو جائے[3]"

### دعوت امت محمدیہ کی اجتماعی ذمہ داری:

دعوت دین امت مسلمہ کی انفرادی اور اجتماعی ذمہ داری ہے اور اللہ تعالیٰ نے دعوت کا کام کرنے والی جماعت کے ساتھ کامیابی کا وعدہ کیا ہے

ارشاد باری تعالیٰ ہے:

---

[1] آل عمران:110

2 البقرۃ:143

[3] ابن عاشور، محمد طاہر۔ تفسیر التحریر والتنویر۔(بیروت: دار ابن حزم،1984)ج2،ص20

" وَلْتَكُنْ مِنْكُمْ أُمَّةٌ يَدْعُونَ إِلَى الْخَيْرِ وَيَأْمُرُونَ بِالْمَعْرُوفِ وَيَنْهَوْنَ عَنِ الْمُنْكَرِ وَأُولَئِكَ هُمُ الْمُفْلِحُونَ"[1]

"اور ضرور تم میں سے ایک جماعت ایسی ہونی چاہیے جو اچھائی کی طرف بلائے اور برائی سے منع کرے اور یہی لوگ کامیاب ہیں"

دعوت دین کی اہمیت کو بیان کرنے کیلئے نبی رحمت ﷺ کے فریضہ دعوت کو قرآن میں یوں بیان کیا گیا، فرمان باری تعالی ہے:

يَا أَيُّهَا الرَّسُولُ بَلِّغْ مَا أُنْزِلَ إِلَيْكَ مِنْ رَبِّكَ وَإِنْ لَمْ تَفْعَلْ فَمَا بَلَّغْتَ رِسَالَتَهُ[2]۔

"اے نبی! پہنچا دیجئے جو نازل کیا گیا ہے آپ پر آپ کے رب کی طرف سے اگر آپ نے ایسا نہیں کیا تو (مطلب) آپ نے نہیں پہنچایا اللہ کا پیغام"۔

اس آیت میں اللہ تعالی نے اپنے پیغمبر سے اس انداز میں خطاب کیا کہ اگر آپ نے تبلیغ دین نہیں کی تو گویا آپ نے اپنی ذمہ داری کو ادا ہی نہیں کیا یہ پیغام پوری امت کیلئے ہے کہ وہ دعوت دین کے معاملے میں کوئی کوتاہی نہ کرے اور دعوتِ دین کو عصری تقاضوں اور ضرورتوں کے مطابق ادا کرے تاکہ امت صراط مستقیم پر قائم رہے۔

**دعوت دین انبیاء کا راستہ:**

دعوت دین نوع انسانی میں سے سب سے برگزیدہ اور معزز ہستیوں یعنی انبیاء و رسل کا راستہ ہے اور اللہ تعالی نے امام الانبیاء ﷺ کو حکم دیا کہ آپ دعوت کو اپنا اور اپنے ماننے والوں کا مشن قرار دیں ارشاد باری تعالی ہے:

"قُلْ هَذِهِ سَبِيلِي أَدْعُو إِلَى اللَّهِ عَلَى بَصِيرَةٍ أَنَا وَمَنِ اتَّبَعَنِي"[3]۔

اس آیت میں دعوت دین کو نبی رحمت ﷺ اور آپ کے ماننے والوں کا مشن قرار دیا گیا ہے۔

**اللہ تعالی کی مدد:**

اللہ تعالی نے امت محمدیہ کی نصرت و تائید کو اسی حیثیت کیساتھ مربوط فرمادیا ہے ارشاد باری تعالی ہے:

يَا أَيُّهَا الَّذِينَ آمَنُوا إِنْ تَنْصُرُوا اللَّهَ يَنْصُرْكُمْ وَيُثَبِّتْ أَقْدَامَكُمْ[4]

"اے ایمان والو! اگر تم اللہ تعالی کی مدد کروگے (دین اسلام کی) تو وہ تمھاری مدد فرمائے گا اور تمھیں ثابت قدم رکھے گا"۔

---

[1] آل عمران:104

[2] المائدہ:67

[3] یوسف:108

[4] محمد:7

آج امت زوال کا شکار ہے جس کی وجہ یہ ہے کہ اس نے اپنی اصل حیثیت (امت دعوت ہونے) کو فراموش کر دیا ہے۔

### دعوت دین عمل ربانی ہے:

خالق کائنات نے اپنے بندوں کو حصول جنت کی دعوت دی ہے ارشاد باری تعالی ہے:

وَاللَّهُ يَدْعُو إِلَى دَارِ السَّلَامِ وَيَهْدِي مَنْ يَشَاءُ إِلَى صِرَاطٍ مُسْتَقِيمٍ[1]

"اور اللہ بلاتا ہے امن و سلامتی والے گھر کی طرف اور وہ ہدایت دیتا ہے جسے چاہتا ہے صراط مستقیم کی طرف"۔

### بہترین قول:

داعی کا قول بہترین قول ہے ارشاد باری تعالی ہے:

"وَمَنْ أَحْسَنُ قَوْلًا مِمَّنْ دَعَا إِلَى اللَّهِ وَعَمِلَ صَالِحًا وَقَالَ إِنَّنِي مِنَ الْمُسْلِمِينَ"[2]

"اور اس آدمی کے قول سے زیادہ اچھا قول کس کا ہو گا جس نے لوگوں کو اللہ کی طرف بلایا اور نیک اعمال کئے اور کہا بیشک میں مسلمانوں میں سے ہوں۔

### احادیث کی روشنی میں دعوت کی اہمیت:

دعوت دین کی فضیلت اور ضرورت کے حوالے سے نبی رحمت ﷺ نے فرمایا دعوت ہر مسلمان کی ذمہ داری ہے فرمان نبوی ﷺ ہے:

"أَلَا كُلُّكُمْ رَاعٍ وَكُلُّكُمْ مَسْئُولٌ عَنْ رَعِيَّتِهِ"[3]

"خبر دار' تم میں سے ہر ایک نگہبان ہے اور ہر ایک سے اس کی رعیت کے بارے میں سوال کیا جائیگا"۔

نبی اکرم ﷺ نے خطبہ حجۃ الوداع کے موقع پر دعوت کو ہر اس فرد کی ذمہ داری قرار دیا جس تک دین اسلام پہنچا۔ نبی رحمت ﷺ نے فرمایا:

"أَلَا هَلْ بَلَّغْتُ ، قَالُوا : نَعَمْ ، قَالَ : اللَّهُمَّ اشْهَدْ فَلْيُبَلِّغْ الشَّاهِدُ الْغَائِبَ فَرُبَّ مُبَلَّغٍ أَوْعَى مِنْ سَامِعٍ"[4]

---

[1] یونس:25

[2] حم السجدہ:33

[3] ابو داؤد، سلیمان بن اشعث۔ سنن ابی داود (پشاور، : مکتبہ حقانیہ) کتاب الخراج والامارۃ والفیء۔ باب مایلزم الامام من حق الرعیۃ۔ رقم الحدیث 2928

[4] بخاری، محمد بن اسماعیل۔ صحیح بخاری (کوئٹہ : داراحسان 1419ھ) کتاب الحج، باب الخطبۃ آیام منی، رقم الحدیث 1741

"کیا میں نے تم تک اللہ کا پیغام پہنچا دیا ہے؟ سب نے کہا ہاں، تو آپ ﷺ نے عرض کی "اے اللہ! تو ان پر گواہ ہو جا، پھر آپ ﷺ نے فرمایا جو موجود ہیں وہ ان لوگوں تک یہ پیغام پہنچا دیں جو حاضر نہیں ہیں کیونکہ بسا اوقات وہ لوگ زیادہ یاد رکھنے والے ہوتے ہیں بنسبت ان لوگوں کے جو پہنچانے والے ہیں"۔

### دعوت کا اجر و ثواب:

نبی رحمت ﷺ نے ارشاد فرمایا:

عَنْ أَبِي هُرَيْرَةَ أَنَّ رَسُولَ اللَّهِ صَلَّى اللَّهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ قَالَ "مَنْ دَعَا إِلَى هُدًى كَانَ لَهُ مِنَ الْأَجْرِ مِثْلُ أُجُورِ مَنْ تَبِعَهُ لَا يَنْقُصُ ذَلِكَ مِنْ أُجُورِهِمْ شَيْئًا"[1]

"حضرت ابو ہریرہ رضی اللہ عنہ سے روایت ہے کہ نبی رحمت ﷺ نے فرمایا" جس نے دوسروں کو ہدایت کی طرف بلایا اس کو بھی اس راستے پر چلنے والوں کی مثل ثواب ملے گا اور ان کے ثواب میں کمی بھی نہیں آئے گی۔

### نبی رحمت ﷺ کی دعا:

داعی دین کے بارے میں اللہ کے نبی ﷺ نے فرمایا "اللہ تعالی شاد و آباد رکھے ایسے آدمی کو جو ہم سے کوئی بات سنتا ہے پھر اسے آگے پہنچاتا ہے جس طرح اس نے مجھ سے سنی تھی[2]"۔ حدیث مبارکہ میں نبی رحمت ﷺ نے داعی دین کو سرسبز و شاداب رہنے کی دعا دی ہے جس سے داعی کی عظمت واضح ہوتی ہے۔ جنگ خیبر کے موقع پر نبی رحمت نے حضرت علی المرتضی کو جھنڈا دیتے ہوئے فرمایا تھا:

"انْفُذْ عَلَى رِسْلِكَ حَتَّى تَنْزِلَ بِسَاحَتِهِمْ ثُمَّ ادْعُهُمْ إِلَى الْإِسْلَامِ وَأَخْبِرْهُمْ بِمَا يَجِبُ عَلَيْهِمْ مِنْ حَقِّ اللَّهِ فِيهِ، فَوَاللَّهِ لَأَنْ يَهْدِيَ اللَّهُ بِكَ رَجُلًا وَاحِدًا خَيْرٌ لَكَ مِنْ أَنْ يَكُونَ لَكَ حُمْرُ النَّعَمِ "[3]

"سیدھے جاؤ یہاں تک کہ ان کے صحن میں پہنچ جاؤ پھر انھیں اسلام کی دعوت دینا اور اسلام کے مطابق ان کو جو اللہ تعالی کے حقوق ہیں ان سے انہیں آگاہ کرنا اللہ تعالی کی قسم اگر تمھاری دعوت سے اللہ تعالی ایک شخص کو بھی ہدایت عطا کرے تو یہ تمھارے لیے سرخ رنگ کے اونٹوں سے بہتر ہے"۔

---

[1] مسلم، مسلم بن حجاج۔ صحیح مسلم، (کوئٹہ مکتبہ دار احسان 1930ء) کتاب العلم، باب من سن سنة حسنة آو سیئة، رقم الحدیث:6804

[2] سنن ابو داود، کتاب العلم، باب فضل نشر العلم۔ رقم الحدیث۔3660

[3] صحیح بخاری، کتاب فضائل الصحابة، باب مناقب علی بن ابی طالب۔ رقم الحدیث 3701

### ترک دعوت پر وعید:

جہاں دعوت کی اہمیت و فضیلت اور داعی کے مقام پر پر بے شمار حدیثیں موجود ہیں وہیں پر اس عظیم الشان ذمہ داری کے ترک کرنے پر اللہ کے نبی ﷺ نے سخت وعیدیں بیان کی ہیں:

### فرمان نبوی ﷺ ہے:

عَنْ حُذَيْفَةَ بْنِ الْيَمَانِ، عَنِ النَّبِيِّ صَلَّى اللَّهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ قَالَ: " وَالَّذِي نَفْسِي بِيَدِهِ لَتَأْمُرُنَّ بِالْمَعْرُوفِ، وَلَتَنْهَوُنَّ عَنِ الْمُنْكَرِ، أَوْ لَيُوشِكَنَّ اللَّهُ أَنْ يَبْعَثَ عَلَيْكُمْ عِقَابًا مِنْهُ، ثُمَّ تَدْعُونَهُ فَلَا يُسْتَجَابُ لَكُمْ "[1]

"حضرت حزیفہ بن یمان فرماتے ہیں آپ ﷺ نے فرمایا: قسم ہے اس ذات کی جس کے ہاتھ میں میری جان ہے تم ضرور نیکی کا کام کرتے رہو اور برائی سے روکتے رہو ورنہ تم پر ایسا عذاب آئے گا پھر تم اللہ سے دعا کروگے وہ تمھاری دعا بھی نہیں سنے گا"۔

### اللہ تعالی کی ناراضگی کا سبب:

ترک دعوت پر سخت وعید حدیث میں وارد ہوئی ہے نبی رحمت ﷺ نے فرمایا:

كَلّا واللهِ لَتَأْمُرُنَّ بالمَعْروفِ، ولَتَنْهَوُنَّ عن المُنكَرِ، "أو لَيَضرِبَنَّ اللهُ بقُلوبِ بعضِكم على بعضٍ، ثُمَّ لَيَلعَنَنَّكم كما لَعَنَهم.[2]

"نبی اکرم ﷺ نے فرمایا: ہرگز نہیں، اللہ کی قسم یا تو تم ضرور بالضرور امر بالمعروف اور نہی عن المنکر کروگے یا ضرور اللہ تمھارے دل ایک دوسرے پر مارے گا پھر تم سب پر اپنی لعنت اتارے گا جیسے بنی اسرئیل پر اتاری۔

اسلام ایک عالمگیر مذہب ہے جو کسی خاص وقت یا خاص علاقے تک محدود نہیں بلکہ قیامت تک آنے والے تمام انسانوں کیلئے اللہ نے دستور بنا کر بھیجا ہے لہذا اب امت مسلمہ کو دعوت میں انبیاء کے نائبین قرار دیا گیا ہے اور یہ اس امت کی ذمہ داری اور شرعی فریضہ ہے کہ اسلام کی تعلیمات کو پوری دنیا تک پہنچائے تاکہ پورے عالم میں دین اسلام کا بول بالا ہو۔

---

[1] ترمذی، محمد بن عیسی، سنن ترمذی۔(لاہور، نعمانی کتب خانہ 2012ء) کتاب الفتن عن رسول اللہ، باب ماجاء فی الامر بالمعروف والنھی عن المنکر۔ رقم الحدیث 2169

[2] سنن ابو داود، رقم الحدیث 4337

## فصل سوم: داعی کے اوصاف

کسی بھی کام کے کچھ آداب اور اصول ہوتے ہیں جن کالحاظ رکھے بغیر اس کام کے خاطر خواہ اور مثبت نتائج کی توقع نہیں کی جاسکتی۔ دعوت دین ایک عظیم الشان عمل ہے اس کے بھی کچھ آداب اور شرائط ہیں۔ داعی، دعوت دین کی بنیاد ہے۔ وہ دنیا کے سب سے مقدس گروہ انبیاء علیہم السلام کا نائب ہے۔ اللہ تعالی نے رسالت کی ذمہ داری کیلئے اپنے ان بندوں کا انتخاب فرمایا جو اخلاق و کردار میں سب سے اعلی و افضل اور فہم و فراست میں سب سے برتر تھے۔ انبیائے کرام کا اسلوب دعوت نہایت دلنشین اور متاثر کن تھا اور ان کی شخصیت عملی نمونہ تھی۔ جس کی ایک جھلک ہمیں نبی رحمت ﷺ کے اس واقعہ میں نظر آتی ہے جب آپ نے دعوت دین کے آغاز کے موقع پر قریش مکہ کو "کوہ صفا" پر بلایا اور اپنی سابقہ زندگی کے بارے میں پوچھا تو سب نے جواب دیا "مَا جَرَّبْنَا عَلَيْكَ إِلَّا صِدْقًا [1]" کہ ہم نے آپ کو ہمیشہ سچا ہی پایا ہے۔

لہذا داعی کو چاہیے کہ وہ دعوت میں ان شرائط ولوازمات کالحاظ رکھے جو شرائط شریعت کی طرف سے متعین ہیں جب تک داعی دعوت کے آداب و شرائط کالحاظ نہیں کرتا تو دعوت ثمر آور اور نتیجہ خیز ثابت نہیں ہوسکتی اگرچہ اس پر کتنی ہی محنت کی جائے بلکہ داعی کو ناکامی اور مایوسی کا سامنا کرنا پڑتا ہے۔ داعی جس قدر اچھی خوبیوں کا مالک ہوگا، اسکی دعوت اتنی ہی زیادہ مؤثر ہوگی۔ ذیل میں داعی کے اوصاف کا ذکر کیا جاتا ہے:

### اخلاص:۔

داعی کیلئے اخلاص پہلی شرط ہے کیونکہ اخلاص دین اسلام کی بنیاد ہے۔ اخلاص کا مطلب ہے کہ تمام معاملات میں رب کی رضا مقصود ہو، اور ہر قسم کی نمود و نمائش سے پاک ہو اس لیے داعی کو چاہیے کہ وہ اپنے اعمال، اقوال اور وعظ و نصیحت کے اندر صرف اور صرف اللہ تعالی کی خوشنودی کو مد نظر رکھے۔

ارشاد باری تعالی ہے: " أَلَا لِلَّهِ الدِّينُ الْخَالِصُ [2]"

"خبردار! دین خالص صرف اللہ کیلئے ہے"۔

### تقوٰی:۔

دعوت دین میں داعی کیلئے تقوی اتنا ہی ضروری ہے جتنا جسم کیلئے روح ضروری ہے اگر داعی کا عمل تقوی سے خالی ہو پھر اس کا وہ عمل قبولیت سے محروم ہو جاتا ہے ارشاد باری تعالی ہے: إِنَّمَا يَتَقَبَّلُ اللَّهُ مِنَ الْمُتَّقِينَ [3]"

"اللہ صرف متقی لوگوں کے (عمل) کو قبول کرتا ہے"۔

---

[1] صحیح بخاری، کتاب تفسیر القرآن، باب وانذر عشیرتک الاقربین۔ رقم الحدیث: 4770

[2] الزمر: 3

[3] المائدہ: 27

تقوی کی وجہ سے اللہ تعالی داعی کو ایسی بصیرت عطاء کرتا ہے جس کے ذریعے داعی حق وباطل میں تمیز کرلیتاہے۔داعی کے باعمل ہونے سے مدعوین پر گہرااثر پڑتا ہے جبکہ اسکے بے عمل ہونے کی صورت میں داعی کے جھوٹے ہونے کا خیال آتا ہے۔ارشاد باری تعالی ہے:

"يَا أَيُّهَا الَّذِينَ آمَنُوا قُوا أَنْفُسَكُمْ وَأَهْلِيكُمْ نَارًا [1]"

"اے ایمان والو!اپنے نفسوں کو اور اپنے گھر والوں کو آگ سے بچاؤ"۔

تعلیمات قرآن اور احادیث نبوی سے یہی ثابت ہوتا ہے کہ پہلے اپنی اصلاح کی جائے پھر دوسروں کو تبلیغ کی جائے۔جیسا کہ فرمان باری تعالی ہے:

يَا أَيُّهَا الَّذِينَ آمَنُوا لِمَ تَقُولُونَ مَا لَا تَفْعَلُونَ[2]

"اے ایمان والو تم وہ بات کیوں کہتے ہو جو تم نہیں کرتے"۔

اللہ کے ہاں یہ ناپسندیدہ عمل ہے کہ انسان ایسی بات کرے جس پر وہ خود عمل نہیں کرتا۔ایک بے عمل داعی کی دعوت سے وہ نتائج حاصل نہیں ہوتے جو ایک باعمل داعی کی دعوت سے حاصل ہوتے ہیں لہذا داعی کو چاہیے کہ اس کے قول وفعل میں تضاد نہ ہو اور زمانے کی اصلاح کرتے ہوئے اپنے عمل کو نہ بھولے بلکہ وہ دوسروں کیلئے مشعل راہ ہو،اگرچہ داعی کے لئے خود عامل ہونا کوئی وجوبی امر نہیں بلکہ یہ ایک مستحسن امر ہے جس کے اثرات دعوت کے نتائج پر مرتب ہوتے ہیں۔

## علم شرعی:

علم کے بغیر دعوت دینا گناہ ہے ارشاد باری تعالی ہے:

وَمِنَ النَّاسِ مَنْ يُجَادِلُ فِي اللَّهِ بِغَيْرِ عِلْمٍ وَيَتَّبِعُ كُلَّ شَيْطَانٍ مَرِيدٍ[3]۔

"لوگوں میں سے کچھ ایسے ہوتے ہیں جو اللہ تعالی کے بارے میں جھگڑتے ہیں علم کے بغیر اور وہ پیروی کرتے ہیں سرکش شیطان کی"۔

داعی کیلئے تمام علوم کا ماہر ہونا ضروری نہیں بلکہ یہاں علم سے مراد علم شرعی ہے یعنی بنیادی عقائد،عبادات اور حلال وحرام کا علم ہے۔

---

[1] التحریم:6

[2] الصف:2

[3] الحج:3

### ابن تیمیہ کا قول:

امام ابن تیمیہ فرماتے ہیں کہ داعی میں تین خوبیوں کا ہونا ضروری ہے ایک تو وہ عالم ہو، صابر ہو اور رقیق القلب ہو، دعوت دینے سے پہلے علم، دوران دعوت نرمی اور دعوت کے بعد صبر داعی کیلئے ضروری ہے[1]۔

### مضمون دعوت کو اچھی طرح تیار کرنا:۔

داعی کیلئے ضروری ہے کہ وہ جس چیز کی طرف دعوت دے رہا ہے اسکو اچھی طرح سمجھتا ہو جیسے قرآن مجید میں دعوت دین کے اصولوں کو بیان کرتے ہوئے اللہ تعالی نے فرمایا:

"قُلْ هَذِهِ سَبِيلِي أَدْعُو إِلَى اللَّهِ عَلَى بَصِيرَةٍ أَنَا وَمَنِ اتَّبَعَنِي[2]"

"آپ فرمادیجئے کہ یہ میر اراستہ ہے، میں بلاتاہوں اللہ کی طرف واضح دلیل کے ساتھ اور وہ جو میری پیروی کرتے ہیں"۔

بصیرت سے مراد انسان میں ایساملکہ ہے جس میں صرف معلومات نہیں بلکہ فہم وفراست، اور گہرا ادراک بھی شامل ہے[3]۔

### رقتِ قلبی:

داعی کیلئے ضروری ہے کہ وہ نرم دل ہو اور لوگوں کیلئے نرم رویہ رکھتا ہو جیسا کہ ارشاد نبوی ہے:

"إِنَّ الرِّفْقَ لَا يَكُونُ فِي شَيْءٍ إِلَّا زَانَهُ وَلَا يُنْزَعُ مِنْ شَيْءٍ إِلَّا شَانَهُ[4]"

"بیشک نرمی جس چیز میں بھی ہوتی ہے اس کو زینت بخش دیتی ہے اور جس چیز سے بھی نرمی نکال دی جاتی ہے اسے بدصورت کر دیتی ہے"۔

نبی رحمت ﷺ نے دعوت دین میں سخت لہجہ اور غصہ سے منع کیا ہے کیونکہ اس وجہ سے لوگ متنفر ہوتے ہیں۔ آپ ﷺ کے ساتھ کفار قریش اور دیگر غیر مسلم انتہائی بداخلاقی سے پیش آتے تھے لیکن آپ ﷺ نے ہمیشہ نرمی اختیار فرمائی۔

نبی رحمت ﷺ کا فرمان ہے: "مَنْ يُحْرَمُ الرِّفْقَ، يُحْرَمُ الْخَيْرَ كُلَّهُ[5]"۔

"وہ آدمی جو رفق کی صفت سے محروم ہوا گویا وہ ہر خیر سے محروم ہو گیا"

---

[1] ابن تیمیہ، احمد بن عبد العلیم، المجموع فتاوی۔ (مصر، دار ابن حزم 2022) ج11، ص397

[2] یوسف:108

[3] لسان العرب، ص،405

[4] صحیح مسلم، کتاب البر والصلۃ والاداب، باب فضل الرفق۔ رقم الحدیث 6602

[5] سنن ابی داود، کتاب الآداب۔ باب البر والصلہ، باب فضل الرفق، رقم الحدیث 4809

اللہ تعالیٰ نے حضرت موسیٰ علیہ السلام کو فرعون جیسے ظالم شخص کو بھی نرمی سے دعوت دینے کا حکم دیا۔ ارشاد باری تعالیٰ ہے:

"فَقُولا لَهُ قَوْلاً لَّيِّنًا لَّعَلَّهُ يَتَذَكَّرُ أَوْ يَخْشَى"[1]

"پس تم اسے نرمی سے سمجھاؤ تاکہ وہ نصیحت حاصل کرلے یا ڈر جائے"۔

اللہ تعالیٰ نرمی کو پسند کرتا ہے، حضرت عائشہ فرماتی ہیں کہ نبی رحمت ﷺ نے فرمایا:

"أَنَّ رَسُولَ اللَّهِ صَلَّى اللَّهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ قَالَ يَا عَائِشَةُ إِنَّ اللَّهَ رَفِيقٌ يُحِبُّ الرِّفْقَ وَيُعْطِي عَلَى الرِّفْقِ مَا لَا يُعْطِي عَلَى الْعُنْفِ وَمَا لَا يُعْطِي عَلَى مَا سِوَاهُ"[2]۔

"اے عائشہ! اللہ تعالیٰ رفیق ہے اور نرمی کو پسند کرتا ہے اور رقت قلبی پر وہ کچھ عطاء کرتا ہے وہ کسی دوسرے طریقے پر عطاء نہیں کرتا۔

احادیث سے ثابت ہوتا ہے کہ انسان نرمی کیساتھ جو نتائج حاصل کر سکتا ہے وہ سختی سے کبھی حاصل نہیں کر سکتا اور داعیان اسلام کیلئے ضروری ہے کہ آیات ربانی اور نبی رحمت ﷺ کے فرامین کے مطابق دعوت دین کی ذمہ داری پوری کریں۔

**استقامت:**

داعی دین کیلئے ضروری ہے کہ وہ دعوتی مشن میں ثابت قدم رہے اور مشکلات کو برداشت کرے اور اپنے مشن کو جاری رکھے جیسا کہ انبیاء کرام علیہم السلام نے تکالیف کو خندہ پیشانی سے برداشت کیا اور تبلیغ اسلام کے عمل کو ترک نہیں کیا جس کی ایک عظیم مثال شعب ابی طالب کی صورت میں موجود ہے۔ نبوت کے ساتویں سال قریش مکہ نے مسلمانوں کا سوشل بائیکاٹ کیا تو خاندان بنو ہاشم نے شعب ابی طالب میں پناہ لی اور تین سال تک یہاں پناہ گزین رہے اور ظلم و جبر کے وہ پہاڑ برداشت کیے جس کی کوئی مثال نہیں ملتی۔ بھوک کو مٹانے کیلئے درختوں کے پتے اور چمڑے کھائے گئے۔ حضرت عتبہ بن غزوان فرماتے ہیں کہ ہمیں ہفتوں کھانے کیلئے کچھ نہیں ملتا اور درختوں کے پتے کھا کر ہمارے منہ چھل جاتے تھے[3]۔

**صبر وبردباری:**

دعوت میں صبر و تحمل بہت ضروری ہے جسطرح بصیرت دعوت کیلئے نور ہے اسطرح صبر اس کی زاد راہ ہے ارشاد باری تعالیٰ ہے:

---

[1] طہ:44

[2] صحیح مسلم، کتاب الآداب والبر، والصلۃ، باب فضل الرفق۔ رقم الحدیث 6601

[3] صحیح مسلم، کتاب الزہد والرقاق، رقم الحدیث 2967

" فَاصْبِرْ كَمَا صَبَرَأُولُواالْعَزْمِ مِنَ الرُّسُلِ"[1]

"تم بھی اسی طرح صبر کرو جس طرح اولوالعزم رسولوں نے صبر کیا"۔

نبی رحمت ﷺ نے فرمایا:

وَما أُعْطِيَ أَحَدٌ عَطَاءً خَيْرًا وَأَوْسَعَ مِنَ الصَّبْرِ "[2]

"صبر سے زیادہ اعلی اور وسیع انعام کسی کو نہیں ملا"۔

لہذا وارثان انبیاء علیہم السلام کو بھی چاہیئے کہ وہ دعوت دین میں صبر کا دامن ہاتھ سے نہ چھوڑیں اور نبی رحمت ﷺ کی سیرت طیبہ کو اپنائیں۔

**عفو ودر گزر:**

صبر کرنا در حقیقت عفو در گزر کا لازمی جزء ہے ان دونوں خوبیوں کا دعوت دین کی کامیابی میں بڑا اہم کردار ہے میدان دعوت میں تکالیف کا پہنچنا روز اول سے جاری ہے اور تکلیف دینے والے سے انتقام لینا انسانی فطرت میں شامل ہے ایسی صورتحال میں مدعوین داعی سے دور ہو جاتے ہیں اور دعوت کا عمل رک جاتا ہے اسلئے داعی کیلئے یہ حکم ہے کہ وہ عفو در گزر سے کام لے تا کہ لوگوں کے دل ہر قسم کی کدورت سے پاک ہو اور وہ یکسو ہو کر داعی کے پیغام کی طرف متوجہ ہو سکے۔ تمام انبیاء کرام اور ہمارے پیارے نبی ﷺ کو کتنی تکالیف دی گئیں لیکن سب نے صبر کیا اور عفو در گزر کو اپنا شعار بنایا۔ سرزمین طائف میں آپ ﷺ کو لہولہان کرنے والوں کو نبی رحمت ﷺ نے نہ صرف معاف کیا بلکہ ان کیلئے ہدایت کی دعا بھی کی اور فتح مکہ کے موقع پر ان لوگوں کیلئے عام معافی کا اعلان کر کے عفو در گزر کی عظیم مثال قائم کی جنہوں نے آپ ﷺ کو اپنے ملک سے ہجرت کرنے پر مجبور کیا لہذا داعی کیلئے ضروری ہے کہ وہ دعوت دین میں نبی رحمت ﷺ کی سیرت کو اسوہ حسنہ بناتے ہوئے عفو در گزر سے کام لے۔

**لوگوں کیساتھ فراخ دلی سے پیش آنا:**

حضرت انس رضی اللہ عنہ روایت کرتے ہیں کہ نبی رحمت ﷺ اتنے فراخ دل اور عاجز تھے کہ ایک لونڈی آپ کا دست مبارک پکڑ کر اپنے کام کیلئے لے جایا کرتی تھی[3]۔ حافظ ابن حجر فرماتے ہیں یہاں ہاتھ پکڑنے سے مراد نرمی ہے۔

حضرت انس فرماتے ہیں کی نبی رحمت ﷺ بچوں سے بھی دل لگی کی باتیں کرتے تھے ایک مرتبہ میرے گھر تشریف لائے تو میرے چھوٹے بھائی ابو عمیر کی دلجوئی کرتے ہوئے فرمایا:

---

[1] الاحقاف:35

[2] صحیح بخاری، کتاب الزکاۃ، باب الاستعفاف عن المسألۃ، رقم الحدیث 1469

[3] صحیح بخاری۔ کتاب الادب، باب الکبر۔ رقم الحدیث 6072

"يَا أَبَا عُمَيْرٍ مَا فَعَلَ النُّغَيْرُ[1]"

"اے ابو عمیر تمھاری بلبل کو کیا ہو گیا"۔

نبی رحمت ﷺ کا کیا خوبصورت اور پر لطف اسلوب تھا جو تکلفات سے پاک، اخلاص و محبت پر مبنی تھا۔ آج بھی داعی کیلئے نبی رحمت کے دعوتی اسلوب کو اپنانے کی ضرورت ہے تاکہ داعیان اسلام اور لوگوں کے درمیان جو خلیج پیدا ہوئی ہے وہ ختم ہو جائے اور دعوت دین عام ہو جائے۔

**حسن اخلاق:۔**

اچھے اخلاق کو پسند کرنا انسانی فطرت میں ہے اور بد اخلاق شخص سے دور رہنا بھی انسانی مزاج میں شامل ہے۔ اخلاق حسنہ سے متصف داعی لوگوں کو اپنی خوبیوں سے متاثر کرتا ہے اور انہیں اپنا گرویدہ بنالیتا ہے۔ حضرت ابو درداء رضی اللہ عنہ فرماتے ہیں کہ نبی رحمت ﷺ نے فرمایا:

مَا شَيْءٌ أَثْقَلُ فِي مِيزَانِ الْمُؤْمِنِ يَوْمَ الْقِيَامَةِ مِنْ خُلُقٍ حَسَنٍ، وَإِنَّ اللَّهَ لَيُبْغِضُ الْفَاحِشَ الْبَذِيءَ[2]

"بروز قیامت آدمی کے ترازو میں اچھے اخلاق سے بڑھ کر وزنی اور کوئی عمل نہیں ہو گا اور بے شک اللہ تعالی بدزبان آدمی کو پسند نہیں کرتا"۔

**لوگوں کی انفرادی مزاج کالحاظ کرنا:**

داعی کو چاہیے کہ وہ لوگوں کی انفرادی طبیعتوں کو بھی مد نظر رکھے کیونکہ سب لوگ ایک مزاج کے نہیں ہوتے نبی رحمت ﷺ ہمیشہ مخاطب کی طبیعت کے مطابق کلام فرماتے جیسا کہ حضرت ابوذر غفاری رضی اللہ عنہ کو نصیحت کرتے ہوئے فرمایا:

"اے! ابوذر تم منصب اور عہدہ کو مت قبول کرنا تم کمزور آدمی ہو اور یہ ایک امانت ہے[3]۔

حضرت خالد بن ولید کو ان کی صلاحیتوں کی بدولت کبار صحابہ کی موجودگی میں انہیں قائد بنایا۔ آپ ﷺ نے حضرت زید بن ثابت کو سریانی زبان سیکھنے کا کہا جبکہ دوسری طرف ایک سائل نے آپکی خدمت میں حاضر ہو کر اپنی کند ذہنی کا اظہار کیا اور کہا مجھے کچھ یاد نہیں ہوتا میں نماز میں کیسے قراءت کروں؟ نبی رحمت ﷺ نے فرمایا:"سبحان الله ،الحمد لله،لا اله الا الله ، الله اكبر اور لاحول ولا قوة الا بالله پڑھ لیا کرو"[4]۔

---

[1] صحیح بخاری، کتاب الادب، باب الانبساط الی الناس۔ رقم الحدیث 6129

[2] سنن ترمذی، کتاب البر والصلۃ، باب ماجاء فی حسن الخلق، رقم الحدیث 2002

[3] صحیح مسلم، کتاب الامرۃ، باب کراہۃ الامارۃ بغیر ضرورۃ، رقم الحدیث 4719

[4] حلبی، علی بن برہان الدین۔ سیرت حلبیہ مترجم، اسلم قاسمی (کراچی، دارالاشاعت 199ء) ج 2، ص 233

### سامعین کی علمی استعداد کالحاظ:

داعی کیلئے ضروری ہے کہ وہ مدعوین کی علمی استعداد کو ملحوظ نظر رکھے، پیچیدہ اور ادق کلام سے اجتناب کرے، اگر عام آدمی کو سمجھانا ہے تو سادہ لفظوں میں بیان کرے۔ نبی رحمت ﷺ ہمیشہ سامع کی علمی کیفیت کا خیال رکھتے داعی کیلئے ضروری ہے کہ وہ لوگوں کی ذہنی صلاحیتوں کے مطابق گفتگو کرے جیسے حضرت عبداللہ بن مسعود رضی اللہ عنہ سے مروی ہے آپ ﷺ نے فرمایا:

مَا أَنْتَ بِمُحَدِّثٍ قَوْمًا حَدِيثًا لَا تَبْلُغُهُ عُقُولُهُمْ إِلَّا كَانَ لِبَعْضِهِمْ فِتْنَةً[1]

"اگر تم لوگوں کی صلاحیتوں سے بڑھ کر ایسی باتیں کروگے جو ان کی عقلوں میں نہ آئے تو پھر ان میں سے بعض فتنے کا شکار ہو جائیں گے"۔

### حضرت علی رضی اللہ عنہ نے فرمایا:

"حَدِّثُوا النَّاسَ بِمَا يَعْرِفُونَ أَتُحِبُّونَ أَنْ يُكَذَّبَ، اللَّهُ وَرَسُولُه"[2]

"لوگوں سے ان کی کی ذہنی صلاحیتوں کے مطابق بات کرو۔ کیا تم اس بات کو پسند کروگے کہ لوگ اللہ تعالی اور اسکے رسول کو جھٹلائیں"۔

### مدعو کی ضروریات کالحاظ رکھنا:

داعی کیلئے ضروری ہے کہ وہ سامع کی ضروریات کو مد نظر رکھے تاکہ سامع کی رغبت دین کی طرف بڑھ جائے جیسا کہ نبی رحمت ﷺ کا فرمان ہے

"أَيُّهَا النَّاسُ إِنَّكُمْ مُنَفِّرُونَ فَمَنْ صَلَّى بِالنَّاسِ فَلْيُخَفِّفْ ، فَإِنَّ فِيهِمُ الْمَرِيضَ وَالضَّعِيفَ وَذَا الْحَاجَةِ"[3]

"اے لوگوں! تم لوگوں کو متنفر کرنے والے ہو جو شخص نماز پڑھائے وہ تخفیف کرئے کیونکہ نماز میں مریض، کمزور اور مزدور بھی ہوتے ہیں"۔

نبی رحمت ﷺ کتنے شفیق و مہربان ہیں کہ دوران نماز بھی لوگوں کی ضروریات اور حاجات کالحاظ کرتے ہیں اس لئے داعی دین کو بھی چاہیے کہ وہ لوگوں کی ضروریات کا خیال رکھے۔

### نبی رحمت ﷺ کا اسلوب اصلاح:

ایک مرتبہ نبی رحمت ﷺ کے پاس ایک نوجوان حاضر ہوا اور آپ ﷺ سے زنا کی اجازت مانگی تو لوگوں کو تعجب ہوا اور اس کے فعل پر ناراضگی کا اظہار کرتے ہوئے اس کو مجلس سے باہر نکالنا چاہا، تو نبی رحمت ﷺ نے اس شخص کو حکم ارشاد فرمایا قریب ہو جاؤ جب اس نوجوان نے حکم کی تابعداری کی تو نبی ﷺ نے فرمایا جس چیز کی تو اجازت مانگ رہا ہے کیا تم اپنی ماں کیلئے اس کو پسند کرتا ہے ؟ تو اس نے جواب دیا "اللہ کی قسم کبھی بھی

---

[1] صحیح مسلم۔ مقدمہ، باب النھی عن الحدیث بکل ما سمع۔ رقم الحدیث:14

[2] صحیح البخاری، کتاب العلم، باب من خص بالعلم قوما دون قوم کراھیۃ ان لایفھموا۔ رقم الحدیث:127

[3] صحیح بخاری۔ کتاب العلم، باب الغضب فی الموعظۃ والتعلیم اذا رآی مایکرہ۔ رقم الحدیث:90

نہیں" نبی رحمت ﷺ نے فرمایا کہ لوگ بھی اپنی ماں کیلیئے اس کو پسند نہیں کرتے پھر آپ ﷺ نے بہن، بیٹی، پھوپھی، خالہ کے بارے میں پوچھا تو اس نے ایک ہی جواب دیا: "یارسول اللہ میں آپ پر قربان جاؤ، میں کبھی بھی یہ پسند نہیں کروں گا تو" نبی رحمت نے فرمایا "لوگ بھی اس بات کو کبھی پسند نہیں کرتے ہیں" پھر نبی آپ ﷺ نے اس نوجوان کیلیئے دعا فرمائی: اَللّٰھُمَّ اغْفِرْ ذَنْبَهُ وَطَهِّرْ قَلْبَهُ وَحَصِّنْ فَرْجَهُ[1]۔

ایک نوجوان کھلے عام نبی رحمت ﷺ سے زنا کی اجازت مانگ رہاہے مگر نبی رحمت ﷺ سمجھ گئے تھے کہ یہ نوجوان شہوت کے غلبے کی وجہ سے ایسی بات کر رہاہے، اور اس کے مومن ہونے کا یقین بھی تھا تب تو وہ اجازت مانگ رہا تھا اس لیئے اللہ کے نبی ﷺ نے اس کے اس فعل پر ناراضگی یا غصہ کا اظہار نہیں کیا بلکہ نبی رحمت ﷺ نے اس کو اپنے قریب بلایا، اور اصلاح کا ایسا اسلوب اپنایا کہ وہ ہمیشہ کیلیئے تائب ہو گیا اور اسکی زندگی ہی بدل گئی ایک داعی کیلیئے نبی رحمت کا یہ اسلوب مشعل راہ ہے۔

دعوت دین میں داعی کو چاہیے کہ وہ انسانی نفسیات کا خیال رکھے اور وہ تمام طور طریقے استعمال کرے جو اشاعت اسلام کے لئے مدد و معاون ہوں جیسے مدعو کے دل میں محبت پیدا کرنے کیلیئے اسکے ساتھ خیر خواہی اور ہمدردی کا مظاہرہ کرنا، معاشی امداد کرنا اور مشکل حالات میں کام آنا شامل ہے اس سے مدعو کے دل میں داعی کیلیئے محبت پیدا ہوتی ہے لہذا آج بھی داعی دین کو چاہیے کہ دعوت میں اس اسلوب کا خصوصی خیال رکھے۔

داعی دین کیلیئے ضروری ہے کہ وہ اچھے کردار کا مالک ہو، حکمت و موعظت کے اصولوں سے واقف ہو، اخلاص، علم، تقوی، صبر و تحمل، بردباری، عفو درگزر جیسی صفات سے مزین ہو، اور اپنی پر تاثیر شخصیت کے ذریعے مدعو پر ایسے اثر انداز ہو کہ وہ اسکی دعوت پر لبیک کہتے ہوئے اسلام قبول کرے۔

[1] حنبل، احمد بن محمد۔ مسند احمد بن حنبل، (الطبعۃ، بیت الافکار الدولیۃ)۔ نسخۃ الرابع، ج2۔ ص 781

# باب دوم: عقائد اور عبادات

## فصل اول: عقائد میں عدم مفاہمت کی صورتیں:

شریعت اسلامیہ نے جس طرح مقاصد کا تعین کیا ہے اس طرح اس کے وسائل اور ذرائع کی نشاندہی بھی کی ہے اس لئے داعی دین کیلئے ضروری ہے کہ اللہ تعالی کے متعین کردہ مقصد تک رسائی حاصل کرنے کیلئے صرف وہی راہ اپنائے جو شریعت نے متعین فرمائی۔

### توحید باری تعالیٰ میں عدم مفاہمت:

توحید دین اسلام کے بنیادی عقائد میں سے سب سے اہم عقیدہ ہے۔ تمام اعمال صالحہ کی قبولیت کا ذریعہ اور آسمانی ادیان (یعنی مذاہب) کی بنیاد اسی عقیدہ توحید پر ہے۔ انبیاء کی بعثت اسی نظریہ توحید کی تبلیغ کے لیے ہوئی ہے اور اسی پر اسلامی عمارت کی بنیاد ہے کسی بھی انسان کو اسلام میں داخل ہونے کیلئے سب سے پہلے توحید کا اقرار کرنا ہوتا ہے۔

کسی دنیاوی غرض کی صورت میں دعوت دین میں توحید کے حوالے سے کوئی مفاہمت اختیار نہیں کی جاسکتی جو توحید کی روح کے مخالف ہو اور توحید کے معاملے میں کسی قسم کی مصالحتی پیشکش نہ تو کی جاسکتی ہے اور نہ ہی قبول کی جاسکتی ہے۔

#### عتبہ بن ربیعہ کی نبی رحمت سے ملاقات:

جابر بن عبد اللہ انصاری سے روایت ہے کہ ایک دن قریش مکہ کے بعض سردار اکھٹے ہوئے اور آپس میں مشاورت کرکے یہ فیصلہ کیا کہ ہم میں سے وہ آدمی جو جادو، کہانت اور شعر کا جاننے والا ہے، محمد بن عبد اللہ کے پاس جائے اور ان سے پوچھے کہ آخر وہ کیا چاہتے ہیں؟ لوگوں نے اس کام کیلئے عتبہ بن ربیعہ کا نام تجویز کیا۔ چنانچہ سب نے کہا "ابو الولید "تم یہ کام کروگے اور عتبہ بن ربیعہ آپ ﷺ کے پاس چلا گیا۔ عتبہ بن ربیعہ نبی رحمت ﷺ کی بارگاہ میں حاضر ہوا اور یوں عرض گزار ہوا: " بھتیجے! قریش مکہ میں آپ کو جو مقام اور رتبہ حاصل ہے اور جس اعلی حسب ونسب کے تم مالک ہو اسے تم جانتے ہو لیکن آپ نے قوم کو بے چینی میں مبتلا کیا ہے اور ہمیں گمراہ اور بیوقوف ٹھہرایا ہے، ہمارے دین کو عیب دار کیا اور ہمارے اسلاف کو گمراہ قرار دیا ہے۔ میں کچھ سفارشات لیکر آیا ہوں۔ نبی رحمت ﷺ نے فرمایا ابو الولید! آپ اپنی تجاویز پیش کریں۔ اس نے کہا اگر آپ کا مقصود دعوت سے مال و دولت ہے تو ہم آپ کو مکے کا سب سے بڑا مالدار بناتے ہیں۔ اگر آپ بڑائی چاہتے ہو تو ہم آپ کو متفقہ سردار منتخب کرتے ہیں اور آپ کا مقصود حکمرانی ہے تو ہم آپ کو بادشاہ بنادیتے ہیں اور اگر آپ پر جنات کا کوئی عمل دخل ہے تو ہم بہترین معالج کے ذریعے آپ کا علاج کرواتے ہیں اور اگر شادی کرنا مقصود ہے تو ہم آپ کی پسند کی قریش کی دس عورتیں آپ کی زوجیت میں دے دیں گے [1]۔

---

[1] ابن کثیر، حافظ عمادالدین، " سیرت النبی" مترجم، ہدایت اللہ ندوی (لاہور، مکتبہ قدوسیہ 1992ء)، ج1، ص318

نبی رحمت ﷺ کا جواب:

جب عتبہ بن ربیعہ اپنی بات کر کے خاموش ہوا تو نبی رحمت ﷺ نے بڑے تحمل سے پوچھا اور کچھ کہنا چاہتے ہو تو کہو، تو ابو الولید نے کہا میں نے اپنی بات پوری کر لی ہے۔ اس کے بعد نبی رحمت ﷺ نے سورہ حم السجدہ کی ابتدائی آیات کی تلاوت کی جب نبی رحمت ﷺ سجدہ کے مقام پر پہنچے تو نبی اکرم ﷺ نے سجدہ کیا اور عتبہ خاموشی سے بیٹھا رہا سجدہ سے فارغ ہو کر حضور علیہ السلام نے فرمایا! اے ابو الولید بس یہی بات ہے جو تم نے سن لی ہے[1]۔

ایک روایت کے مطابق جب نبی رحمت ﷺ تلاوت کرتے ہوئے اس آیت تک پہنچے:

"فَإِنْ أَعْرَضُوا فَقُلْ أَنْذَرْتُكُمْ صَاعِقَةً مِثْلَ صَاعِقَةِ عَادٍ وَثَمُودَ"[2]

"پس اگر وہ روگردانی کریں تو تم فرماؤ کہ میں تمھیں ڈراتا ہوں اس کڑک سے جو عاد وثمود کی کڑک کی مانند (ہلاکت خیز) ہو گی"

تو عتبہ نے آپ ﷺ کے منہ پر ہاتھ رکھ دیا اور واسطہ دے کر کہا ایسی بات مت کہو اور پھر وہ نبی رحمت ﷺ کی مجلس خیر سے اٹھ کر واپس سرداران قریش کی مجلس میں آیا اور کہنے لگا کہ میں نے ایسا کلام اس سے پہلے کبھی نہیں سنا جو محمد ﷺ نے سنایا لہٰذا میرا مشورہ یہی ہے کہ تم محمد ﷺ کو اپنی حالت میں چھوڑو۔ اس کا پیغام پورے عرب میں پھیلے گا اگر اہل عرب اسکے مخالف ہوئے تو وہ خود اپنا معاملہ حل کریں گے اور اگر وہ اہل عرب پر غالب آ گیا تو اس کا ملک تمھارا ملک ہے اور اسکی عزت تمھاری عزت ہو گی اور یہ تمھارے لیے اچھا ہو گا، تو سرداران قریش کہنے لگے کہ ابو الولید پر بھی اس کے جادو کا اثر ہوا ہے تو عتبہ بن ربیعہ نے کہا کہ میں نے جو کہنا تھا کہ دیا اب تمھاری مرضی[3]۔

نبی رحمت نے ﷺ نے اپنے قول وفعل سے واضح کیا کہ ایسی کوئی حکمت عملی نہیں اپنائی جاسکتی ہے جو توحید کی راہ میں رکاوٹ ہو۔ اس لئے کہ اس چیز کا شمار حکمت کے ذیل میں ہو سکتا تھا کہ نبی رحمت ﷺ ان لوگوں کے ساتھ سرداری یا بادشاہت پر مصالحت کر لیتے اور دل میں یہ ارادہ کرتے کہ بادشاہی اور سرداری کی طاقت کو بعد میں دین اسلام کی اشاعت کیلئے استعمال کرونگا کیونکہ ایک حکمران کیلئے یہ آسان ہوتا ہے کہ وہ اثر و سوخ کے ذریعے اپنے نظریات کو رعایا میں نافذ کرے لیکن رحمت عالم ﷺ نے ایسے تمام احتمالات کو رد کر دیا اور آنے والے داعیان دین پر واضح کیا کہ کوئی طاقت اور اقتدار کے ذریعے اپنے نظریات لوگوں پر مسلط نہ کرے اور توحید کے معاملے میں کسی قسم کا سمجھوتہ نہیں کیا جاسکتا اور اس عظیم مقصد کے حصول کیلئے صرف وہی ذرائع اپنائے جائیں جو اللہ تعالی کے متعین کردہ ہیں۔

---

[1] ابن ہشام، عبد الملک بن ہشام۔ "سیرت ابن ہشام"۔ مترجم، یاسین علی حسنی (ادارہ اسلامیات، لاہور 1998ء) ج1، ص182

[2] فصلت:13

[3] سیرت ابن کثیر۔ ج2، ص320

## زعماء مکہ کی نبی رحمت ﷺ کو پیشکش:

جب کفار مکہ نے دیکھا کہ دین اسلام پھیلتا جارہا ہے تو کفار مکہ کے چیدہ، چیدہ لوگوں نے فیصلہ کیا کہ اس معاملے کو حل کرنے کیلئے نبی رحمت ﷺ سے گفت وشنید کا آغاز کیا جائے اور بحث کے ذریعے ان کو عاجز کیا جائے چنانچہ مکہ کے چند بڑے سرداروں کا ایک وفد نبی رحمت ﷺ کی بارگاہ میں حاضر ہوا اور متفقہ طور پر کہا کہ آپ نے ہمیں اتنی بڑی مشکل میں پھنسایا ہے جس کی کوئی مثال نہیں ملتی، ہمارے اسلاف کو گمراہ سمجھتے ہو، ہمارے معبودوں کی توہین کرتے ہو اور ہمارے اتحاد کو پارہ پارہ کر دیا ہے۔ اگر اس دعوت سے مقصد بادشاہی، مالداری، یا کسی حسین عورت سے شادی ہے تو ہم آپ کی ہر خواہش کی تکمیل کرینگے، اور اگر کوئی بیماری ہے تو اعلی طبیب سے آپ کا علاج کرواتے ہیں۔

نبی اکرم ﷺ نے فرمایا تم نے جتنی بھی باتیں کی ہیں ان کا حقیقت سے کوئی تعلق نہیں ہے۔ مجھے نہ دولت کی لالچ ہے، نہ سرداری کی خواہش، نہ کسی سے شادی کی حسرت، میں خدا کا رسول ہوں اس کا پیغام تم تک پہنچاتا ہوں اگر تم قبول کروگے تو دنیاوآخرت میں کامیاب ہو جاؤگے اور اگر قبول نہ کیا تو میں صبر کروں گا یہاں تک کہ اللہ تعالی فیصلہ فرمادیں لیکن دعوت کو کسی صورت ترک نہیں کروں گا[1]۔

## توحید کے معاملے میں قریش کی سودابازی کی کوشش:

قریش مکہ کو جب اس بات کا یقین ہوا کہ نبی رحمت ﷺ دعوت دین کو کسی بھی صورت میں ترک کرنے کیلئے تیار نہیں ہیں اور اس پر کوئی مفاہمت ممکن نہیں تو وہ ایک اور درخواست لیکر حاضر ہوئے اور کہا کہ ایک ایسی تجویز ہے جو آپ کیلئے بھی فائدہ مند ہے اور ہمارے لئے بھی فائدہ مند ہے، آپ ﷺ نے پوچھا ایسی کیا تجویز ہے تو کہنے لگے کہ آپ ہمارے معبودوں کو تسلیم کریں اور ہم آپ کے معبود کو مانتے ہیں اس طور پر کہ ہم ایک سال آپ کے رب کی عبادت کریں اور آپ ایک سال ہمارے خداؤں کی عبادت کریں اس پر خالق کائنات نے سورۃ الکافرون نازل فرمائی[2]۔

قریش مکہ کے چند سر کردہ رہنما ایک دن نبی رحمت ﷺ کے پاس حاضر ہوئے اور کہا "اے محمد ﷺ ہم چاہتے ہیں کہ ہم اور آپ سب خیر سے حصہ پائیں اسلئے ہماری یہ تجویز ہے کہ آپ ہمارے خداؤں کی اور ہم آپ کے معبود کی عبادت کریں اسلئے کہ جس کی تم عبادت کرتے ہو اس کی ہم بھی عبادت کرینگے اور اس سے جو بھلائی ہے اس سے ہمیں بھی حصہ ملے گا اور تم ہمارے دین پر عمل کرو تاکہ اس میں جو خیر کا حصہ ہے وہ آپ کو بھی ملے اس طرح ہم ہر طرف سے بھلائی حاصل کرینگے اس موقع پر اللہ وحدہ لاشریک نے سورۃ الکافرون نازل فرمائی[3]۔

---

[1] سرت ابن ہشام، ج1، ص184۔ سیرت ابن کثیر، ج1ص302

[2] سیرت حلبیہ، ج2، ص، 300 مودودی۔ سید ابوالاعلی "سیرت سرور عالم۔ جلد2، صفحہ 514

[3] قرطبی، احمد بن احمد "الجامع لاحکام القرآن" (قاہرہ، دارالحدیث، 2010) ج4، ص451

مذکوہ بالا روایات سے واضح ہوتا ہے کہ سرداران قریش نے ایک مرتبہ نہیں بلکہ کئی بار اس طرح کے حربے استعمال کیے تاکہ نبی رحمت ﷺ کو توحید کی دعوت سے روکا جائے اور یہ حربے وہ انفرادی اور اجتماعی دونوں طریقوں سے استعمال کرتے رہیں۔

دوسری اہم بات یہ تھی کہ وہ اپنے مؤقف پر لچک دکھا رہے تھے اور کچھ لو کچھ دو کے ضابطے پر عمل پیرا تھے اور بظاہر ہم آہنگی کو ظاہر کر رہے تھے ایسے موقع پر انتہائی ضروری تھا کہ ان کو ایسا دوٹوک جواب دیا جائے جس سے یہ بات ان پر روز روشن کی طرح عیاں ہو کہ نبی رحمت ﷺ توحید باری تعالی کے معاملے میں کوئی سمجھوتہ نہیں کرینگے۔

### دعوت دین کا امتیاز:

مذکورہ بالا واقعات سے دعوت دین اور اور دیگر انقلابی دعوتوں کے درمیان اغراض و مقاصد کا فرق کھل کر واضح ہوتا ہے اس لئے کہ نبی کریم ﷺ کی دعوت کا مقصد بادشاہی، سرداری کا حصول یا مال و دولت کمانا نہیں تھا بلکہ اللہ کا پیغام اس کے بندوں تک پہنچانا تھا۔ نبی رحمت ﷺ کا یہ اسلوب دعوت دشمنان اسلام کے تمام تنقیدی راستوں کو بند کرتا ہے۔

نبی رحمت ﷺ نے کفار قریش کی تمام چالوں اور پیشکشوں کو ٹھکرا دیا اور قیامت تک کے آنے والے داعیان دین کو یہ تعلیم دی کہ توحید باری تعالی میں لچک یا نرمی کا سوال ہی پیدا نہیں ہوتا اور مفاہمت کے نام پر کوئی سودا بازی نہیں ہو سکتی۔

### دعوت سے روکنے کیلئے خاندانی اثر ورسوخ کا استعمال:

نبی رحمت ﷺ کو دعوت دین سے روکنے کیلئے کفار کی دوسری تدبیر ابو طالب پر دباؤ ڈال کر ان کو نبی ﷺ کی حمایت سے دستبردار کروانا تھا تاکہ آپ ﷺ کو توحید کی دعوت سے روکیں اور اس حوالے سے قریش نے مختلف وفود نبی رحمت ﷺ کے پاس بھیجے۔

### کفار کا پہلا وفد ابو طالب کے پاس:

قریش مکہ نے دیکھا کہ ابو طالب نبی رحمت ﷺ کی حمایت کر رہے ہیں اور آپ کو دعوت دین سے نہیں روکتے جو انہیں سخت ناگوار ہے تو قریش کا ایک وفد نبی رحمت ﷺ کے پاس گیا جس میں عتبہ بن ربیعہ، شیبہ بن ربیعہ، ابو سفیان، ابو البختری، عاص بن ہشام اور اسود بن عبد المطلب، اور ابو جہل شامل تھے انہوں نے کہا اے ابو طالب آپ کے بھتیجے نے ہمارے معبودوں کو جھٹلایا، ہمارے دین کو گمراہی قرار دیا اور ہمارے آباؤاجداد کو گمراہ ٹھہرایا، اب یا تو آپ اسے ہماری دل آزاری سے روکیں، یا ہمارے اور اس کے درمیان سے ہٹ جائیں کیونکہ آپ خود بھی تو ہماری طرح اس کے لائے ہوئے دین کے خلاف ہیں پھر ہم اس کا مقابلہ کر لیں گے، ابو طالب نے ان کو بہت عمدہ جواب دیا اور پیار و محبت سے باتیں کیں اور وہ واپس چلے گئے [1]۔

---

[1] سیرت ابن کثیر، ج1، ص298، سیرت حلبیہ، ج2، ص255

## کفار قریش کا دوسرا وفد ابو طالب کے پاس:

جب نبی رحمت ﷺ نے دعوت کے مشن کو جاری رکھا اور قریش کے سرداروں سے صبر نہ ہو سکا تو وہ دوسرا وفد لے کر ابو طالب کے پاس گئے اور کہا کہ آپ ہمارے بزرگوں میں سے ہیں، بڑی شان و عظمت کے مالک ہیں، ہم نے آپ سے درخواست کی تھی کہ آپ اس کو منع کریں مگر آپ نے نہیں کیا۔ ہم اپنے بزرگوں کی برائیاں نہیں سن سکتے اور اپنے معبودوں کی توہین برداشت نہیں کر سکتے، لہذا دو ہی صورتیں ہیں یا تو آپ اپنے بھتیجے کو روکیں یا پھر ہمارے ساتھ مقابلہ کیلئے تیار ہو جائیں یہاں تک کہ فریقین میں سے کوئی ایک فریق فنا ہو جائے[1]۔

جب وفد قریش نے اپنے مطالبات پیش کیے اور اپنے خدشات کا اظہار کیا تو ابو طالب نے نبی رحمت صلی اللہ علیہ وسلم کو بلایا اور فرمایا:

" بھتیجے تمہاری قوم نے مجھ سے یہ مطالبات کیے ہیں لہذا تم مجھ پر اور اپنی ذات پر رحم کھایئے اور مجھ پر اتنا بوجھ نہ ڈالو کہ میں اسے اٹھا نہ سکوں"۔

ابو طالب کی بات سن کر نبی رحمت ﷺ یہ سمجھے کہ چچا ابو طالب کے لئے میری حمایت کرنا مشکل ہو گیا ہے اور وہ چاہتے ہیں کہ میں دعوت سے دستبردار ہو جاؤں، تب نبی ﷺ نے فرمایا" چچا جان! اگر یہ لوگ میرے دائیں ہاتھ پر سورج اور بائیں ہاتھ پر چاند رکھ دیں تو پھر بھی میں دعوت کا کام نہیں چھوڑوں گا یہاں تک کہ یا تو اللہ مجھے کامیابی عطاء فرمائے گا یا اس راہ میں قتل ہو جاؤں۔ نبی رحمت ﷺ رنجیدہ ہو کر جانے لگے تو ابو طالب نے آپ صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم کو پکارا، آپ ﷺ واپس آئے تو ابو طالب نے کہا" اپنا کام جاری رکھو اور جو کرنا چاہتے ہو کرو، اللہ کی قسم میں آپ کو دشمنوں کے سپرد نہیں کروں گا اور سب سے نمٹ لوں گا[2]۔

## سرداران قریش کی غیر منطقی تجویز:

قریش نے جب دیکھا کہ ابو طالب کسی بھی صورت میں نبی رحمت ﷺ کی حمایت سے پیچھے ہٹنے کو تیار نہیں ہیں تو سردارانِ قریش ولید بن مغیرہ کے بیٹے عمارہ بن ولید کو نبی رحمت ﷺ کے پاس لے گئے اور کہا کہ اے ابو طالب! آپ عمارہ بن ولید کو جو ایک طاقتور اور خوبصورت جوان ہے اپنا بیٹا بنالو اور محمد بن عبد اللہ کو ہمارے سپرد کرو تاکہ ہم اسے قتل کر ڈالیں جس نے تمہارے آباء و اجداد کے دین کو چھوڑا، اور ہم سب کو احمق قرار دیا، ہم آپ کو انسان کے بدلے انسان دے رہیں ہیں۔ ابو طالب نے جواب دیا: یہ انصاف کے تقاضوں کے خلاف ہے کہ میں اپنا بیٹا تمھیں دوں تاکہ تم اسے قتل کرو اور تم اپنا بیٹا مجھے دو تاکہ میں اس کی پرورش کروں، ہرگز یہ نہیں ہو سکتا[3]"۔

---

[1] سیرت ابن ہشام ج1ص171، سیرت ابن کثیر ج1ص299

[2] سیرت حلبیہ، ج2ص257

[3] سیرت ابن ہشام، ج1، ص171۔ سیرت حلبیہ، ج2، ص258

## آخری ایام میں قریش کی پیشکش:

شعب ابی طالب کے بعد بھی آپ ﷺ نے دعوت دین کا کام جاری رکھا اور ابو طالب نے بھی نبی رحمت ﷺ کی حمایت جاری رکھی۔ سرداران قریش نے سوچا کہ ابو طالب کی موجودگی میں یہ تنازعہ ختم ہو جائے اس لئے کہ اگر اابو طالب کی موت کے بعد انھوں نے کوئی قدم اٹھایا تو عرب میں ان کی بڑی شرمندگی ہو گی اس لئے وہ بعض ایسی رعایتیں دینے پر بھی قائل ہو گئے جس کیلئے وہ پہلے تیار نہ تھے، اس غرض سے کفار مکہ کے ایک وفد نے نبی رحمت ﷺ سے ملاقات کی[1]۔

## وفد کی سفارشات:

سرداران قریش کا پچیس افراد پر مشتمل ایک وفد ابو طالب کے پاس آیا اور ابو طالب سے کہا کہ آپ ہمارے اشراف میں شامل ہیں اور آپ کا ہمارے ہاں بڑا ادب و احترام ہے جسے آپ بخوبی جانتے ہیں۔ آپ عمر کے اس مرحلے میں ہیں کہ ہمیں یہ اندیشہ ہے کہ یہ آپ کے آخری ایام ہوں، ایسے میں آپ ہمارے اور محمد کے مابین معاملات سے بھی واقف ہیں، ہم چاہتے ہیں کہ آپ اپنی حیات میں اس معاملہ کو حل فرمائیں، آپ اپنے بھتیجے کو بلائیں اور عہد وپیمان لیں اس بات پر کہ وہ ہمارے دین کو مت جھٹلائے اور ہم بھی اس کے دین کے حوالے سے اس سے کوئی تعرض نہیں کرینگے اس پر ابو طالب نے نبی رحمت ﷺ کو بلایا اور فرمایا بھتیجے! قریش مکہ کے معزز افراد آپ سے کچھ عہد وپیمان کرنے آئیں ہیں اور یہ تمہیں کچھ یقین دہانیاں کروانا چاہتے ہیں اور تم بھی انہیں کچھ عہد وپیمان دے دو۔ یہ چاہتے ہیں کہ آپ ان کے مذہبی معاملات میں مداخلت نہ کریں اور یہ بھی آپ سے کسی معاملے پر کوئی تعرض نہیں کرینگے اس پر آقائے رحمت ﷺ نے ابو طالب کو مخاطب کر کے فرمایا:

"اگر یہ لوگ میری رائے پر عمل کریں تو عرب و عجم میں ان کی حکومت ہو گی" نبی رحمت ﷺ کی اس بات پر وہ لوگ کسی قدر توقف میں پڑ گئے اور سوچنے پر مجبور ہو گئے کہ اس قدر مفید بات کو کیسے مسترد کریں؟ ابو جہل فورا بولا ہم ایسی ایک بات کیا دس باتیں بھی ماننے کو تیار ہیں۔ آپ ﷺ نے فرمایا: "لا الہ الا اللہ پڑھو اور صرف اللہ کی عبادت کرو۔ انہوں نے بڑے طنزیہ انداز میں کہا: محمد! (ﷺ) تم یہ چاہتے ہو کہ ہم اپنے خداؤں کو چھوڑ کر صرف تمہارے معبود کی عبادت کریں، وہ قسمیں کھا کر ایک دوسرے سے کہنے لگے کہ ایسا نہیں ہو سکتا، ہم اپنے آباء کے دین پر قائم رہیں گے یہاں تک کہ اللہ ہمارے اور محمد کے درمیان فیصلہ فرمادے کیونکہ یہ کسی بھی بات کو ماننے کیلئے تیار نہیں ہیں یہ کہہ کر ان لوگوں نے اپنا راستہ اختیار کر لیا[2]۔

---

[1] سیرت ابن کثیر ج2، ص390

[2] سیرت النبی۔ ابن ہشام، ج1، ص524۔ مبارک پوری، صفی الرحمان۔ "الرحیق المختوم" (لاہور، مکتبہ سلفیہ 1995ء) ص142/144

## وفد ثقیف کی "لات" کے حوالے سے رعایت طلب کرنا:

جب وفد ثقیف نبی رحمت ﷺ کی بارگاہ میں حاضر ہوا اور کافی دن گزارنے کے بعد اسلام قبول کرنے کا ارادہ کیا تو قبول اسلام سے پہلے نبی رحمت ﷺ سے چند مطالبات کیے۔ انھوں نے **"لات"** کے بارے میں پوچھا جس کی وہ پوجا کرتے تھے تو رحمت عالم ﷺ نے فرمایا "ھدمھا" اسکو منہدم کیا جائے گا تو کہنے لگے کہ یہ تو ممکن نہیں کیونکہ اگر ہم نے اس کو گرانے کی کوشش کی تو وہ ہمارے گھر تباہ کر دے گا تو اس موقع پر حضرت عمر بولے کہ لات تو ایک پتھر ہے اسے کیا معلوم کون کیا کر رہا ہے بہر حال وہ سب مسلمان ہو گئے اور خالد بن سعید نے عہد نامہ تحریر کیا۔ جب عہد نامہ لکھا جا رہا تھا تو انھوں نے نے نبی رحمت ﷺ سے درخواست کی اور کہنے لگے:

"تین سال تک لات کو اسی حالت میں رہنے دیا جائے اور اسے نہ گرایا جائے"

آپ ﷺ نے اس مطالبہ کو یکسر مسترد کیا تو پھر انھوں نے دو سال کی مہلت مانگی آپ ﷺ نے انکار کیا تو ایک سال کی مہلت مانگی اور آخر کار ایک ماہ کی مہلت کا بھی مطالبہ کیا لیکن نبی رحمت ﷺ نے اس معاملے میں کوئی مہلت نہیں دی۔ اصل میں اسکو منہدم نہ کر کے وفد کے افراد قوم کے شر سے محفوظ رہنا چاہتے تھے تو انھوں نے پھر مطالبہ کیا کہ ہمیں توڑنے کا حکم نہ دیا جائے تو حضور ﷺ نے اس مطالبے کو منظور کیا اور آپ ﷺ نے حضرت خالد بن ولید کی قیادت میں حضرت مغیرہ بن شعبہ اور حضرت ابو سفیان بن حرب کے ساتھ ایک لشکر تشکیل دیا اور پھر حضرت مغیرہ بن شعبہ نے اپنی قوم "بنو معتب" کے چند لوگوں کے ساتھ مل کر "لات" کو گرا دیا[1]۔

## شاہ حبشہ کو سجدہ کرنے سے گریز:

نبی رحمت ﷺ نے جب دیکھا کہ آپ کے اصحاب آزمائشوں اور مصیبتوں سے دوچار ہیں اور تو آپ نے انھیں حبشہ ہجرت کرنے کا حکم دیا اور بعض صحابہ نبی رحمت ﷺ کے حکم کی تعمیل کرتے ہوئے پانچ نبوی کو حبشہ کی طرف چلے گئے اور یہ قافلہ گیارہ مرد اور چار خواتین پر مشتمل تھا۔

کفار مکہ سے یہ برداشت نہ ہوا کہ مسلمان حبشہ میں اپنے مذہب کے مطابق پر سکون زندگی گزاریں لہذا انھوں نے سازش کے تحت عمارہ بن ولید اور عمرو بن العاص سہمی پر مشتمل ایک وفد کو شاہ حبشہ اور اس کے درباریوں کے پاس تحائف دے کر بھیجا تا کہ شاہ حبشہ سے درخواست کرے کہ مہاجرین مکہ کو واپس بھیجو۔ جب یہ وفد شاہ حبشہ کے دربار میں پہنچا تو اس نے شاہ حبشہ کے سامنے سجدہ کیا، اور اس کے دائیں بائیں بیٹھ گئے اور اپنی سفارشات پیش کیں اور تحائف بھی پیش کیے[2]۔

---

[1] صلابی، محمد علی۔ سیرت النبی (لاہور، دارالسلام 1433ھ) ج3ص618

[2] سیرت ابن کثیر ج1ص332/337

شاہ حبشہ نے مسلمان مہاجرین کو طلب کیا اور ان کا مؤقف سنا مسلمان جب داخل ہوئے تو انھوں نے اہل اسلام کی طرح سلام کیا لیکن سجدہ نہیں کیا[1]۔

## حضرت جعفر طیار کا خطاب اور نجاشی کا ردعمل:

حضرت جعفر طیار رضی اللہ عنہ نے اپنا مؤقف یوں بیان کیا "بادشاہ ہم لوگ گمراہیوں میں مبتلا تھے، علم کے نور سے دور تھے، ہاتھوں سے بنائے ہوئے بتوں کی پوجا کرتے تھے۔ مردار کھاتے تھے، ہمسایوں کو تنگ کرتے تھے، طاقتور کمزوروں پر ظلم کرتے تھے الغرض ہر خامی ہم میں موجود تھی۔ اسی دوران ہمارے درمیان میں سے ہی ایک آدمی پیدا ہوا جس کے حسن اخلاق کو ہم لوگ پہلے سے جانتے تھے، جسے معاشرے میں صادق وامین کے لقب سے یاد کیا جاتا ہے، اس نے اپنی نبوت کا اعلان کیا اور ہمیں اسلام کی دعوت دی اور کہا معبود صرف اللہ ہے، اس کے علاوہ کوئی عبادت کے لائق نہیں ہے اور تمام برائیوں کو ترک کر کے اچھے اور نیک کام کرنے کی تلقین کی، ہم اس پر ایمان لائے اور تمام جاہلیت کے اعمال ترک کر دئے اس بات پر ہماری قوم ہم سے ناراض ہو گئی اور ہماری دشمن بن گئی اور ہمیں مجبور کرتی ہے کہ ہم پھر سے گمراہی والا راستہ اختیار کریں اسی غرض سے ہم نے آپ کے ہاں پناہ لی اور آپ کے ملک میں رہنے کو ترجیح دی۔ اس تقریر سے شاہ حبشہ کافی متاثر ہوا اور کہنے لگا کہ آپ کے نبی جو کلام لیکر آئے ہیں اسکا کچھ حصہ سناؤ تو حضرت جعفر طیار نے سورہ مریم کی ابتدائی آیات تلاوت فرمائیں تو نجاشی اس قدر رویا کہ اس کی داڑھی تر ہو گئی اور اس نے صحابہ کرام کو واپس کرنے سے انکار کر دیا اور کہا یہ کلام بالکل ایسا ہی ہے جو عیسی علیہ السلام لیکر آئے تھے، یہ ایک ہی رب کا پیغام ہے[2]۔

## قریش مکہ کے سفارتی وفد کی سازش:

کفار مکہ کا سفارتی وفد پھر نجاشی کے دربار میں پیش ہوا اور نجاشی کو مسلمانوں کے خلاف بھڑکانے کے لیے کہنے لگا کہ باشاہ سلامت! یہ لوگ آپ کو سجدہ نہیں کرینگے اور آپ کے دین کے مطابق آپ کے آداب بھی نہیں بجالائیں گے اور دوسری بات یہ کہ مسلمان حضرت عیسی علیہ السلام کے بارے میں ایسے عقائد رکھتے ہیں جو ان کی شان وشوکت کے برعکس ہیں، اس پر شاہ حبشہ نے مسلمانوں کو پھر دربار میں طلب کیا۔

مسلمانوں نے آپس میں مشاورت کے بعد فیصلہ کیا کہ سچ ہی بولیں گے اگرچہ نتائج جو بھی ہوں۔ شاہ حبشہ کے استفسار پر حضرت جعفر طیار رضی اللہ تعالیٰ عنہ نے بتایا کہ ہم صرف اللہ کی عبادت کرتے ہیں اور جب حضرت مسیح کے بارے میں پوچھا گیا تو حضرت جعفر طیار رضی اللہ عنہ نے سورہ مریم کی ابتدائی آیات تلاوت فرمائیں۔ حضرت جعفر رضی اللہ عنہ کی تلاوت کے وقت نجاشی کی آنکھیں نم ہو گئیں اور اس نے حضرت جعفر طیار رضی اللہ عنہ کا جواب سننے کے بعد زمین سے ایک تنکا اٹھا کر کہا حضرت عیسی کے بارے میں تم نے جو بھی کہا وہ درست ہے خدا کی قسم اس تنکے کے برابر بھی اس سے زیادہ نہیں

---

[1] ابو نعیم، احمد بن عبداللہ۔ دلائل النبوۃ۔ مترجم محمد طیب۔ (لاہور، ضیاء القران پبلی کیشنز 1992) ص 218

[2] سیرت حلبیہ، ج2 ص400

ہیں۔ دربار میں موجود راہب اور علماء نے تعجب کا اظہار کیا لیکن نجاشی نے حکم دیا کہ قریش مکہ کے وفد کو ان کے تمام تحائف واپس کرو، یوں وفد قریش کو ذلت کا سامنا کرنا پڑا اور وہ ناکام ہو کو واپس چلا گیا[1]۔

صحابہ کرام رضوان اللہ تعالی علیہم اجمعین نے ایسے مشکل حالات میں بھی جب بظاہر یہ لگ رہا تھا کہ مسلمانوں کو قتل بھی کیا جاسکتا ہے، توحید باری تعالی کے حوالے سے ذرہ برابر بھی لچک یا مفاہمت سے کام نہیں لیا بلکہ واضح طور پر اللہ تعالی کی توحید کو بیان کیا۔

کفار مکہ کے وفد نے، دربار میں داخل ہوتے وقت شاہ حبشہ کو سجدہ کیا لیکن مسلمانوں نے سجدہ نہیں کیا اور حضرت عیسی علیہ السلام کے بارے میں اپنے عقیدے کو واضح لفظوں میں بیان کر دیا کہ اللہ ایک ہے اس کا کوئی شریک نہیں اور حضرت عیسی علیہ السلام اللہ کے رسول اور بندے ہیں اور داعیان اسلام کیلئے یہ پیغام ہدایت دیا کہ توحید باری تعالی کے بارے میں کوئی مفاہمت نہیں ہوسکتی اس لئے کہ اسلام کی عمارت توحید کی بنیاد پر قائم ہے۔

### وفد نجران[2] کے ساتھ مکالمہ:

داعی دین کی اولین ترجیح یہی ہونی چاہیے کہ دعوت میں مباحثہ کی نوبت نہ آئے کیونکہ بعض اوقات فوائد کے بجائے اس کے نقصانات زیادہ ہوتے ہیں اور دعوت کی فضاء میں کھچاؤ پیدا ہو جاتا ہے، البتہ جہاں مجادلہ ضروری ہو وہاں داعی کو چاہیے کہ وہ مخاطب کے اشکالات کا جواب ایسے مضبوط دلائل کے ساتھ دے کہ وہ داعی کے خلوص، اسلوب اور مضبوط دلائل کے سامنے سر تسلیم خم کرلے، اس لئے داعی کیلئے ضروری ہے کہ وہ اپنے مؤقف سے مکمل آگاہی رکھتا ہو، حالات کی مناسبت سے دعوت کو اپنانے کی صلاحیت اور حکمت، تحمل، بردباری جیسی صلاحیتوں سے مزین ہو۔ داعی کی یہ ذمہ داری ہے کہ وہ مخاطب کے مؤقف اور دلائل کو خوش اسلوبی اور تحمل کے ساتھ سماعت کرے لیکن اپنے مؤقف کی برتری کو روز روشن کی طرح عیاں کرے تاکہ حق اور سچ بھی واضح ہو، نبی رحمت ﷺ کا وفد نجران کے ساتھ مکالمہ اسکی روشن مثال ہے۔

### مجادلہ کی اقسام:

امین احسن اصلاحی لکھتے ہیں: مجادلہ کی دو قسمیں ہیں۔ (1) مجادلہ باطلہ (2) مجادلہ احسن

وہ مجادلہ جس کا مقصد اپنے حریف کو غیر متعلقہ بحثوں میں الجھانا ہو اور اس میں مد مقابل کے مؤقف کو تحمل سے نہ سنا جائے مجادلہ باطلہ کہلاتا ہے۔

---

[1] سیرت ابن کثیر، ج 1، ص 336۔ الرحیق المختوم، ص 139

[2] مکہ مکرمہ سے یمن کی طرف سات میل کے فاصلے میں واقع ایک وسیع وادی جس میں عیسائی رہتے تھے

وہ مجادلہ جس میں غیر متعلقہ بحثوں میں الجھنے کے بجائے ان اصولوں کی وضاحت کی جائے جن میں اشتراک ہو، اور ان اصولوں کے نتائج کو واضح کر دیا جائے جو اس حریف کے مسلم اصولوں سے ماخوذ ہوتے ہیں تاکہ وہ حریف مدمقابل کے دلائل کو سن کر اس کے دعوی کو قبول کرلے مجادلہ احسن کہلاتا ہے [1]۔

ارشاد باری تعالی ہے:

**"وَلَا تُجَادِلُوا أَهْلَ الْكِتَابِ إِلَّا بِالَّتِي هِيَ أَحْسَـــنُ إِلَّا الَّذِينَ ظَلَمُوا مِنْهُمْ وَقُولُوا آمَنَّا بِالَّذِي أُنْزِلَ إِلَيْنَا وَأُنْزِلَ إِلَيْكُمْ وَإِلَهُنَا وَإِلَهُكُمْ وَاحِدٌ وَنَحْنُ لَهُ مُسْلِمُونَ"**[2]

"اے مسلمانو! بحث نہ کیا کرو اہل کتاب سے مگر شائستہ طریقہ سے سوائے ان میں سے ظالموں کے اور کہو: ہم ایمان لائے اس پر جو نازل کیا گیا ہماری طرف اور تمھاری طرف اور ہمارا معبود اور تمھارا معبود ایک ہی ہے اور ہم اس کے سامنے گردن جھکانے والے ہیں"۔

دعوت کا آغاز ان نکات سے کرنا چاہیے جو مدعو کے ہاں مسلم ہوں تاکہ مخاطب پر یہ واضح کیا جا سکے کہ جب اس معاملے میں اتفاق ہے تو اس کے مقتضیات میں اختلاف کیوں ہے لہذا جب بنیادی اصول میں اتفاق ہے تو اس کے نتائج کو بھی ماننا چاہیے جیسے فرمان باری تعالی ہے:

**"قُلْ يَا أَهْلَ الْكِتَابِ تَعَالَوْا إِلَى كَلِمَةٍ سَوَاءٍ بَيْنَنَا وَبَيْنَكُمْ"**[3]

"آپ فرما دیجیے اے اہل کتاب! آؤ اس کلمہ کی طرف جو ہمارے اور آپ کے درمیان مشترک ہے"۔

## عیسائی وفد کے ساتھ نبی رحمت ﷺ کا مجادلہ:

نبی رحمت ﷺ نے نجران[4] کے علاقے میں بسنے والے عیسائیوں کو اسلام کی دعوت دی تو وہاں کے لارڈ پادری نے پورے علاقے کی عوام سے مشاورت کی اور متفقہ طور پر ساٹھ افراد پر مشتمل ایک وفد مدینہ طیبہ نبی رحمت ﷺ کے ساتھ مناظرہ کرنے کیلئے بھیجا جس میں چوبیس ان کے بڑے سردار تھے اور وہ تین افراد (عبد المسیح، الایھم، ابو حارث بن علقمہ) بھی شامل تھے جن کو یہ لوگ ہر مشکل میں حرف آخر سمجھ کر رجوع کرتے تھے جب یہ وفد مسجد نبوی میں آیا تو نبی رحمت ﷺ نے حسن اخلاق کی عظیم مثال قائم کی[5]۔

---

[1] اصلاحی، امین احسن۔"دعوت دین کا طریقہ کار" (زری گرافکس، لاہور، 2، 21ھ) ص 90

[2] العنکبوت: 46

[3] آل عمران: 64

[4] مکہ مکرمہ سے یمن کی طرف سات میل کے فاصلے میں واقع ایک وسیع وادی جس میں عیسائی رہتے تھے

[5] سیرت ابن ہشام، ج 1، ص 399

آپ ﷺ نے وفد نجران کو اسلام کی دعوت دی تو انھوں نے اپنے آپ کو پہلے سے مسلمان قرار دیا تو آپ ﷺ نے ان پر واضح کر دیا کہ تم اپنے دعوے میں جھوٹے ہو، تثلیث کے قائل ہو، خنزیر کو حلال سمجھتے ہو اور صلیب کی عبادت کرتے ہو۔ ایک پادری نے کہا کہ عیسیٰ علیہ السلام اللہ کے بیٹے ہیں کیونکہ وہ بغیر باپ کے پیدا ہوئے، اس موقع پر اللہ تعالیٰ نے یہ آیت مقدسہ نازل فرمائی:

"إِنَّ مَثَلَ عِيسَى عِنْدَ اللَّهِ كَمَثَلِ آدَمَ خَلَقَهُ مِنْ تُرَابٍ ثُمَّ قَالَ لَهُ كُنْ فَيَكُونُ"[1]

"بیشک مثال عیسیٰ (علیہ السلام) کی اللہ کے نزدیک آدم (علیہ السلام) کی مانند ہے بنایا اسے مٹی سے پھر فرمایا ہو جا تو وہ ہو گیا"

## مباہلہ کا چیلنج:

وفد نجران کو ان کے سوالات کے مدلل اور مضبوط جوابات ملے اس کے باوجود وہ اپنی جہالت پر قائم رہے اور ہٹ دھرمی کی وجہ سے اسلام قبول نہیں کیا تو اللہ تعالیٰ نے نبی رحمت ﷺ کو مباہلہ کرنے کا حکم دیا، ارشاد باری تعالیٰ ہے:

"فَمَنْ حَاجَّكَ فِيهِ مِنْ بَعْدِ مَا جَاءَكَ مِنَ الْعِلْمِ فَقُلْ تَعَالَوْا نَدْعُ أَبْنَاءَنَا وَأَبْنَاءَكُمْ وَنِسَاءَنَا وَنِسَاءَكُمْ وَأَنْفُسَنَا وَأَنْفُسَكُمْ ثُمَّ نَبْتَهِلْ فَنَجْعَلْ لَعْنَتَ اللَّهِ عَلَى الْكَاذِبِينَ"[2]

پس اے محبوب جو تمہارے ساتھ اس (عیسیٰ علیہ السلام) کے بارے میں بحث کرے علم آنے کے بعد تو ان سے کہو آؤ ہم بلائیں اپنے بچوں کو تم اپنے بچوں کو، ہم اپنی عورتوں کو تم اپنی عورتوں کو ہم اپنی جانوں کو تم اپنی جانوں کو پھر مباہلہ کریں پس جھوٹوں پر اللہ کی لعنت ہے۔

نبی رحمت ﷺ نے وفد نجران سے فرمایا کہ حق کے واضح ہونے کے باوجود، اپنی ضد، انا اور جہالت کی وجہ سے تم باطل نظریات پر قائم ہو لہذا آؤ حق پر ہو تو مباہلہ کرو۔ آپ ﷺ اپنے رب کے حکم کے مطابق اپنی بیٹی حضرت سیدہ فاطمہ، اپنے نواسے امام حسن، امام حسین رضی اللہ عنہما اور حضرت علی المرتضیٰ کے ہمراہ مباہلہ کیلئے تشریف لائے۔

جب وفد نے یہ منظر دیکھا تو ان کے سردار نے اعلان کیا کہ میں ایسے چہرے دیکھ رہا ہوں اگر انھوں نے دعا کر لی تو ہم سب ہلاک ہو جائینگے۔ ان میں سے ایک شخص نے کہا کہ محمد اللہ کے رسول ہیں اور جو قوم اللہ کے کسی پیغمبر سے مباہلہ کرتی ہے تباہ ہو جاتی ہے لہذا بہتری اسی میں ہے کہ اسلام قبول کر و اگر اپنے باطل مذہب پر قائم رہنا چاہتے ہو تو نبی رحمت کے ساتھ معاہدہ کر کے واطن واپس چلو۔ آخر کار انھوں نے نبی رحمت ﷺ سے مصالحت کی اور آپ ﷺ نے معاہدے کے تحت انہیں جانے کی اجازت دی[3]۔

---

[1] آل عمران:59

[2] آل عمران:61

[3] ابو نعیم، احمد بن عبد اللہ۔ دلائل النبوۃ۔ (لاہور، ضیاء القرآن، 1992ء) ص313/315

نبی رحمت ﷺ توحید باری تعالیٰ کے عقیدہ کو واشگاف انداز میں ان کے سامنے بیان کیا اور تمام تر عقلی، نقلی دلائل سے ثابت کیا اور کسی قسم کی کوئی لچک نہیں دکھائی لہذا داعی دین کو چاہیے کہ وہ توحید کے متعلق کسی قسم کی کوئی مفاہمت اختیار نہ کرے۔

### عقیدہ رسالت کے معاملے میں عدم مفاہمت:

جس طرح اللہ تعالیٰ کی وحدانیت ایمان کا بنیادی جز ہے اسی طرح نبی رحمت ﷺ کی رسالت پر ایمان لانا بھی ایمان کا بنیادی حصہ ہے نبی رحمت ﷺ پر ایمان لانے کا مطلب دل سے اس بات کی تصدیق کرنا اور زبان سے اس بات کا اقرار کرنا کہ حضرت محمد ﷺ اللہ کے بندے اور اس کے آخری رسول اور ہیں لہذا دعوت دین دیتے وقت عقیدہ رسالت کے معاملے میں کسی طرح کی مفاہمت اختیار نہیں کی جاسکتی۔

### وفد بنو عامر بن صعصعہ کی آمد:

قبیلہ بنو عامر بن صعصعہ عرب کے مشہور اور طاقتور قبائل میں سے ایک تھا فتح مکہ کے بعد اس قبیلہ کا ایک وفد جس میں دیگر افراد کے علاوہ قبیلے کے سردار عامر بن طفیل، اربد بن قیس اور جبار بن سلمی بھی شامل تھے۔ عامر بن طفیل اکثر نبی رحمت ﷺ کے قتل کے منصوبے بناتا رہتا تھا اور اس دفعہ بھی یہ اسی نیت سے آیا تھا۔ قبیلے کے دیگر افراد قبول اسلام کے خواہشمند تھے اس لیے سب نے اسے کہا کہ دیگر قبائل کی طرح تم بھی اسلام قبول کرلو لیکن اس نے انکار کیا اور اپنے ساتھی اربد بن قیس سے مل کر نبی رحمت ﷺ کے قتل کی سازش کی اور اربد سے کہا کہ جب ہم وہاں پہنچ جائیں تو میں محمد کو اپنی طرف متوجہ کرونگا اور تم (نعوذ باللہ) انہیں قتل کر دینا لیکن یہ بدبخت بری طرح اپنے منصوبے میں ناکام ہوا۔

ایک روایت کے مطابق جب یہ وفد بارگاہ رسالت مآب ﷺ میں حاضر ہوا تو نبی رحمت ﷺ نے عامر بن طفیل کو بیٹھانے کیلئے تکیہ بچھایا پھر اسے فرمایا: اے عامر! اسلام قبول کرلو وہ کہنے لگا میں ایک درخواست کرنا چاہتا ہوں نبی رحمت ﷺ نے فرمایا کہ میرے قریب ہو جاؤ اور جو بات کرنا چاہتے ہو کرلو وہ اتنا قریب ہو گیا کہ نبی رحمت پر جھک گیا اور یوں کہنے لگا کہ اگر میں مسلمان ہو جاؤں تو کیا آپ مجھے اپنا جانشین مقرر کرنے کیلئے تیار ہیں؟ نبی رحمت ﷺ نے فرمایا اس میں تیرا اور تیری قوم کا کوئی عمل دخل نہیں، اللہ جس کو چاہے میرا جانشین بنادے[1]۔

بنو عامر بن صعصعہ کے وفد کے حوالے سے مختلف طرق سے روایات موجود ہیں لیکن سب میں ایک بات مشترک ہے کہ اس نے جانشینی کا مطالبہ کیا تھا، یعنی عامر بن طفیل اس شرط پر ایمان لانا چاہتا تھا کہ اس کو اسلام قبول کرنے کے بعد نبی رحمت ﷺ اپنا جانشین مقرر کر دیں لیکن نبی ﷺ نے ایسے مطالبات کو یکسر مسترد کیا۔

### وفد بنی حنفیہ:

نو ہجری میں قبیلہ بنو حنفیہ کا ایک سترہ رکنی وفد مدینہ آیا اور حضور ﷺ کی بارگاہ میں حاضر ہوا، اس میں مسیلمہ کذاب (جھوٹا مدعی نبوت) بھی شریک تھا اور اس کو بڑے اہتمام کیساتھ نبی رحمت ﷺ کی بارگاہ میں لایا گیا تھا، مسیلمہ نے سیاسی زعماء کی طرح سودابازی شروع کی۔ کہنے

[1] سہیلی، عبدالرحمان بن عبدالملک "الروض الانف فی تفسیر السیرۃ النبویہ لابن ہشام" (قاہرہ، دارالحدیث 2008) ج3 ص257

لگا مجھے اپنی نبوت میں شریک کرو، میرا سارا قبیلہ آپ کے پرچم کے نیچے جمع ہو جائے گا اور اسکی وجہ سے آپکی قوت وطاقت میں اضافہ ہوگا اور آپ سارے جزیرہ عرب پر بآسانی اپنا تسلط جمالیں گے لیکن اللہ کے نبی ﷺ نے تمام، سیاسی، معاشی مفادات کو مسترد کیا اور فرمایا:

"مسیلمہ! نبوت تو بہت اعلی اور بڑی چیز ہے، تم اگر مجھ سے پرانی اور بوسیدہ چھڑی بھی مانگو تو میں تمھیں ہر گز نہیں دونگا[1]"۔

نبی رحمت شفیع امت ﷺ نے قیامت تک کے آنے والے داعیان اسلام کو پیغام دیا کہ جس طرح توحید میں کسی قسم کی مفاہمت اختیار نہیں کی جاسکتی اسی طرح رسالت کے عقیدے میں بھی کوئی مفاہمت اختیار نہیں کی جاسکتی اور کسی قسم کا سمجھوتہ تو دور کی بات حکمت ومصلحت کے نام پر بھی کسی قسم کی نرمی قطعا جائز نہیں۔

ایسی حمایت وطاقت کی کوئی ضرورت نہیں جو اسلام کے بنیادی اصولوں کے منافی ہو۔ نبی رحمت ﷺ نے اسلام کے بنیادی عقائد کے بارے میں کبھی مداہنت اختیار نہیں کی اور داعیان دین کیلئے دعوت کا ایسا نمونہ پیش کیا جو چودھویں کے چاند کی طرح واضح اور روشن ہے۔

**اسود عنسی[2] کا دعوئے نبوت:**

نبی رحمت ﷺ جب حجۃ الوداع کے بعد مدینہ تشریف لائے تو آپ کی علالت کے ایام شروع ہوئے اور نبی رحمت ﷺ حضرت عائشہ صدیقہ کے ہاں تشریف فرما تھے اور انہی ایام میں آپ ﷺ نے صحابہ کرام کو ایک پیشن گوئی فرمائی۔

حضرت عبد اللہ بن عباس رضی اللہ عنھما روایت کرتے ہیں کہ نبی رحمت صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم نے فرمایا:

"بَيْنَا أَنَا نَائِمٌ أُرِيتُ أَنَّهُ وُضِعَ فِي يَدَيَّ سِوَارَانِ مِنْ ذَهَبٍ ، فَفُظِعْتُهُمَا وَكَرِهْتُهُمَا ، فَأُذِنَ لِي فَنَفَخْتُهُمَا فَطَارَا ، فَأَوَّلْتُهُمَا كَذَّابَيْنِ يَخْرُجَانِ [3]

"میں نے خواب میں دیکھا کہ میرے ہاتھ میں سونے کے دو کنگن رکھے گئے اور یہ مجھ پر بڑا گراں گزرا اور اس سے مجھے تکلیف ہوئی، پھر مجھے حکم ملا اور میں نے اسے پھونک دیا اور دونوں کنگن اڑ گئے پس میں نے اس کی تعبیر دو جھوٹوں سے لی جو خروج کرینگے"۔

---

[1] ازھری، پیر کرم شاہ۔ ضیاء النبی (لاہور، ضیاء القرآن پبلی کیشنز 2015) ج4 ص649

[2] اسود عنسی کا اصل نام عیبلہ بن کعب بن عوف عنسی تھا۔ کالا رنگ ہونے کی وجہ سے لوگ اسود کہتے تھے۔ یمن کے علاقے قبیلہ مذحج کی شاخ عنس میں پیدا ہوا۔ اکثر چادر اوڑھتا اور عمامہ باندھے رکھتا تھا اس وجہ سے ذوالخمار کے لقب سے مشہور ہو گیا اور اس کا ایک اور لقب ذوالحمار بھی تھا اسکی وجہ یہ تھی کہ اسکے پاس ایک سدھا ہوا گدھا تھا۔

[3] صحیح بخاری، کتاب المغازی، باب قصۃ الاسود العنسی رقم الحدیث 4379

**اسود عنسی کا انجام:**

اسود نے نبوت کا جھوٹا کرنے کے بعد مختلف علاقوں میں قبضہ کر کے اپنی حکومت بنائی۔ شہر بن باذان کی حکومت ختم کرنے کے بعد اس کی بیوی (آزاد) کو ساتھ لے گیا۔ آزاد کا ایک چچازاد بھائی، فیروز آزاد کو نجات دلانے کیلئے کوشش کر رہا تھا۔

نبی رحمت ﷺ نے مسلمانوں کو اسود کی سرکوبی کا حکم دیا۔ اسود کی سرکوبی کیلئے آزاد (شہر بن باذان کی بیوی جس کو اسود زبردستی لے گیا تھا) سے حمایت طلب کی گئی اور اس نے بھرپور تعاون کی یقین دہانی کرائی۔ آزاد کی مشاورت سے شام کو اسود کے مکان میں باہر سے عقب لگا کر، اس میں داخل ہوئے۔ اسود کے خراٹوں کی آواز آرہی تھی، فیروز نے گردن دبوچ کر اس ملعون کو موت کے گھاٹ اتار کر واصل جہنم کر دیا، اس کا سر قلم کیا یوں اس جھوٹے مدعی نبوت کا خاتمہ ہوا۔ نبی رحمت ﷺ نے اسی اثنا میں صحابہ کرام رضوان اللہ علیہم اجمعین کو بشارت دی کہ اسود ایک سچے مسلمان بھائی کے ہاتھوں قتل ہوا اور یوں اللہ نے اسلام کو غلبہ عطاء کیا ہے[1]۔

نبی رحمت شفیع امت ﷺ نے قیامت تک کے آنے والے داعیان اسلام کو پیغام دیا کہ جس طرح توحید میں کسی قسم کی مفاہمت اختیار نہیں کی جاسکتی اسی طرح رسالت کے عقیدے میں کوئی مصلحت اختیار نہیں کی جاسکتی اور کسی قسم کا سمجھوتہ تو دور کی بات مصلحت کے نام پے کسی قسم کی نرمی بھی اس معاملے میں قطعاً جائز نہیں۔ نبی رحمت ﷺ نے اسلام کے بنیادی عقائد کے بارے میں کبھی مداہنت اختیار نہیں کہ اور داعیان دین کیلئے ایسا عظیم اسلوب دعوت کا نمونہ پیش کیا جو چودھویں کے چاند کی طرح واضح اور روشن ہے۔

[1] طبری، محمد بن جریر۔ تاریخ طبری۔ مترجم سید محمد ابراہیم۔ (نفیس اکیڈمی، کراچی) ج2ص46/56

# فصل دوم: عبادات میں مفاہمت کی صورتیں

اللہ تعالیٰ نے انسان کی تخلیق کا مقصد اپنی عبادت کو قرار دیا ہے اور اس مقصد کی طرف رہنمائی کرنے کیلئے انبیاء کرام کو اس کائنات میں بھیجا اور سب سے آخر میں حضرت محمد ﷺ کو مبعوث فرمایا اور آپ کے بعد دعوت کی عظیم ذمہ داری امت محمدیہ کو سونپی اور اس کو نبھانے کیلئے نبی مہرباں ﷺ کی سیرت کو اسوہ حسنہ قرار دیا۔ اس فصل میں نبی رحمت ﷺ کی سیرت طیبہ کی روشنی میں اس بات کا جائزہ لیا جائیگا کہ غیر مسلموں کو دعوت دین دیتے وقت عبادات کے معاملے میں میں مفاہمت اختیار کی جاسکتی ہے یا نہیں اور اگر کی جاسکتی ہو تو کیسے اور اس کی کیا صورت ہے اور ساتھ ہی عبادات میں عدم مفاہمت کی صورتوں کو بھی بیان کیا جائیگا تا کہ آج بھی داعی دین نبی رحمت کی سیرت کو مشعل راہ بنائے اور دعوت کا پیغام پوری دنیا میں عام کرے۔

## عبادت کا لغوی معنی:

عبادت عربی زبان کا لفظ ہے اور یہ لفظ عبد سے ماخوذ ہے اور (عبد، یعبد) کا مصدر ہے اس کا معنی "بندگی کرنا" ہے گویا اللہ کی عبادت کا مطلب اسکی بندگی کرنا ہے۔ ابن منظور افریقی لکھتے ہیں: لغت میں عبادت کا معنی ہے عاجزی کے ساتھ فرمانبرداری کرنا[1]۔

## بقول امام راغب اصفہانی:

العبادة ابلغ منها لانها غاية التذلل[2] "عبودیت سے مراد تو عاجزی ہے لیکن درجے کے اعتبار سے اس سے بڑھ کر ہے اسلئے کہ عبادت عاجزی کی انتہاء ہے۔

## علامہ ابن تیمیہ کا قول:

لفظ عبادت کے اندر ایسی جامعیت ہے کہ وہ تمام ظاہری باطنی اقوال اور افعال کو شامل ہے جو عند اللہ محبوب ہیں اور آپ فرماتے ہیں نماز، روزہ، حج، زکوۃ، سچائی، دیانتداری، جہاد فی سبیل اللہ، حسن سلوک الغرض تمام اعمال صالحہ عبادت کے اجزاء ہیں[3]۔

## زکوۃ کی ادائیگی میں نرمی:

اسلام ایک عالمگیر مذہب ہے جو کائنات میں بسنے والے تمام انسانوں کیلئے ضابطہ حیات ہے اور بالطبع دین فطرت کہلاتا ہے اس لئے کہ اسلام کی تعلیمات انسان کی فطرت یعنی ذاتی اخلاقیات اور اصولوں سے مطابقت رکھتی ہیں اور دین اسلام ہمیشہ مخاطب اور سامع کی ضروریات کا بھرپور لحاظ رکھتا ہے اور ہر

---

[1] لسان العرب، ج3، ص183

[2] المفرادات، ص319

[3] ابن تیمیہ، احمد بن عبد العلیم۔ العبودیہ،، مترجم، میر ولی اللہ۔ بندگی (کاشی رام پریس لاہور)1922ء

معاملے میں قدم بقدم رہنمائی کرتا ہے الغرض اسلام ایک نرم اور محبت سے بھرپور دین ہے جو انسانی معاشرت کو اخلاقی اصولوں، روحانیت، احترام کی راہ دکھاتا ہے اسی طرح عبادات کی دعوت دیتے وقت بھی اسلام داعی دین کو حکمت و بصیرت اور نرمی کو پیش نظر رکھنے کا حکم دیتا ہے۔

ارشاد باری تعالیٰ ہے: "اُدْعُ اِلٰی سَبِیْلِ رَبِّكَ بِالْحِكْمَةِ"[1]

"بلاؤ اپنے رب کے راستے کی طرف حکمت کے ساتھ۔

## وفد بنو ثقیف کے مطالبات:

قبیلہ بنو ثقیف کا وفد رمضان، ۹ھ میں تبوک سے رسول اللہ ﷺ کی واپسی کے بعد حاضر ہوا۔ جب آپ ﷺ غزوۂ طائف سے واپس مدینہ تشریف لا رہے تھے راستے میں ہی اس قبیلے کے ایک سردار عُروہ بن مسعود نے اسلام قبول کیا اور اپنی قوم کو اسلام کی دعوت دی، انکو اعتماد تھا کہ وہ ان کے لیڈر ہیں اور انھیں محبوب رکھتے ہیں لہٰذا ان کی دعوت کو قبول کرتے ہوئے اسلام کے دامن سے وابستہ ہونگے لیکن توقع کے برخلاف لوگوں نے انہیں تشدد کا نشانہ بنایا یہاں تک کہ وہ شہید ہوگئے۔ اس واقعہ کے بعد جب اس قبیلہ کے لوگوں کو اس بات کا احساس ہوا کہ گرد و پیش کا سارا علاقہ اسلام قبول کر چکا ہے اور ہم ان سب کا مقابلہ کرنے کی طاقت نہیں رکھتے اسلئے انھوں نے مشورے کے بعد یہ فیصلہ کیا کہ کسی آدمی کو نبی رحمت ﷺ کے پاس بھیجیں چنانچہ عبد یالیل بن عمر کو منتخب کیا گیا لیکن اس نے انکار کیا اور مزید لوگوں کو اس کے ساتھ بھیجنے کا مطالبہ کیا ان کے اس مطالبے کو تسلیم کرتے ہوئے ان کے ساتھ پانچ آدمی اور بھیجے گئے۔ اس طرح کل چھ آدمیوں کا وفد تیار ہو گیا اسی وفد میں حضرت عثمان بن ابی العاص ثقفی بھی تھے جو سب سے زیادہ کم عمر تھے کئی روز کے قیام کے بعد ان لوگوں نے چند شرائط پر اسلام قبول کرنے پر آمادگی ظاہر کی۔

## سید محبوب رقمطراز ہیں:

وفد بنو ثقیف کی شرائط میں سے ایک شرط یہ بھی تھی "زکوۃ اور جہاد کے معاملے میں ہمیں مستثنیٰ رکھا جائے" نبی رحمت ﷺ نے اسے قبول فرمایا اور معاہدے میں اس شق کو ان لفظوں میں تحریر کیا گیا "اہل طائف عشر، زکوۃ اور فوجی امداد سے مستثنیٰ ہوں گے[2]۔

حضرت عثمان بن ابی العاص سے منقول روایت میں، وفد بنو ثقیف کی آمد کو یوں بیان کیا گیا ہے: "أَنَّ وَفْدَ ثَقِيفٍ لَمَّا قَدِمُوا عَلَى رَسُولِ اللَّهِ صَلَّى اللَّهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ أَنْزَلَهُمُ الْمَسْجِدَ لِيَكُونَ أَرَقَّ لِقُلُوبِهِمْ فَاشْتَرَطُوا عَلَيْهِ أَنْ لَا يُحْشَرُوا وَلَا يُعْشَرُوا وَلَا يُجَبُّوا، فَقَالَ رَسُولُ اللَّهِ صَلَّى اللَّهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ: لَكُمْ أَنْ لَا تُحْشَرُوا وَلَا تُعْشَرُوا وَلَا خَيْرَ فِي دِينٍ لَيْسَ فِيهِ رُكُوعٌ"[3]

---

[1] النحل:125

[2] رضوی، سید محبوب۔ مکتوبات نبوی ﷺ۔ (لاہور گوہر پبلیکیشنز، 1987ء) ص241

[3] سنن ابو داؤد، کتاب الخراج والامارۃ والفیء، باب ماجاء فی خبر الطائف رقم الحدیث 3026

"حضرت عثمان بن ابی العاص رضی اللہ عنہ فرماتے ہیں جب وفد ثقیف نبی رحمت ﷺ کے پاس حاضر ہوا تو نبی رحمت ﷺ نے ان کو مسجد میں ٹھہرایا تا کہ ان کے دل نرم ہو جائے پس انھوں نے شرط رکھی کہ وہ جہاد کیلئے نہ بلائے جائیں اور نہ ہی ان سے عشر لیا جائے اور نہ ہی نماز کا حکم دیا جائے تو نبی رحمت ﷺ نے فرمایا تمھارے لئے یہ تو ہو سکتا ہے کہ تمھیں جہاد کیلئے نہ نکالا جائے اور تم سے زکوۃ نہ لی جائے لیکن اس دین میں کوئی بھلائی نہیں جس میں رکوع نہ ہو"۔

دوسری روایت میں ہے:

قَالَ: سَأَلْتُ جَابِرًا عَنْ شَأْنِ ثَقِيفٍ إِذْ بَايَعَتْ، قَالَ: اشْتَرَطَتْ عَلَى النَّبِيِّ صَلَّى اللَّهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ أَنْ لَا صَدَقَةَ عَلَيْهَا وَلَا جِهَادَ، وَأَنَّهُ سَمِعَ النَّبِيَّ صَلَّى اللَّهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ بَعْدَ ذَلِكَ يَقُولُ: سَيَتَصَدَّقُونَ وَيُجَاهِدُونَ إِذَا أَسْلَمُوا [1] ۔

حضرت وہب فرماتے ہیں کہ میں نے حضرت جابر سے قبیلہ بنو ثقیف کی بیعت کا حال پوچھا تو انہوں نے کہا ان لوگوں نے نبی ﷺ کے ساتھ شرطے کی تھی وہ نہ صدقہ دینگے نہ جہاد کرینگے حضرت جابر کہتے ہیں کہ میں نے نبی ﷺ سے بعد میں سنا آپ فرماتے تھے "یہ لوگ جب مسلمان ہونگے تو صدقہ دیں گے اور جہاد بھی کریں گے [2]"۔

تالیف قلوب کیلئے مبتدی لوگوں کو کوئی مناسب رعایت دی جائے تو کوئی حرج نہیں ہے مگر دین کے احکام واضح کرنے میں بھی غفلت نہیں ہونی چاہیئے مذکوہ بالا واقعہ سے یہ واضح ہوا کہ نبی رحمت ﷺ نے قبیلہ بنو ثقیف کو ان کے اصرار پر زکوۃ اور جہاد سے مستثنی قرار دیا جس کا مقصد یہ تھا کہ وہ اسلام قبول کر لیں۔

نبی رحمت ﷺ نے قبیلہ بنو ثقیف کے ساتھ جو نرمی اختیار کی اسکی کئی وجوہات ہو سکتی ہیں رحمت ﷺ نے بنو ثقیف کو جو استثناء دیا تھا اسکی وجہ یہ تھی زکوۃ کی ادائیگی فوراً فرض نہیں ہوتی بلکہ اس کے لئے ضروری ہے کہ وہ صاحب نصاب ہو اور حولان حول اس پر گزر چکا ہو دوسری وجہ یہ تھی کہ نبی کریم ﷺ کو یقین تھا کہ جب اسلام ان کے دل میں پختہ ہو جائے گا تو رفتہ رفتہ ان میں یہ صلاحیت پیدا ہو جائیگی اور یہ زکوۃ بھی دینگے جیسا کہ مذکورہ حدیث سے ثابت ہے۔

---

[1] سنن ابوداود کتاب الخراج، والفئی، والامارۃ باب ماجاء فی خبر الطائف، رقم الحدیث 3025

[2] اس حدیث کی سند کو شیخ البانی نے صحیح قرار دیا ہے۔السلسلۃ الصحیحہ، باب، خلافت بیعت، اطاعت اور امارت کا بیان، ح 1888

آج کے دور میں داعی دین کیلئے عبادت میں مفاہمت کی مندرجہ ذیل صورتیں ہوسکتی ہیں۔

داعی دین دعوت دیتے وقت شرعی مصلحت کے پیش نظر اپنے مدعو کے ساتھ زکوۃ کے معاملے میں مفاہمت (نرمی) کرسکتا ہے لیکن اس کا مقصد یہ ہو کہ مدعو کو دین کی طرف راغب کرنا تاکہ وہ ایمان کی دولت سے سرفراز ہوجائے جسکی مختلف صورتیں ہوسکتی ہیں۔

افہام وتفہیم اور فہم وفراست کے ساتھ اس معاملے میں غور کیا جائے کہ وہ کیوں یہ سہولت مانگ رہا ہے اوراگر وہ معاشی طور پر تنگ دست ہے اور اسے خوف ہے کہ وہ زکوۃ کی ادائیگی کیسے کرے گا تو ایسی صورت میں اس پر واضح کیا جائے کہ اسلام میں زکوۃ کی ادائیگی صرف صاحب نصاب پر فرض ہوتی ہے جو معاشی طور پر خود کفیل ہوتا ہے ہر مسلمان پر زکوۃ فرض نہیں۔

دوسری صورت یہ ہے کہ زکوۃ کے معاملے میں نرمی کی جاسکتی ہے وہ اسطور پر کہ حکمت ومصلحت کے تحت دین اسلام میں داخل کرنے کیلئے کہا جائے کہ ابھی آپ پر فوراز کوۃ ادا کرنا فرض نہیں جیسا کہ حدیث مبارکہ بھی صورت پیش کرتی ہے

## جہاد میں مفاہمت:

دیگر عبادات کی طرح جہاد بھی اللہ تعالی کی عبادت ہے جس میں ایک مسلمان اسلام کی سربلندی اور اعلائے کلمۃ الحق کے لئے دشمنان اسلام سے برسرپیکار ہوتا ہے۔ غیر مسلموں کو دعوت دیتے وقت جہاد کے معاملے میں مفاہمت اختیار کی جاسکتی ہے اور یہ مفاہمت جہاد میں رعایت یا نرمی کی صورت میں اور افہام وتفہیم کی بنیاد پر ہوسکتی ہے۔

قبیلہ بنو ثقیف نے اسلام قبول کرنے سے پہلے جو مطالبات کئے تھے ان میں سے ایک مطالبہ یہ بھی تھا کہ انہیں جہاد سے مستثنی قرار دیا جائے نبی رحمت ﷺ نے اس شرط کو منظور کرلیا اور معاہدے میں اس شق کو بھی شامل کیا گیا "کہ اہل طائف عشر، زکوۃ اور فوجی امداد سے مستثنی ہوں گے [1]"

## عمر فاروق سعیدی لکھتے ہیں:

نبی رحمت تو اللہ کے نبی ہیں اور آپ ﷺ کے فیصلے وحی اور الہام پر مبنی ہوتے تھے لیکن آپ ﷺ کا یہ فیصلہ حکمت عملی اور دانائی پر مبنی تھا۔ تالیف قلبی کیلئے مبتدی لوگوں کو رعایت دینے میں کوئی حرج نہیں۔

جہاد یا زکوۃ کے معاملے میں ایسی رعایت دینے کے حوالے سے یہ جاننا ضروری ہے کہ نبی رحمت ﷺ نے قبیلہ بنو ثقیف کے لوگوں کو یہ رعایت کس بنیاد پر دی۔ نبی رحمت کے استثناء دینے کی وجہ یہی تھی کہ آپ ﷺ کو یقین تھا کہ وقت کے گزرنے کے ساتھ ساتھ انکا ایمان پختہ ہوجائیگا

---

[1] سنن ابوداؤد، کتاب الخراج والامارۃ والفیء، باب ماجاء فی خبر الطائف رقم الحدیث 3026

اور یہ ساری چیزوں پر عمل کرینگے اور پھر ایسا ہی ہوا کہ انھوں نے اسلام قبول کیا اور اسلامی تعلیمات ان کے دلوں میں راسخ ہو گئیں جس کی تائید اس واقعہ سے ہوتی ہے کہ رسول اللہ ﷺ کی وصال فرمانے کے بعد حضرت ابو بکر کے دور میں بہت سے فتنوں نے جنم لیا جس میں سے ایک فتنہ ارتداد بھی تھا اور بنو ثقیف کے لوگ بھی اس کا شکار ہونے لگے تھے کہ صحابی رسول عثمان بن ابو العاص نے انہیں متنبہ فرمایا کہ اے بنو ثقیف قبول اسلام کے معاملے میں تم سب سے پیچھے تھے لہذا اب ارتداد میں پہل نہ کرنا اور انھوں نے اس پر بھرپور عمل کیا اور رہتی دنیا تک کیلئے مثال بن گئے۔

ابن سعد نے نقل کیا ہے کہ حضرت مغیرہ بن شعبہ فرمایا کرتے تھے کہ میرے علم میں کوئی ایسا قبیلہ نہیں جیسا کہ بنو ثقیف، جو ایک باپ کی اولاد ہو اور ان کا اسلام اتنا پختہ اور عقائد اتنے شفاف ہوں[1]۔

وہی لوگ جو قبول اسلام کے وقت مختلف سہولیات کے طلبگار تھے آج وہی لوگ سب سے زیادہ مضبوطی سے دامن اسلام سے وابستہ ہیں وہ دوسروں کی بنسبت دینی امور میں بڑھ چڑھ کر حصہ لے رہے ہیں۔ وہ قوم جو قبول اسلام کے وقت زکوۃ سے مستثنیٰ ہونے کا مطالبہ کر رہی تھی لیکن وہ وقت بھی آیا کہ جب عرب کے قبائل زکوۃ کی فرضیت کا انکار کر رہے تھے تو قبیلہ بنو ثقیف مضبوطی اور پختگی کے ساتھ دین اسلام پر پابند اور ثابت قدم تھا۔ درحقیقت یہ نتیجہ تھا نبی مہرباں ﷺ کی حکمت و موعظت کا اور آج بھی داعیان اسلام کیلئے نبی رحمت ﷺ کی سیرت ہی مشعل راہ ہے

**جہاد میں مفاہمت کی صورتیں:**

دور حاضر میں جہاد میں مفاہمت کی ایک صورت یہ بھی ہو سکتی ہے کہ جہاد کا حقیقی تصور دنیا اور بالخصوص غیر مسلموں کے سامنے پیش کیا جائے کیونکہ دشمن دین اسلام کو بدنام کرنے کیلئے جہاد کی غلط تشریح کر کے لوگوں کے دلوں میں جہاد کے خلاف نفرت پیدا کر کے دین اسلام کی اشاعت روکنے کی ناپاک کوشش کر رہے ہیں اور جہاد کو دہشتگردی سے جوڑ رہے ہیں ایسے حالت میں داعی دین کو ان چیلنجز کا سامنا کرنے کیلئے کسی بھی صورت میں حکمت و مصلحت کا دامن ہاتھ سے نہیں چھوڑنا چاہیے۔ جہاد میں مفاہمت کی مختلف صورتیں ہو سکتی ہیں۔

جہاد میں مفاہمت سے مراد جہاد کے تصور کو واضح کرنا ہے اور مقاصد کو عوام کے سامنے رکھنا اور اسکی صحیح تشریح کرنا ہے۔ داعی دین غیر مسلموں کو دعوت دیتے وقت جہاد کے مقاصد، شرائط کو واضح کرے تاکہ جہاد کے متعلق پائے جانے والے شکوک و شبہات کو ختم کیا جاسکے۔

جہاد فرض کفایہ ہے اور بعض لوگوں کی ادائیگی کے ساتھ سب کی طرف سے ادا ہو جاتا ہے اس بات کو مد نظر رکھتے ہوئے داعی دین غیر مسلم کو دعوت دیتے وقت اس طرح نرمی کر سکتا ہے کہ وہ اسے فوراً جہاد کا مطالبہ نہ کرے۔

[1] ابن سعد، محمد بن سعد، "طبقات ابن سعد" مترجم، عبداللہ (کراچی، نفیس اکیڈمی 1982ء)، ج2، ص78

ان تمام صورتوں میں داعی دین کیلئے ضروری ہے کہ وہ اس بات کا ضرور بالضرور خیال رکھے کہ کہ اس کی مفاہمتی پالیسی سے دین اسلام کے کسی بھی بنیادی رکن کا انکار لازم نہ آئے۔

**امین احسن اصلاحی کی رائے:**

مولانا موجودہ تبلیغ دین کے اسلوب پر اپنی رائے کا اظہار کرتے ہوئے لکھتے ہیں کہ مبلغوں نے دین اسلام کو دیگر ادیان عالم کے سامنے حریف بنا کر پیش کیا اور بسا اوقات اس کی حقانیت ثابت پیش کرنے کیلئے دوسری آسمانی کتابوں کی تعلیمات کا مذاق بھی اڑایا اور اس غلطی کا ارتکاب صرف عام مبلغین نے نہیں بلکہ بڑے مبلغین اور مصنفین نے بھی کیا جن کی تصانیف مسلمان اور غیر مسلم دونوں کیلئے اسلام سمجھنے کا واحد ذریعہ تھی[1]۔

داعی دین کو چاہیئے کہ مقاصد شریعت کو سامنے رکھتے ہوئے وہ حالات کو دیکھے کہ اگر اسے یقین ہو کہ اس حکمت عملی کی وجہ سے عبادات کی اہمیت کے تصور میں کوئی فرق نہیں پڑتا تو پہلے داعی ایمان کو مقدم رکھے یعنی قبول اسلام کو ترجیح دے اور باقی تعلیمات اسلامیہ کی درجہ بدرجہ تبلیغ کرتے رہیں۔۔ دعوت دین میں اصول تدریج کو بنیادی حیثیت حاصل ہے ذیل میں اصول تدریج کے معنی مفہوم اور اہمیت بیان کی جاتی ہے۔

## دعوت دین میں اصول تدریج:

اسلام اپنے تمام احکامات میں تدریج کے اصول کو اپناتا ہے اسلامی تعلیمات کے بنیادی ماخذ قرآن و سنت ہیں اور اللہ تعالی نے قرآن مجید کو 23 سال کے عرصہ میں تدریجا نازل فرمایا اور نبی رحمت ﷺ نے دعوت دین میں اصول تدریج کا لحاظ رکھا اور مخاطب کے تحمل اور ذہنی استعداد کو مد نظر رکھا۔

اسلام میں اصول تدریج کا مطلب یہ ہے کہ کوئی حکم یا اصلاح کئی مراحل میں ہو اور اسکا عمل بتدریج ہو اسلام یکبارگی سے تمام شرعی احکامات کا مکلف نہیں بناتا بلکہ آہستہ، آہستہ اس کے سامنے احکام پیش کرتا ہے جس کا مقصد یہ کہ اسلام ایک نظام حیات ہے اور اسکے ماننے والے کو تدریجی طور پر اسکی تعلیمات سے آشنا کرنا اور سمجھانا ہوتا ہے اور اگر اس نظام کو حکیمانہ انداز میں پیش نہ کیا گیا تو مثبت نتائج کے بجائے منفی نتائج مرتب ہو سکتے ہیں۔ تالیف قلوب کیلئے مبتدی لوگوں کو کوئی مناسب رعایت دی جائے تو کوئی حرج نہیں ہے مگر دین کے احکام واضح کرنے میں بھی غفلت نہیں ہونی چاہیئے لہذا داعیان اسلام کی یہ بھی یہ ذمہ داری ہے کہ وہ دعوت دین میں قرآن و حدیث کی تعلیمات کے مطابق اصول تدریج کے پہلو کو مد نظر رکھیں۔

**مولانا امین اصلاحی لکھتے ہیں:**

انبیائے کرام علیہم السلام لوگوں کو دعوت دینے میں ایک خاص ترتیب کا لحاظ کرتے ہیں اور یہ ترتیب دعوت میں بڑی اہمیت کی حامل ہے اگر اس ترتیب کو سامنے نہ رکھا جائے تو دعوت مفقود ہو جاتی اسی طرح جس پیغام کو پیش کرتے ہیں اس میں بھی ایک خاص ترتیب کا لحاظ رکھنا ضروری

[1] اصلاحی، امین احسن۔ دعوت دین کا طریقہ کار۔ اسلام آباد، دارالنور ص 16

ہے بصورت دیگر ساری محنت کے ضائع ہونے کا خدشہ رہتا ہے اور دعوت دین کے مقصد کے نقصانات کے بڑھ جانے کے امکانات ہوتے ہیں۔ اللہ تعالی نبیوں کو اس زمانے میں مبعوث فرماتا ہے جب لوگ حق کو بالکل بھلا دیتے ہیں اور توحید سے دور ہو کر شرک کی تاریکی میں ڈوب جاتے ہیں اور جاہلیت نے پورے نظام کو گھیر لیا ہوتا ہے۔ ایسے حالات میں انبیائے کرام سب سے پہلے کسی بھی معاشرے میں ان بنیادی عقائد کی دعوت دیتے ہیں جن کی بنیاد پر خالص معاشرے کی تعمیر نو ہوتی ہے اور وہ یہ ہیں:۔ اللہ پر ایمان۔ رسولوں پر ایمان اور آخرت پر ایمان[1]۔

یہ تین وہ بنیادی اصول ہیں جن میں فساد آ جائے تو معاشرہ جاہلیت کا شکار ہوتا ہے اور جب ان تین چیزوں پر اعتقاد راسخ ہو جائے تو معاشرہ روشنی کا گہوارا بن جاتا ہے۔ مذکورہ تین نکات کا اسلامی فطرت میں اتنا عمل دخل ہے کہ ان کا انکار بہت کم ہوا۔ انبیائے کرام ایک حکیمانہ انداز میں ان اصولوں کو بالترتیب عوام الناس کے سامنے پیش کرتے ہیں جس میں جماعت کی ذہنی استعداد اور اجتماعی استطاعت کو مدنظر رکھتے ہیں۔

**ذہنی استعداد:**

ذہنی استعداد کی رعایت کا مطلب ہے کہ اسلامی تعلیمات میں ایک نظم ہے اسکے کچھ بنیادی کلیات ہیں ان سے جزئیات پیدا ہوتی ہیں اسی طرح کچھ اصولی تعلیمات ہیں ان سے فروعات پیدا ہوتی ہیں جیسے ایک قرآن کے طالب علم پہلے حروف تہجی، پھر ان حروف کو ملانا، ان حروف سے الفاظ اور الفاظ سے جملہ بنانا سیکھتا ہے اسی طرح داعی بھی لوگوں کی ذہنی استعداد کو مدنظر رکھتے ہوئے بالترتیب دعوت پیش کرتا ہے اس میں مخاطب کے تحمل اور قوت برداشت کا لحاظ ہوتا ہے اور احکام کو بارش کی طرح نہیں برساتے تاکہ وہ گھبرا کر چھوڑ نہ دے۔

**اجتماعی استطاعت:**

اسلامی تعلیمات کے احکام دو قسم پر ہیں انفرادی اور اجتماعی احکام۔ انفرادی احکام کا تعلق ہر فرد کی انفرادی حیثیت سے ہوتا ہے اور انفرادی طور پر عمل کرنا ضروری ہوتا ہے جبکہ اجتماعی احکام کا تعلق ایک جماعت سے ہوتا ہے مثلا وہ احکام جو معاشرت، سیاست سے تعلق رکھتے ہیں۔ اس قسم میں داعی جماعت کی ذہنی استعداد کو سامنے رکھتا ہے کہ آیا وہ اس قابل ہے کہ احکام کو نافذ کر سکے اور اس بوجھ کو اٹھا سکے،۔ قران مجید میں سماجی اور سیاسی معاملات کے متعلق احکام اس وقت نازل ہوئے جب دارالاسلام بالفعل قائم ہو چکا ہو تھا۔

ام المؤمنین حضرت عائشہ فرماتی ہے:

"إِنَّمَا نَزَلَ أَوَّلَ مَا نَزَلَ مِنْهُ سُورَةٌ مِنْ الْمُفَصَّلِ فِيهَا ذِكْرُ الْجَنَّةِ وَالنَّارِ حَتَّى إِذَا ثَابَ النَّاسُ إِلَى الْإِسْلَامِ نَزَلَ الْحَلَالُ وَالْحَرَامُ وَلَوْ نَزَلَ أَوَّلَ شَيْءٍ لَا تَشْرَبُوا الْخَمْرَ لَقَالُوا لَا نَدَعُ الْخَمْرَ أَبَدًا وَلَوْ نَزَلَ لَا تَزْنُوا لَقَالُوا لَا نَدَعُ الزِّنَا أَبَدًا[2]

---

[1] دعوت دین اور کا طریقہ کار، ص69

[2] صحیح بخاری۔ کتاب فضائل القرآن باب تالیف القرآن، رقم الحدیث 4993

"سب سے پہلے مفصلات کی وہ سورت نازل ہوئی جس میں جنت اور جہنم کا ذکر موجود تھا یہاں تک کہ لوگ مکمل اسلام کے حلقے میں داخل ہوئے تھے تب اشیاء کی حلت وحرمت کے احکام نازل ہوئے اور اگر آغاز میں ہی شراب حرام ہو جاتی تو لوگ انکار کرتے ہوئے کہتے کہ ہم نہیں چھوڑیں گے اور اگر زنا سے منع کیا جاتا تو سب لوگ یہی کہتے کہ ہم ہرگز زنا نہیں چھوڑیں گے"۔

ام المؤمنین کی روایت اس بات کو واضح کرتی ہے کہ تدریج دعوت دین کا بنیادی اصول ہے اور دعوت میں اسکا لحاظ کرنا انتہائی ضروری ہے اس لیے کہ عہد نبوی کی بات ہو رہی ہے جب نبی رحمت ﷺ اپنے مبارک وجود کے ساتھ ان میں موجود تھے۔ام المؤمنین فرماتی ہیں کہ تدریج کو مد نظر نہ رکھنے کی صورت میں دعوت دین کے مقصد کے نقصان کا اندیشہ تھا۔

## حضرت معاذ بن جبل کو نصیحت:

ابن عباس رضی اللہ عنہما سے روایت ہے کہ نبی رحمت ﷺ نے حضرت معاذ بن جبل کو یمن کی طرف بھیجا تو انہیں فرمایا:

"إِنَّكَ سَتَأْتِي قَوْمًا مِنْ أَهْلِ الْكِتَابِ ، فَإِذَا جِئْتَهُمْ ، فَادْعُهُمْ إِلَى أَنْ يَشْهَدُوا أَنْ لَا إِلَهَ إِلَّا اللَّهُ ، وَأَنَّ مُحَمَّدًا رَسُولُ اللَّهِ ، فَإِنْ هُمْ طَاعُوا لَكَ بِذَلِكَ ، فَأَخْبِرْهُمْ أَنَّ اللَّهَ قَدْ فَرَضَ عَلَيْهِمْ خَمْسَ صَلَوَاتٍ فِي كُلِّ يَوْمٍ وَلَيْلَةٍ ، فَإِنْ هُمْ طَاعُوا لَكَ بِذَلِكَ ، فَأَخْبِرْهُمْ أَنَّ اللَّهَ قَدْ فَرَضَ عَلَيْهِمْ صَدَقَةً تُؤْخَذُ مِنْ أَغْنِيَائِهِمْ فَتُرَدُّ عَلَى فُقَرَائِهِمْ ، فَإِنْ هُمْ طَاعُوا لَكَ بِذَلِكَ ، فَإِيَّاكَ وَكَرَائِمَ أَمْوَالِهِمْ ، وَاتَّقِ دَعْوَةَ الْمَظْلُومِ ، فَإِنَّهُ لَيْسَ بَيْنَهُ وَبَيْنَ اللَّهِ حِجَابٌ"[1]

تم اہل کتاب کے پاس جا کر سب سے پہلے توحید اور رسالت کی دعوت دو اگر وہ تمہاری دعوت قبول کر لیں تو پھر انہیں نماز کی تعلیم دو اور جب اس کو بھی قبول کر لیں تو پھر انہیں زکوۃ کی تعلیم دینا جو کہ مال دار لوگوں سے لیکر حقدار لوگوں میں تقسیم کی جائے اور انہیں اس بات کی تعلیم دینا کہ مظلوم کی دعا سے بچنا کیونکہ مظلوم کی دعا اللہ اور اللہ کے مابین کوئی حجاب نہیں ہوتا۔

## لوگوں کی طبیعتوں کا لحاظ کرنا:

ایک داعی کیلئے ضروری ہے کہ وہ لوگوں کو اکتاہٹ میں نہ ڈالے تاکہ لوگ دلچسپی سے دعوت دین کو سنیں: ابووائل سے روایت ہے:

---

[1] صحیح بخاری، کتاب المغازی۔ باب بعث ابی موسی ومعاذ الی الیمن۔ رقم الحدیث 4347

"كَانَ عَبْدُ اللَّهِ يُذَكِّرُ النَّاسَ فِي كُلِّ خَمِيسٍ ، فَقَالَ لَهُ رَجُلٌ : يَا أَبَا عَبْدِ الرَّحْمَنِ ، لَوَدِدْتُ أَنَّكَ ذَكَّرْتَنَا كُلَّ يَوْمٍ ، قَالَ : أَمَا إِنَّهُ يَمْنَعُنِي مِنْ ذَلِكَ أَنِّي أَكْرَهُ أَنْ أُمِلَّكُمْ ، وَإِنِّي أَتَخَوَّلُكُمْ بِالْمَوْعِظَةِ كَمَا كَانَ النَّبِيُّ صَلَّى اللَّهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ يَتَخَوَّلُنَا بِهَا مَخَافَةَ السَّآمَةِ عَلَيْنَا" [1]

"عبد اللہ بن مسعود لوگوں کو جمعرات والے دن وعظ ونصیحت کرتے تھے ایک آدمی نے درخواست کی کہ آپ روزانہ کی بنیاد پر وعظ فرمائیں تو آپ نے کہا میں ایسا اس لیے نہیں کرتا کہ تم بیزار نہ ہو، میں بھی تمھیں ناغہ کرکے نصیحت کرتا ہوں جیسے رسول اللہ ﷺ ہمیں وقفے سے نصیحت فرماتے تھے۔

**قبیلہ ہمدان کا قبول اسلام:**

دعوت میں نرمی اور حسن اخلاق کا اتنا اثر ہوتا ہے کہ جب آپ ﷺ نے حضرت خالد بن رضی اللہ عنہ کو یمن بھیجا تو مسلسل چھ مہینے کی کوشش کے باوجود بھی لوگوں نے اسلام قبول نہیں کیا لیکن پھر ان کی جگہ حضرت علی کو یمن میں بطور مبلغ بھیجا تو حضرت علی کی دعوت پر قبیلہ ہمدان نے ایک ہی دن میں اسلام قبول کیا"[2]۔

**مناسب وقت کا انتخاب:**

داعی کیلئے ضروری ہے کہ وہ دعوت کیلئے مناسب وقت کا انتخاب کرے تاکہ مدعو کیلئے پریشانی کا باعث نہ ہو کیونکہ بعض اوقات انسان مختلف کیفیات میں ہوتا ہے۔

عَنْ عِكْرِمَةَ ، عَنِ ابْنِ عَبَّاسٍ ، قَالَ : حَدِّثْ النَّاسَ كُلَّ جُمُعَةٍ مَرَّةً ، فَإِنْ أَبَيْتَ فَمَرَّتَيْنِ ، فَإِنْ أَكْثَرْتَ فَثَلَاثَ مِرَارٍ ، وَلَا تُمِلَّ النَّاسَ هَذَا الْقُرْآنَ ، وَلَا أُلْفِيَنَّكَ تَأْتِي الْقَوْمَ وَهُمْ فِي حَدِيثٍ مِنْ حَدِيثِهِمْ فَتَقُصُّ عَلَيْهِمْ ، فَتَقْطَعُ عَلَيْهِمْ حَدِيثَهُمْ فَتُمِلُّهُمْ ، وَلَكِنْ أَنْصِتْ فَإِذَا أَمَرُوكَ ، فَحَدِّثْهُمْ وَهُمْ يَشْتَهُونَهُ ، فَانْظُرِ السَّجْعَ مِنَ الدُّعَاءِ فَاجْتَنِبْهُ ، فَإِنِّي عَهِدْتُ رَسُولَ اللَّهِ صَلَّى اللَّهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ وَأَصْحَابَهُ لَا يَفْعَلُونَ إِلَّا ذَلِكَ[3]۔

حضرت عکرمہ رضی اللہ عنہ سے روایت ہے کہ حضرت عبد اللہ بن عباس نے فرمایا "لوگوں کو جمعہ والے دن وعظ کرو اور اضافہ کرنا مقصود ہو تو ہفتے میں دوبار کرو اور اسے بھی زیادہ کرنا ہو تو تین بار، لوگوں کو اس قرآن سے اکتانہ دینا، میں یہ پسند نہیں کرتا کہ تم ایک ایسی جماعت کے پاس جاؤ

[1] صحیح بخاری، کتاب العلم، باب من جعل لاھل العلم ایاما معلومۃ۔ رقم الحدیث 70

[2] ابن اثیر، علی بن کرم "الکامل فی التاریخ" (بیروت، دار صادر 1960ء) ج2 ص300

[3] صحیح بخاری، کتاب الدعوات، باب مایکرہ من السجع فی الدعاء رقم الحدیث 6337

جو اپنے کسی کام میں مشغول ہو اور تم انہیں تبلیغ کرنا شروع کر دو جو انہیں ناگوار گزرے اور وہ اکتاہٹ کا شکار ہو جائیں بلکہ تمھیں چاہیے کہ تم خاموش رہو اور جب لوگ عرض کریں تو ان کو اپنا پیغام سناؤ اور وہ خوشی سے سنیں اور دعا میں قافیوں سے پرہیز کرو میں نے نبی رحمت ﷺ اور آپ کے صحابہ کو ایسا ہی کرتے دیکھا ہے۔

مذکورہ بالا احادیث میں نبی رحمت ﷺ نے واضح طور پر اصول تدریج کی تعلیم دی اور امت کو پیغام دیا کہ دعوت کو لوگوں کیلئے آسان کر کے پیش کیا جائے۔ آج دعوت میں اس اسلوب کی بہت کمی ہے اور داعی ابتداء ہی غیر مسلم کو تہجد گزار بنانا چاہتا ہے، فرائض سے پہلے مستحب اور مباح امور کی تبلیغ شروع کر دی جاتی ہے جس سے مدعو اکتاہٹ کا شکار ہو جاتا ہے اور وہ دین اسلام پر عمل کرنے کو مشکل سمجھتا ہے لہذا آج بھی ضرورت اس امر کی ہے داعی دعوت دین میں اس اسلوب کو اختیار کرے جو نبی رحمت ﷺ اور آپ کے صحابہ کرام نے اختیار کیا تاکہ اسلام کا پیغام دنیا کے کونے کونے تک پہنچے۔

## دعوت دین کو خفیہ رکھنا:

داعی دعوت کو دین کے عظیم تر مفاد کی خاطر خفیہ رکھ سکتا ہے تاکہ وہ اس عظیم الشان ذمہ داری کو احسن طریقے سے نبھا سکے اور صرف باعتماد لوگوں کو دعوت دی جائے بالخصوص ان علاقوں میں جہاں اسلام اور مسلمانوں کے خلاف نفرت پائی جاتی ہے کیونکہ حالات کو مد نظر رکھنا بھی سنت نبوی ﷺ کا تقاضہ ہے۔

اعلان نبوت کے بعد نبی رحمت ﷺ نے ابتدائی تین سال دعوت کے عمل کو رازداری میں رکھا اور دعوت کے اس مرحلے کا امتیازی نشان اخفاء اور رازداری تھا۔ مسلمان اپنے خاندان اور حلقہ احباب میں سے بھی صرف ان لوگوں کو آگاہ کرتے جو نبی رحمت ﷺ کے فرماں بردار تھے اور قبول اسلام کو مکمل رازداری میں رکھتے۔ ایسے کسی شخص کو دعوت نہیں دی جاتی جس سے راز کے افشاء ہونے کا خدشہ ہوتا۔

رازداری برقرار رکھنے کے لئے رسول اللہ ﷺ کی ہدایت بہت واضح تھی آپ صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم نے اسلام قبول کرنے والوں کے متعدد حلقے بنادیے تھے یہ حلقے مخفی طور پر اپنی تیاری اور تربیت کے مراحل طے کر رہے تھے ان حلقوں کا خود کو مخفی رکھنا کسی بزدلی کی وجہ سے نہ تھا بلکہ اس حکمت عملی کا ایک حصہ تھا جو رب العزت نے ودیعت فرمائی۔ آپ ﷺ کسی بھی نو مسلم کو ایک ایسے آدمی کی کفالت میں دیتے جو طاقتور بھی ہوتا اور صاحب استطاعت بھی ہوتا وہی اسکی تمام ضروریات کو پوری کرتا اور اسی طرح جب کسی کو دعوت دینی ہوتی تو پہلے اسکے متعلق معلومات اکھٹی کی جاتیں اور اعلٰی قیادت کی نگرانی میں انتہائی رازداری کے ساتھ یہ کام سرانجام دیا جاتا[1]۔

---

[1] صلابی، محمد علی۔ سیرت النبی۔ (لاہور، مکتبہ دارالاسلام) ج1، ص233

آپ ﷺ نے ابتداء میں صرف اپنے قریبی لوگوں کو دعوت دی جن پر یقین تھا کہ وہ آپ ﷺ کی آواز پر لبیک کہتے ہوئے دین اسلام کو قبول کرینگے سب سے پہلے ام المؤمنین حضرت خدیجہ الکبریٰ کو اس پیغام سے آگاہ کیا پھر مردوں میں حضرت ابو بکر، بچوں میں حضرت علی اور غلاموں میں زید بن حارثہ نے اسلام کو قبول کیا اس وقت نبی رحمت نے دعوت خفیہ رکھی اور اور مجمع عام میں اعلانیہ کسی کو دعوت نہیں دی اسکی حکمت یہ تھی کہ شر پسند لوگ کھل کر سامنے آتے اور اس قوت کو ابھرنے سے پہلے کچلنے کی کوشش کرتے اور اس پودے کو تنا آور درخت بننے سے پہلے ہی اکھاڑ دیتے اس لیے آپ ﷺ نے قوت سے پہلے اظہار اور تصادم سے اجتناب کرتے ہوئے دعوت دین کو خفیہ رکھا۔ تین سال تک دعوت کا یہ عمل خفیہ رہا اور نبی رحمت نے کسی ٹکراؤ کو پسند نہیں کیا اور اعلانیہ تبلیغ سے احتراز کیا[1]۔

یہاں اس بات کو سمجھنا ضروری ہے کہ دعوت دین میں حکمت عملی ضروری ہے جیسے کہ جمہور فقہاء کا اس بات پر اتفاق ہے کہ کہ اگر کسی موقع پر مسلمان افرادی قوت یا آلات حرب کے اعتبار سے اتنے کمزور ہوں کہ غالب گمان یہی ہو کہ وہ جنگ کرینگے تو دشمنوں کو نقصان پہنچائے بغیر جان سے ہاتھ دھو بیٹھیں گے تو اس صورت میں حفاظت جان کے مفاد کو مقدم رکھنا مناسب ہے اس لیئے کہ اس کے مدمقابل حفاظت دین کا مفاد پورا نہیں ہو رہا۔ امام عزبن عبدالسلام اس قسم کے جہاد میں مشغول ہونے کو حرام قرار دیتے ہیں "اگر دشمن کو نقصان پہنچانا ناممکن ہو تو پسپائی اختیار کرنا واجب ہے اس لیئے کہ ثابت قدم رہنے میں جانوں کا ضیاع ہے اور اس صورت میں کفار کے دل ٹھنڈے ہوں گے اور مسلمانوں کو ناکامی کا منہ دیکھنا پڑے گا ایسے موقع پر ثابت قدمی سراسر فساد ہے اس میں کسی چیز کا مفاد نہیں[2]۔

## عبادات کو مخفی رکھنا:

داعی حکمت و مصلحت کے پیش نظر عبادات کو مخفی رکھ سکتا ہے اور مدعو (غیر مسلم) کو دعوت دیتے وقت یہ رعایت دے سکتا ہے کہ وہ ضرورت کے پیش نظر حکمت و مصلحت کے تحت عبادات کی بجا آوری مخفی رکھے اگر ظلم کا اندیشہ ہو۔

## نماز میں مفاہمت:

آغاز اسلام میں مسلمان مکہ والوں سے چھپ کر نماز اور دیگر عبادات کو بجا لاتے تھے اسی حوالے سے ابن اسحق سے روایت ہے کہ آپ ﷺ نے بچپن سے ہی حضرت علی کو اپنے ساتھ رکھا اور پرورش کی ذمہ داری لی تھی یہاں تک کہ اللہ کے نبی ﷺ نے اعلان نبوت کیا اور حضرت علی نے لبیک کہتے ہوئے اسے قبول کیا آپ ﷺ پر ایمان لائے اور آپ کی تصدیق کی۔ جب نماز کا وقت آتا تو علی بن ابی طالب آپ ﷺ کے

---

[1] قادری، محمد طاہر۔ سیرت رسول (لاہور، منہاج القران پبلیکیشنز) ج3، ص284

[2] امام، عزبن عبدالسلام۔ "قواعد الاحکام فی مصالح الانام" (قاھرہ، مکتبۃ الکلیات الازھریہ 1999) ج1 ص95

ساتھ نماز کے واسطے مکہ کے پہاڑ کی کسی گھاٹی میں جاکر لوگوں سے پوشیدہ ہو کر نماز پڑھتے اور ایک عرصے تک اس طرح کرتے رہے پھر ابو طالب کو اسکی اطلاع ہوئی تو انھوں نے حضرت علی سے دریافت کیا جس پر حضرت علی نے فرمایا ابا جان میں خدا اور اسکے رسول پر ایمان لایا ہوں [1]۔

ابن اسحاق کے حوالے سے ابن ہشام لکھتے ہیں کہ اصحاب رسول ﷺ کا یہ قاعدہ تھا اپنی قوم اور قبیلہ سے پوشیدہ پہاڑوں کی گھاٹیوں میں جاکر نماز پڑھا کرتے تھے۔ حضرت سعد بن ابن وقاص چند صحابہ کے ساتھ مکہ کی گھاٹی میں نماز پڑھ رہے تھے کہ چند مشرکوں نے ان کو دیکھ لیا اور ان کو انکی نماز ناگوار گزری تو برا بھلا کہہ کر لڑنا شروع کیا تو اسی موقع پر سعد بن ابی وقاص کی ضرب سے ایک مشرک کے سر پر چوٹ آئی اور یہ پہلا خون تھا جو اسلام میں بہایا گیا[2]۔

حضرت حذیفہ بیان کرتے ہیں کہ رسول اللہ ﷺ نے فرمایا شمار کرو کس قدر مسلمان ہو چکے ہو ہم نے عرض کی یا رسول اللہ کیا آپ کو دشمن کا خوف ہے حالانکہ ہماری تعداد چھ، سات سو ہے آپ ﷺ نے فرمایا تم نہیں جانتے شاید تم کسی آزمائش میں مبتلا ہو جاؤ حضرت حذیفہ کہتے ہیں کہ پھر ہم آزمائش میں مبتلا ہو گئے حتی کہ ہم میں سے بعض لوگ چھپ چھپ کر نماز پڑھتے تھے [3]۔

مذکورہ بالا احادیث وواقعات کو سامنے رکھنے سے یہ واضح ہو تا ہے کہ داعیان اسلام کو ہر زمانے میں دعوت کے انداز میں نرمی اختیار کرنی چاہیے۔زمانے کی ضرورت کے مطابق دعوت پیش کرنے میں حکمت اختیار کرنی چاہیے ضرورت کے مطابق رازداری، نرمی، سختی یا لچک کو ملحوظ رکھنا چاہیئے۔

**اسلام کو مخفی رکھنا:**

اس دنیا میں اللہ کی سب سے بڑی نعمت قبولیت اسلام ہے اور تمام عبادتوں کی بنیاد ہی اسلام پر ہے ذیل میں ہم سیرت النبی ﷺ کی روشنی میں اس بات کا جائزہ لینگے کہ داعی دین اپنے مدعو (غیر مسلم) کے ساتھ اسلام میں کس طرح مفاہمت اختیار کر سکتا ہے۔

ایک داعی شرعی مصلحت کے پیش نظر اپنا اسلام مخفی رکھ سکتا ہے اور حکمت و مصلحت کے طور پر اپنے مدعو (غیر مسلم) کو بھی ضرورت کے پیش نظر اسلام کو مخفی رکھنے کی ترغیب دے سکتا ہے آغاز اسلام میں مسلمان اپنے اسلام کو مخفی رکھتے تھے جیسے کہ ابن الاثیر حضرت حضرت صہیب رومی کے تذکرے میں حضرت عمار بن یاسر کے حوالے سے لکھتے ہیں:

---

[1] سیرت ابن ہشام، ج1، ص123

[2] سیرت ابن ہشام، ج1، ص170

[3] سعیدی، عبدالستار۔ شرح صحیح مسلم (لاہور، درید بک سٹال 1999) ج1، ص163

"قال عمار لقیت صھیبا علی باب دار الارقم و فیھا سول اللہ ﷺ فدخلنا فعرض علینا الاسلام فاسلمنا ثم مکثنا یوما علی ذالک حتی امسینا فخرجنا و نحن مستخفون [1]"

حضرت عمار بن یاسر رضی اللہ عنہ کہتے ہیں کہ دار ارقم کے دروازے پر جب صہیب سے میری ملاقات ہوئی تو رسول اللہ ﷺ اندر موجود تھے ہم آپ کے پاس حاضر ہوئے تو آپ نے ہمیں اسلام کی دعوت دی ہم مسلمان ہو گئے ہم نے وہ دن اسی طرح گزارا جب شام ہوئی تو وہاں سے چھپتے ہوئے نکل پڑے۔

جہاں ظلم و تشدد کا خوف ہے وہاں اپنے قبول اسلام کو مخفی رکھ سکتے ہیں ارشاد باری تعالی ہے:

"وَقَالَ رَجُلٌ مُؤْمِنٌ مِنْ آلِ فِرْعَوْنَ يَكْتُمُ إِيمَانَهُ"[2]

"اور کہا فرعون والو میں سے ایک مؤمن مرد نے جو اپنے ایمان چھپاتا تھا"

اللہ تعالی نے بنی اسرائیل کے اس شخص کے فعل کو ناپسند نہیں کیا جس نے اپنے ایمان کو چھپایا تھا تو ایک آج ایک داعی بھی حکمت عملی کے تحت اسلام کو مخفی رکھ سکتا ہے۔

## نام کو مخفی رکھنا:

نبی رحمت ﷺ اور حضرت ابو بکر صدیق رضی اللہ عنہ کی ہجرت کے موقع پر ایک بوڑھے شخص سے بات ہوئی تو اس شخص نے پوچھا "ممن انتما "تو آپ ﷺ نے فرمایا "من ماء "ہم پانی سے ہے۔ اس میں سبق ہے کہ داعیان دین حکمت عملی کے تحت دین اسلام کے عظیم تر مفاد کی خاطر اپنا نام بھی چھپا سکتے ہیں۔

حضرت کعب کی روایت ہے کہ جب ہم نے منٰی کی گھاٹی میں نبی رحمت ﷺ سے ملاقات کی اور اسلام قبول کیا تو ہم اپنا معاملے (قبول اسلام) کو اپنی قوم سے مخفی رکھتے تھے اور بیعت عقبہ ثانی کا ذکر کرتے ہوئے فرماتے ہیں کہ ہم نے رات کے اندھیرے میں نبی رحمت ﷺ سے ملاقات کی اور اسلام قبول کیا اس موقع پر آپ ﷺ اپنے چچا حضرت عباس کو اپنے ساتھ لائے تھے [3]۔

---

[1] ابن سعد، محمد بن سعد، "طبقات ابن سعد "مترجم، عبداللہ (کراچی، نفیس اکیڈمی) ج2ص256

[2] غافر:28

[3] سیرت ابن ہشام، ج2ص49

### بنو ثقیف کے وفد کا اسلام کو مخفی رکھنا:

قبیلہ بنو ثقیف کا جو وفد آپ ﷺ کے پاس حاضر ہوا تھا جسکی تفصیل گزر چکی ہے اس وفد نے نبی رحمت کے پاس جانے سے پہلے اسلام قبول کر لیا تھا لیکن جب واپس اپنی قوم کے پاس گئے تو اپنے اسلام کو چھپایا اور لوگوں کے سامنے غم کا اظہار کرتے ہوئے کہنے لگے کہ محمد ﷺ نے ہم سے یہ مطالبہ ہے کہ ہم سود کو ترک کر دیں، شراب سے رک جائیں اور زنا سے دور رہیں۔ بنو ثقیف پہلے تو شدید برہم ہوئے، لیکن پھر اللہ نے ان کے دلوں میں رعب ڈال دیا اور انہوں نے وفد سے گزارش کی کہ وہ پھر رسول اللہ ﷺ کے پاس واپس جائے اور آپ ﷺ کے مطالبات تسلیم کرلے۔ اب اس سے یہ واضح ہوا کہ حکمت و مصلحت کے پیش نظر اسلام کو مخفی رکھا جا سکتا ہے جیسا کہ یہاں جان کے جانے کا خطرہ تھا جیسا کہ عمرو بن مسعود کے ساتھ ہوا کہ ان کو اسلام کے قبول کرنے کی وجہ سے شہید کر دیا گیا تھا۔

### عمرو بن عاص کا اسلام کو مخفی رکھنا:

جب نبی رحمت ﷺ نے شاہ حبشہ کی طرف خط لکھا اور مہاجرین کو لانے کیلئے عمر بن امیہ الضمری کو بھیجا تو ابن ہشام کی روایت کے مطابق عمرو بن العاص، عمر بن امیہ کو دیکھ کر شاہ حبشہ سے قتل کی اجازت مانگنے لگے تو نجاشی ان پر غضبناک ہوئے اور کہا کیا تم مجھے اس انسان کے قاصد کو قتل کرنے کی بات کرتے ہو جس کے پاس وہی فرشتہ آتا ہے جو موسی علیہ السلام پر آتا تھا پھر نجاشی نے عمرو بن العاص کو اسلام کی دعوت دی اور عمرو بن العاص نے اسلام قبول کیا اور مکہ واپس لوٹے لیکن اسلام کو مخفی رکھا اور ہم فتح مکہ سے پہلے نبی رحمت کے پاس اپنا ایمان قبول کیا[1]۔

دار ارقم کے خفیہ دعوتی سرگرمیوں کے حوالے سے ابن سعد نے لکھا ہے "كان النبي ﷺ يسكن فيها في اول الاسلام وفيها يدعوالناس الى الاسلام فاسلم فيها قوم كثير[2]۔

"نبی رحمت ﷺ بتدائے اسلام میں دار ارقم میں رہتے تھے اور اسی میں لوگوں کو اسلام کی طرف بلاتے تھے پس یہاں لوگوں کی ایک بڑی تعداد نے اسلام قبول کیا۔

### مولانا رضی الاسلام رقمطراز:

آغاز اسلام میں صحابہ کرام عبادات کو قریش مکہ سے مخفی رکھتے تھے اور یہ نبی رحمت صلی اللہ علیہ وسلم کی اجازت اور تعلیم کے مطابق تھا۔ آغاز اسلام میں اللہ کے نبی نے دعوت دین میں رازداری اپنائی اور اس عمل کے ذریعے داعیان دین کو ایک اہم تعلیم دی کہ وہ دعوت دین میں احتیاط کو ملحوظ نظر رکھیں اور دعوت دین کے اہداف کو حاصل کرنے کیلئے ظاہری اسباب کو بروئے کار لائیں لیکن اس بات کا ضرور خیال رکھا جائے کہ ظاہری

---

[1] سیرت ابن ہشام، ج1، ص260

[2] طبقات ابن سعد، ج3ص242

اسباب کا اختیار کرنا خدائے وحدہ لاشریک پر اعتماد اور توکل پر غالب نہ آئے۔اس سے اس بات کی طرف رہنمائی ہوتی ہے کہ داعیان اسلام کے علمبرداروں کو ہر زمانے میں دعوت کے انداز میں لچک دکھانی چاہیے۔[1]

دعوت دین میں داعی مصالحہ شرعیہ کی غرض سے مفاہمت کے طور پر اپنی یا اس نو مسلم کی عبادت کو مخفی رکھ سکتا ہے مثلاً اگر کوئی خطرہ ہو یا معاملہ کو راز میں رکھنا ضروری ہو تو مفاہمت کے طور پر عبادت کو مخفی رکھا جا سکتا ہے نبی رحمت صلی اللہ علیہ وسلم نے اعلان نبوت کے بعد پہلے تین سال دعوت دین کو خفیہ رکھا تا کہ قریش جو بت پرستی اور شرک میں بڑے متعصب ہیں بھڑک نہ اٹھیں اور آج بھی داعی دین حالات کے پیش نظر دعوت دین کو خفیہ رکھ سکتا ہے۔اس سے اندازہ لگایا جا سکتا ہے کہ کتنے مخفی اور منظم انداز میں دعوت دین کی ترویج ہو رہی تھی۔

## دارارقم[2] کی دعوتی سرگرمیاں:

الفاسی[3] مکے کے متبرک مقامات کا ذکر کرتے ہوئے لکھتے ہیں "ان میں سے ایک دار ارقم ہے جس کو دار الخیزان بھی کہتے ہیں ابتدائی دنوں میں نبی رحمت یہاں پے قیام کرتے اور خفیہ طور پر دعوت دیتے اور یہ دار خدیجہ بنت خویلد کے بعد مکے کے تمام مقامات سے افضل ہے[4]"۔

دارارقم ابتدائی سالوں میں دعوت و تبلیغ کا مرکز تھا۔ بیس مرد اور پندرہ خواتین دار ارقم میں ہی ایمان لائے۔ حضرت عمر فاروق بھی یہی پر ایمان لائے اور نبی رحمت ﷺ کے چچا حضرت حمزہ کے ایمان کا سبب بھی یہی مقام بنا ایک مرتبہ نبی رحمت قبیلہ بنو مخزوم میں تھے تو ابو جہل نے آپ ﷺ کی توہین کی جب آپ نے کوئی جواب نہیں دیا تو جری ہو گیا اور زمین سے مٹھی بھر کنکریاں اٹھا کر آپ کو دے ماریں۔ نبی رحمت خاموشی سے گھر تشریف لے گئے اور پھر آپ کے چچا جان کو اسکا علم ہوا تو آپ کے چچا جان نے ابو جہل کی اچھی طرح خبر لی یہاں تک کہ اس کے سر سے خون نکلا پھر حضرت عباس نے یہ اعلان کیا کہ میں بھی اسلام قبول کرتا ہوں۔

یہاں ایک بات یہ بھی سمجھ آتی ہے کہ نبی رحمت نے ابو جہل کو اسی لیے جواب دیا نہیں دیا تا کہ دارارقم کے حوالے سے کسی کو خبر نہ ہو اور یہ راز افشانہ ہو جائے، اس سے داعیان اسلام کو سمجھنا چاہیے کہ دعوت میں کتنی حکمت عملی اختیار کرنی پڑتی ہے۔دار ارقم کا قیام ہمیں بتاتا ہے کہ دعوت دین میں حکمت عملی، دانشمندی اور دوراندیشی ضروری ہے اورآج بھی داعی دین ضرورت کے تحت حفاظتی تدابیر کے طور پر کسی خاص مقام کو دعوت دین کی تبلیغ کیلئے مقرر کر سکتا ہے۔

دارارقم میں خفیہ دعوت کی سرگرمیوں کو علامہ عراقی نے منظوم شکل میں یوں بیان کیا ہے

---

[1] بوطی، محمد سعید رمضان۔ فقہ السیرہ، مترجم۔رضی الاسلام ندوی (لاہو، میٹرو پرینٹر 2007) ص 231

[2] دار ارقم شہر مکہ میں کوہ صفا کے دامن میں واقع تھا اس طرح کہ صفا کی جانب اوپر جاتے ہوئے بنو مخزوم کے محلے کی ایک گلی میں جو بائیں جانب کوہ صفا کے پاس سے اوپر کو جاتی ہے

[3] الفاسی، لقب تقی الدین، نام، محمد بن احمد بن علی ہے "المکی" کہلاتے ہیں۔ محدث اور مؤرخ تھے۔مکے میں پیدا ہوئے اور مکے میں ہی فوت ہوئے۔ شفاء الغرام باختیار البلد الحرام ان کی کتاب ہے

[4] الفاسی، محمد بن احمد بن علی۔ شفاء الغرام باختیار البلد الحرام۔(بیروت، دار الکتب العلمیہ، 200) ج2، ص85

واتخذالنبی دارالارقم لصحب مستخفین عن قومھم وقیل کانوا یخرجو ن تتری الی الشعاب للصلوۃ سرا

حتی مضت ثلثۃ سنینا واظھرالرحمان بعد الدنیا وصدع النبی جھرامعلنا اذانزلت فاصدع بماقما وفی

وانذالعشائرالتی ذکر یجمعھم اذانزلت وانزر

اور نبی اکرم ﷺ نے دار ارقم کو اپنے صحابہ کیلئے مرکز بنادیا، جس میں وہ اپنی قوم سے چھپتے رہتے تھے اور کہا گیا ہے کہ وہ یکے بعد دیگرے گھاٹیوں کی طرف چھپ کے نماز پڑھنے کے لئے جاتے تھے، یہاں تک کہ تین سال گزر گئے اور رحمان نے دین کے لئے غلبے کو ظاہر کر دیا اور نبی کریم ﷺ نے دعوت کو اعلانیہ شروع کیا؛ قرآنی آیت "فَاصْدَعْ بِمَا تُؤْمَرُ "اور جو اسکے موافق ہیں نازل ہوئیں اور جب"وَ اَنْذِرْ عَشِیْرَتَکَ الْاَقْرَبِیْنَ " نازل ہوئی تو آپ ﷺ نے ان قبائل کو جمع کر کے ڈرایا جن کا ذکر کیا گیا ہے[1]۔

## عمرہ کی ادائیگی میں تاخیر:

سنہ 6 ہجری میں نبی رحمت ﷺ ذیقعدہ کے مہینے میں عمرہ کی ادائیگی کی نیت سے چودہ سو صحابہ کرام کو لیکر مدینہ سے روانہ ہوئے اور ہمع قربانی کے جانور کے عسفان کے مقام پر پہنچے تو بشر بن سفیان نے خبر دی کی قریش نے آپ کو مکے میں داخل نہ ہونے دینے کا فیصلہ کیا ہے نبی رحمت ﷺ نے اپنا سفر جاری رکھا اور اپنے قافلے کے ہمراہ حدیبیہ کے مقام پر پہنچے تو نبی رحمت ﷺ کی سواری یہاں رک گئی اور آپ ﷺ نے صحابہ کو یہیں رکنے کا حکم دیا اور پھر کفار مکہ کو نبی اکرم ﷺ نے ان کی طرف سے آنے والے ترجمانوں کے ذریعے یہ پیغام بھیجا اور واضح کیا کہ ہم صرف عمرہ کی نیت سے آئے ہیں اور ہمارا جنگ کا کوئی ارادہ نہیں۔ جانبین میں بات چیت کے کئی مراحل گزر گئے اور آخر کار حدیبیہ کے مقام پر ہی نبی رحمت ﷺ اور کفار قریش کے درمیان ایک معاہدہ طے پایا اور اس معاہدہ پر دستخط کیے گیے جسے صلح حدیبیہ کے نام سے جانا جاتا ہے اس معاہدے میں ایک شرط یہ تھی کہ مسلمان اس سال عمرہ نہیں کرینگے اور اگلے سال عمرہ کی ادائیگی کے لیے مکہ آئیں گے بشرطیکہ اسلحہ مسافر کے سوا کوئی ہتھیار اٹھا کر نہ آئیں[2]۔

اس معاہدہ کو قرآن مجید میں فتح مبین قرار دیا گیا اور حضرت صدیق اکبر فرمایا کرتے تھے کہ اسلام میں حدیبیہ سے بڑی کوئی فتح نہیں مگر لوگوں کی عقلیں اللہ تعالی اور اسکے رسول ﷺ کے معاملے تک پہنچنے سے قاصر ہیں[3]۔

---

[1] کاندھلوی، محمد ادریس، سیرت مصطفی (کراچی، کتب خانہ مظہری) ج1 ص162

[2] سیرت ابن ہشام ج1، ص208۔220

[3] سیرت حلبیہ۔ ج،3، ص41

امام زہری فرماتے ہیں کہ جب جنگ رک گئی اور امن ہو گیا تو لوگ ایک دوسرے سے ملنے لگے اور اسلام کی دعوت عام ہونے لگی اور جس شخص میں تھوڑی سی بھی عقل تھی وہ مسلمان ہو گیا اور اس دوران دین اسلام کی اشاعت کا اندازہ اس بات سے لگایا جاسکتا ہے کہ صلح حدیبیہ سے لیکر فتح مکہ تک کے درمیانی عرصے میں اتنے لوگ مسلمان ہوئے جتنے اس سے پہلے تمام مدت دعوت میں نہیں ہوئے[1]۔

مسلمان کئی عرصے سے مکہ مکرمہ کی زیارت کیلئے بے تاب تھے، حدیبیہ کے مقام پر احرام باندھ چکے تھے، قربانی کے جانور بھی لے کر آئے تھے لیکن جب کفار مکہ نے مسلمانوں کو مکے میں داخل ہونے سے روک دیا تو ایسے حالات میں نبی رحمت نے حکمت و مصلحت سے کام لیتے ہوئے عمرہ کی ادائیگی میں تاخیر والی شرط بھی منظور کر لی اور مسلمانوں اور کافروں کے درمیان ایک معاہدہ طے پایا کہ مسلمان اس سال عمرہ نہیں کرینگے تو خود صحابہ کرام کو تعجب ہو رہا تھا لیکن اللہ کے نبی ﷺ نے اس معاہدہ پر عمل بھی کیا اور حکمت و مصلحت کے پیش نظر عمرہ کی ادائیگی کو ایک سال کیلئے مؤخر کیا نبی رحمت ﷺ کا یہ عمل داعیان دین کیلئے مشعل راہ ہے اور صلح حدیبیہ کے اثرات پر نظر ڈالنے سے واضح ہو جاتا ہے کہ دعوت دین میں حکمت و مصلحت لازمی ہے بالخصوص عمرہ کی ادائیگی کی تاخیر یہ بتاتی ہے کہ شرعی مصلحت کے پیش نظر عبادات میں تاخیر و تعجیل کی جاسکتی ہے اور جہاں کسی کے ایمان لانے کی امید ہو یا دعوت دین کے ماحول کو ساز گار بنانا ہو وہاں نرمی کی جاسکتی ہے اور حالات کی نزاکت کو دیکھتے ہوئے مفاہمت (افہام و تفہیم کی راہ) اختیار کرنے ہی میں دور اندیشی ہے اور اصول تدریج دعوت دین کی بنیادی ارکان میں سے ہیں۔

### غیر مسلموں کو مسجد میں داخل ہونے کی اجازت دینا:

جس طرح عبادات کی اہمیت ہے اسی طرح وہ مقامات بھی جہاں عبادت کی بجا آوری کی جاتی ہے قابل احترام اور اہمیت کے حامل ہیں مساجد شعائر اللہ میں سے ہے، اسکی تعظیم ضروری ہے اس لئے کہ اسلام میں عبادت کی طرح عبادت گاہیں بھی بڑی اہمت کی حامل ہیں ذیل میں اس بات کا جائزہ لیا جائیگا کہ داعی دین عبادت گاہوں کے اعتبار سے کیسے مفاہمت اختیار کر سکتا ہے۔ دعوت دین کے عظیم مقصد کو سامنے رکھتے ہوئے حکمت و مصلحت کے پیش نظر غیر مسلموں کو مساجد میں داخل ہونے کی، وہاں ٹھہرنے کی اجازت دی جاسکتی ہے اس نیت سے کہ وہ غیر مسلم اسلامی تعلیمات سے متاثر ہو کر دامن اسلام سے وابستہ ہو جائیں۔

---

[1] طبری، محمد بن جریر۔ تاریخ طبری، (کراچی، نفیس اکیڈمی) ج1، ص339 حیرت حلبیہ۔ ج،3، ص41

### وفد نجران کی مسجد نبوی میں حاضری:

نجران سے 60 افراد پر مشتمل عیسائیوں کا وفد مدینہ منورہ میں مسجد نبوی میں آیا تو اس وقت نبی رحمت ﷺ عصر کی نماز ادا کر کے تشریف فرما تھے مخصوص یمنی لباس میں ملبوس تھے، صحابہ کرام نے انہیں دیکھ کر تعجب کا اظہار کیا اس دوران یہ لوگ مسجد نبوی میں ہی اپنی نماز پڑھنے لگے تو حضور صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم نے فرمایا انہیں چھوڑ دو، انہوں نے مشرق کی طرف رخ کر کے نماز ادا کی[1]۔

### عمیر بن وہب کا مسجد میں آنا:

جنگ بدر کے بعد عمیر بن وہب صفوان بن امیہ سے مل کر نبی رحمت ﷺ کے قتل کے منصوبے سے مدینہ آیا تو نبی رحمت ﷺ نے اس سے ملنے کے فورا بعد ہی اس کا ناپاک ارادہ کا بتادیا تو وہ نبی رحمت ﷺ کے علم سے متاثر ہوا اور اسلام لے آیا[2]۔

### وفد ثقیف کی مسجد نبوی میں حاضری:

جب بنو ثقیف کا وفد رسول اللہ ﷺ کے پاس حاضر ہوا تو نبی رحمت ﷺ نے مسجد کے ایک کونہ میں ان کے لیے خیمہ نصب کرنے کا حکم دیا جسکا مقصد یہ تھا کہ وہ لوگ قرآن سن سکیں اور لوگوں کو نماز پڑھتے ہوئے دیکھ سکے نبی رحمت ﷺ خود کاشانہ نبوت سے ان کیلئے کھانا فراہم کرتے تھے اور خالد بن سعید کو باہم پیغام رسانی پر مقرر تھے اور وہ اسوقت تک کھانا نہیں کھاتے جب تک خالد اسکو نہ کھاتے[3]۔

### ثمامہ بن اثال کی مسجد میں دخول:

قبیلہ نجد کے سردار ثمال بن اثال کو جب مسلمانوں نے گرفتار کر لیا اور مسجد نبوی میں ستونوں کیساتھ باندھ لیا اور نبی رحمت ﷺ تین روز تک دعوت دیتے رہے اور تین دنوں کے بعد نبی رحمت ﷺ نے ان کو رہا کر دیا اور پھر نبی رحمت کے ان اخلاق حمیدہ کی وجہ سے اسلام قبول کیا۔

### مشرک کو مسجد میں ٹھرانے کا حکم:

کسی مشرک کے قبول اسلام کی امید ہو تو اسے مسجد میں ٹھرانا جائز ہے اور اگر مشرک کیلئے جائز ہے تو کتابی (یہودی، یا نصرانی) کیلئے بدرجہ اولی جائز ہو گی۔

---

[1] سیرت ابن ہشام۔ج 1، ص 399

[2] ابن کثیر، سیرۃ النبی۔ج 1، ص 208

[3] ابن کثیر۔ سیرت النبی۔ج 2 ص 531

**علامہ زرکشی فرماتے ہیں:**

رافعی اور نووی نے چند شرائط کے ساتھ مسلمان کی اجازت سے حرم کے علاوہ دیگر مساجد میں غیر مسلم کا داخلہ جائز قرار دیا ہے اور وہ یہ ہیں:

اول: عقد ذمہ میں یہ شرط نہ ہو کہ مساجد میں کافر کا داخلہ ممنوع ہے اگر یہ شرط موجود ہو تو اس کی اجازت نہیں ہو گی

دوم: جس مسلمان نے اس کی اجازت دی ہے وہ مکلف اور اس کا اہل ہو

سوم: مسجد میں اسکے داخلہ کا مقصد قرآن سننا یا دین کا علم حاصل کرنا ہو اور اسکے اسلام قبول کرنے کی امید ہو۔

خلاصہ یہ ہے کہ اگر اسکے داخلے کا مقصد قرآن سننا ہو یا علم حاصل کرنا ہو لیکن اسکے اسلام قبول کرنے کی امید نہ ہو تو اسے داخلے سے روکا جائے گا۔ اسی طرح بظاہر معلوم ہو کہ اسکے داخلے کا مقصد سیاسی تعلقات استوار کرنا ہے تو پھر اسے اجازت نہیں دی جائیگی۔ لیکن ایک بات واضح ہے کہ غیر مسلم کو مسجد میں داخلے کی اجازت صرف اس صورت میں دی جائے کہ مسجد کو کوئی ضرر نہ پہنچے، نہ وہ ناپاک ہو[1]۔

**عبداللہ بن ابی کی ہلاکت اور نبی رحمت کی حکمت:**

حضرت عبداللہ بن عباس سے مروی ہے کہ جب عبداللہ بن ابی مرض الموت میں مبتلا ہوا تو حضور ﷺ اس کی عیادت کیلئے تشریف لے گئے تو اس نے نبی رحمت سے جنازہ پڑھنے اور قمیص عنایت کرنے کی درخواست کی۔ حضور ﷺ نے جب قمیص عنایت کی تو حضرت عمر نے کہا یا رسول اللہ! آپ اس ناپاک کو اپنی قمیص کیوں عنایت فرما رہے ہیں تو نبی رحمت ﷺ نے فرمایا:

"اے عمر اس منافق کو میری قمیص کوئی کچھ نفع نہیں پہنچائے گی اس کو دینے میں حکمت یہ ہے کہ اللہ تعالی اس کی وجہ سے ہزاروں آدمیوں کو مشرف باسلام کرے گا۔ چنانچہ اس دن نبی رحمت کے اس طرز عمل سے متاثر ہو کر بے شمار لوگ اسلام کے دامن سے وابستہ ہوئے[2]۔

دین کے عظیم تر مفاد کو سامنے رکھتے ہوئے مصلحت کی پیش نظر کسی سے ہمدردی کی جاسکتی ہے تاکہ وہ دین کی طرف راغب ہو سکے خود نبی کریم ﷺ نے فرمایا کہ قمیص مبارک عنایت کرنے کا مقصد یہ ہے کہ دیگر لوگ جو اس کے ہمنوا تھے وہ اسلام لائیں اور ایسا ہی ہوا کہ بے شمار لوگ نبی رحمت ﷺ کے اس حسن سلوک کی وجہ سے دائرہ اسلام میں داخل ہوئے۔

ذیل میں وفد ثقیف کی ان شرائط کو بیان کیا جاتا ہے جو انھوں نے قبول اسلام سے پہلے پیش کی تھی تو نبی رحمت ﷺ نے ایسے حکیمانہ انداز میں جواب عطاء فرمایا کہ وہ لوگ اس سے دستبردار ہو گئے، ان لوگوں نے دین اسلام قبول فرمایا۔

---

[1] زرکشی، محمد بن عبداللہ۔ اعلام الساجد باحکام المساجد (قاہرہ، وزارت اوقاف 1999)۔ ص 319-321

[2] ضیاء النبی، ج4، ص696

## وفد ثقیف کی شرائط:

زنا کے معاملے میں رعایت: وفد ثقیف نے کئی روز کے قیام کے بعد چند شرائط پر اسلام قبول کرنے پر آمادگی ظاہر کی اور ان کی شرائط میں سے ایک زنا کے معاملے میں رعایت تھی وہ کہنے لگے کیونکہ ہم اپنے کاوبار اور تجارت کی وجہ سے اپنے گھروں سے دور رہتے ہیں اور سفر میں ہوتے ہیں اسلئے یہ ہمارے لیے ضروری ہے نبی رحمت ﷺ نے جواب دیا وہ تم پر حرام ہے ارشاد باری تعالی ہے:

"و لَا تَقْرَبُوا الزِّنٰٓى اِنَّه كَانَ فَاحِشَةً ؕ وَسَآءَ سَبِيْلًا"

"اور بدکاری کے پاس نہ جاؤ بیشک وہ بے حیائی ہے اور بہت ہی براراستہ ہے[1]"

صرف اسلام نہیں بلکہ تمام آسمانی مذاہب میں زنا کو بدترین گناہ اور جرم قرار دیا گیا اس لئے قرآن وحدیث میں واضح احکام ہیں زنا کی حرمت نسب انسانی کی حفاظت کا واحد ذریعہ ہے لہذا زنا پر کوئی سمجھوتہ نہیں کیا جاسکتا۔

## شراب کے معاملے میں رعایت:

شراب کے معاملے میں رعایت طلب کی اور کہا کہ ہم لوگ بڑے اہتمام کے ساتھ شراب بناتے ہیں اور یہ ہمارے لئے ضروری ہے نبی رحمت ﷺ نے فرمایا شراب حرام ہے۔ اسلام دین فطرت ہے جو اپنے ماننے والوں کو پاکیزگی جیسی صفات سے متصف اور مزین ہونے جبکہ بے حیائی اور بے راہروی جیسی عادات سے بچنے کا حکم دیتا ہیں، صفات حمیدہ کی نشوونما اور صفات ذمیمہ کے سدباب کے لیے اسلام میں شراب کو حرام قرار دیا گیا۔

## نماز کے بارے میں مفاہمت:

ابن اسحاق نے لکھا ہے کہ انھوں نے اس موقع پر نماز میں رخصت چاہی تو آپ ﷺ نے فرمایا "اس دین میں کوئی بھلائی نہیں جس میں نماز نہ ہو[2]۔

اسلام میں شہادت کے بعد سب سے اہم رکن نماز (صلوۃ) ہے جسے نبی رحمت ﷺ نے جنت کی کنجی قرار دیا اور فرمایا موت کے بعد سب سے پہلے نماز کا حساب لیا جائیگا۔ نبی رحمت ﷺ نے نماز کے حوالے سے کوئی نرمی اختیار نہیں کہ لہذا داعی دین خود تو اس کی تاکید کرے گا کہ نماز کی ادائیگی میں نرمی نہیں کی جاسکتی البتہ ایمان کی دعوت کو عمل پر مقدم کرے گا پھر درجہ بدرجہ اعمال کی تبلیغ کرے گا۔ لہذا داعی کو چاہیے کہ وہ دعوت دین میں ایسا انداز اختیار نہ کرے جس سے مدعو کے دل میں شراب کی حرمت کے حوالے سے کوئی نرمی پیدا نہ ہو البتہ داعی دین کو چاہیے کہ وہ دعوت میں ایمانیات کو مقدم رکھے یعنی پہلے اسے کلمہ پڑھائے پھر اس پر واضح کرے کہ جس رب پر آپ ایمان لائے ہو اس نے ان کاموں کو حرام قرار دیا ہے۔

---

[1] بنی اسرائیل:32

[2] ۔ابن کثیر "البدایہ والنھایہ" (بیروت، دارالغدید، 2018ء) ج5، ص91۔ سیرت حلبیہ، ج2، ص529

**ڈاکٹر حمید اللہ لکھتے ہیں:**

وفد بنو ثقیف کو نبی رحمت ﷺ کے مشن کی روح کو سمجھنے میں غلط فہمی ہوئی تھی لیکن نبی رحمت ﷺ نے بڑی محبت سے ان کے خیالات کی تصحیح کی[1] اور انہیں بتایا کہ نمازاور عبادت کے بغیر انسان، انسان نہیں رہتا۔ زنا ایک پلید بد اخلاقی ہے نبی رحمت ﷺ نے تعلیم دی کہ جس طرح تم اپنی بچیوں اور بیویوں کیلئے پسند نہیں کرتے ہوں لوگ بھی اس کو پسند نہیں کرتے[2]۔

دعوت اسلام میں عبادات کے معاملے میں اصول تدریج کو اپنایا جاسکتا ہے یعنی اصلاح کئی مراحل میں ہو اور اسکا عمل بتدریج ہو، داعی یکبار گی سے تمام شرعی احکامات کا بوجھ مکلف پر نہیں ڈالتا بلکہ آہستہ آہستہ اس کے سامنے احکام پیش کرتا ہے جس کا مقصد مخاطب کو تدریجی طور پر اسلام کی تعلیمات سے آشنا کرنا اور سمجھانا ہوتا ہے اور اگر اس نظام کو حکیمانہ انداز میں پیش نہ کیا گیا تو مثبت نتائج کے بجائے منفی نتائج مرتب ہوسکتے ہیں۔ تالیف قلوب کیلئے مبتدی لوگوں کو کوئی مناسب رعایت دی جائے تو کوئی حرج نہیں ہے مگر دین کے احکام واضح کرنے میں غفلت نہیں ہونی چاہیئے۔

---

[1] نبی رحمت ﷺ کا اسلوب اصلاح انتہائی دلکش تھا، جس کی ایک مثال مقالہ ھذا کے صفحہ نمبر 19 میں بیان کی گئی ہے۔

[2] ڈاکٹر، حمید اللہ، رسول اکرم کی سیاسی زندگی (کراچی، دارالاشاعت 1987) ص300

# باب سوم: معاملات میں مفاہمت

## فصل اول: سماجی معاملات میں مفاہمت

نبی رحمت ﷺ کے کفار کے ساتھ معاملات، معاہدات اور مکالمے دعوت دین کی اساس اور پیغام باری تعالی کو دنیا میں عام کرنے اوراسلام کی دعوت کو انسانیت تک پہنچانے کے حوالے سے بنیادی اہمیت کے حامل ہے ہیں۔ آج دنیا گلوبل ویلیج میں تبدیل ہو چکی ہے اور اسلاموفوبیا عروج پر ہے ایسے حالات میں دعوت دین کو عام کرنے کیلئے مذہبی رواداری، اور مختلف مذاہب کے ساتھ مفاہمت اور مصالحت کی راہ اپنانے اور اس اسلوب کے ساتھ غیر مسلموں کو اسلام کی دعوت دینے کی بحث ہر سطح پر جاری ہے۔

اس باب میں نبی رحمت ﷺ کے غیر مسلموں کے ساتھ مختلف معاملات کو ذکر کیا جائیگا کہ ایک داعی دعوت دین میں غیر مسلموں سے دین کے عظیم تر مفاد کی خاطر معاملات میں کس حد تک مفاہمت اختیار کر سکتا ہے۔

دین اسلام اپنے ماننے والوں کو غیر مسلموں کیساتھ معاشرتی تعلقات رکھنے اور ان سے لین دین سے منع نہیں کرتا اوراسلام خوشی و غم کے اظہار میں مذہب یا قوم کی تفریق نہیں کرتا بلکہ پوری انسانیت کے احترام کی تعلیم دیتا ہے البتہ اسلام اپنے ماننے والوں کو بالکل بے مہار بھی نہیں چھوڑتا کہ وہ اپنی نفسانی خواہشات کیلئے کوئی بھی بندش گوارا نہ کریں اور مذہبی ہم آہنگی اور رواداری کے نام پر بنیادی تعلیمات کی تبدیلی کی بھی اجازت نہیں دیتا۔

### مختلف اقوام میں سلام کا رواج:

انسان کسی بھی مذہب یا معاشرے کے رہنے والے ہوں، جب وہ ایک دوسرے سے ملتے ہیں تو ملنے کیلئے کچھ الفاظ اور آداب کا لحاظ کیا جاتا ہے اور ملاقات کا آغاز انہی الفاظ و آداب کے ساتھ کیا جاتا ہے جنھیں عرف عام میں تحنیتی کلمات یا سلام کہا جاتا ہے۔ عیسائی منہ پر ہاتھ رکھ کے سلام کرتے ہیں جبکہ یہودی انگلیوں کے اشاروں کے ساتھ سلام کرتے ہیں اور مجوسی جھک کر سلام کرتے ہیں۔[1]

اسلام نے اس معاملے میں جو الفاظ اور آداب سکھائے ہیں بہت ہی بہترین صورت پیش کرتے ہیں جیسے اسلامی تعلیمات کے مطابق جب دو مسلمان آپس میں ملتے ہیں تو "السلام علیکم ورحمۃ اللہ وبرکاتہ" سے ابتداء کی جاتی ہے اور "وعلیکم السلام ورحمۃ اللہ وبرکاتہ" سے سلام کا جواب دیا جاتا ہے

---

[1] سعیدی، غلام رسول، شرح صحیح مسلم۔(لاہور، فرید بک سٹال، 2015ء)ج4، ص523

**سلام کی اہمیت:**

حضرت عبد اللہ بن عمر رضی اللہ عنہ بیان کرتے ہیں:

عَنْ عَبْدِ اللَّهِ بْنِ عَمْرٍو ، أَنَّ رَجُلًا سَأَلَ رَسُولَ اللَّهِ صَلَّى اللَّهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ ، أَيُّ الْإِسْلَامِ خَيْرٌ ؟ قَالَ : تُطْعِمُ الطَّعَامَ ، وَتَقْرَأُ السَّلَامَ عَلَى مَنْ عَرَفْتَ وَمَنْ لَمْ تَعْرِفْ[1] ۔

"حضرت عبد اللہ بن عمر رضی اللہ عنہما سے روایت ہے کہ ایک شخص نے نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم سے سوال کیا کہ "کون سا اسلام بہتر ہے ؟ تو نبی رحمت صلی اللہ علیہ وسلم نے جواب دیا کھانا کھلانا اور ہر کسی کو سلام کہنا اگر چہ آپ اسے جانتے ہیں یا نہیں جانتے۔

**غیر مسلموں کو سلام:**

غیر مسلموں کو سلام کرنے کی کئی صورتیں ہیں

(1)غیر مسلم کے سلام کا جواب دینا

(2)غیر مسلم کو سلام کرنے میں پہل کرنا

(3)مسلمانوں اور غیر مسلموں کی مشترکہ مجلس کو سلام کرنا

**غیر مسلموں کے سلام کا جواب:**

غیر مسلموں کو سلام کا جواب دیا جائے اس بات پر سب کا اتفاق ہے۔اس پر عمومی دلیل قرآن مجید کی یہ آیت مبارکہ ہے ارشاد باری تعالی ہے:

**"وَإِذَا حُيِّيتُمْ بِتَحِيَّةٍ فَحَيُّوا بِأَحْسَنَ مِنْهَا أَوْ رُدُّوهَا"[2]۔**

"جب کوئی آدمی تمھیں سلام کرے تو اس کا جواب اس سے بہتر الفاظ میں دیں یا اس جیسے الفاظ سے دیں"۔

**حضرت عبد اللہ بن عباس کا قول:**

**مخلوقات میں سے جو بھی سلام کرے جواب دیا کریں یہاں تک کہ مجوسیوں کو بھی سلام کا جواب دیں پھر قرآن کی یہ آیت تلاوت فرمائی[3]۔**

---

[1] صحیح بخاری۔کتاب الایمان، باب افشاء السلام من الاسلام، حدیث نمبر 28

[2] النساء:86

[3] بخاری، محمد بن اسماعیل۔الادب المفرد۔(لاہور، مکتبہ حمانیہ)ص۔296 رضا، محمد رشید، تفسیر المنار (بیروت لبنان، دار المعرفۃ 1973ء)ج5،ص318

"وَإِذَا حُيِّيتُمْ بِتَحِيَّةٍ فَحَيُّوا بِأَحْسَنَ مِنْهَا أَوْ رُدُّوهَا"[1]۔

"جب کوئی آدمی تمھیں سلام کرے تو اس کا جواب اس سے بہتر الفاظ میں دیں یا اس جیسے الفاظ سے دیں"۔

اختلاف اس بات میں ہے کہ غیر مسلم کو جواب کن الفاظ میں دیا جائے اس حوالے سے بنیادی طور پر دو اقوال ہیں۔

**پہلا قول:**

غیر مسلم کو "وعلیک" یا "وعلیکم" کہہ کر جواب دیا جائے۔ حضرت عبد اللہ بن عمر روایت کرتے ہیں کہ نبی رحمت ﷺ نے فرمایا

"إِذَا سَلَّمَ عَلَيْكُمُ الْيَهُودُ فَإِنَّمَا يَقُولُ أَحَدُهُمْ : السَّامُ عَلَيْكَ ، فَقُلْ وَعَلَيْكَ "[2]۔

"نبی رحمت ﷺ نے فرمایا کہ یہودی جب سلام کرے اور "السلام علیکم" کے بجائے "السام علیکم" کہے تو تم "وعلیک" کہہ کر جواب دیں"۔

" أَنَّ أَصْحَابَ النَّبِيِّ صَلَّى اللَّهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ قَالُوا لِلنَّبِيِّ صَلَّى اللَّهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ إِنَّ أَهْلَ الْكِتَابِ يُسَلِّمُونَ عَلَيْنَا فَكَيْفَ نَرُدُّ عَلَيْهِمْ قَالَ قُولُوا وَعَلَيْكُمْ "[3]

"حضرت انس رضی اللہ عنہ سے روایت ہے کہ صحابہ کرام نے نبی رحمت ﷺ کی بارگاہ میں عرض کی کہ اے اللہ کے رسول ﷺ بیشک اہل کتاب جب ہم سے ملاقات کرتے ہیں تو ہمیں سلام کرتے ہیں تو ہم کیسے ان کے سلام کا جواب دیں تو آپ ﷺ نے فرمایا تم "وعلیکم" کہہ کر جواب دو"

حضرت انس رضی اللہ عنہ فرماتے ہیں "ہمیں حکم دیا گیا کہ ہم اہل کتاب پر "وعلیکم" کے علاوہ کسی چیز کا اضافہ نہ کریں[4]۔

**امام نووی کا قول:**

غیر مسلم کے سلام کا جواب دینا متفق علیہ مسئلہ ہے لیکن جواب میں "وعیلکم السلام" نہیں کہیں گے بلکہ صرف "وعلیک" یا "وعلیکم" کہہ کر جواب دینگے جیسا کہ مذکورہ احادیث میں اسی کا تذکرہ موجود ہے[5]۔

---

[1] النساء:86

[2] صحیح بخاری۔ کتاب الاستئذان، باب کیف یرد علی اهل الذمة السلام۔ رقم الحدیث، 6257

[3] صحیح مسلم۔ کتاب السلام، باب النهی عن ابتداء اهل الکتاب بالسلام۔ رقم الحدیث 5653

[4] مصنف ابن ابی شیبہ، کتاب الادب، ج7، ص492، رقم الحدیث 26277

[5] نووی، یحیی بن شرف۔ "صحیح مسلم بشرح الامام النوی" (دمشق بیروت، مکتبۃ الغزالی) ج13، ص134

### دوسرا قول:

**بعض کے نزدیک اس میں قدرے تفصیل ہے۔ اگر غیر مسلم سلام میں غیر اخلاقی یا بد دعائی الفاظ استعمال کرے تو** "علیک" یا "علیکم" **کہہ کر جواب دیا جائے گا غیر شائستہ الفاظ کا استعمال یا لعن طعن بلکل بھی نہیں کریں گے جیسے یہودیوں نے خباثت کا اظہار کرتے ہوئے** "السام علیکم" **کہا تو جواب میں نبی رحمت ﷺ نے** "علیک یا "علیکم" **کہہ کر جواب دیا اور اگر کفار صریح لفظوں میں مسنون طریقے سے مسلمان کو** "السلام علیکم" **کہہ کر سلام کریں تو جواب میں** "وعلیکم السلام" **کہا جائے گا۔**

### امام طاؤس کا عمل:

جب اہل کتاب (یہودی۔ نصرانی) میں سے کوئی انہیں "السلام علیکم" کہہ کر سلام کرتا تو وہ جوابا "علیک السلام" کہتے تھے[1]۔

### غیر مسلموں کو سلام کرنے میں پہل کرنا:

کفار کو سلام کرنے میں پہل کرنے کے متعلق تین اقوال ہیں

### پہلا قول:

جمہور اور سلف متقدمین کے نزدیک ناجائز ہے اور دلیل حضرت ابوہریرہ والی حدیث ہے کہ نبی رحمت ﷺ کا ارشاد گرامی ہے:

**لَا تَبْدَءُوا الْيَهُودَ وَلَا النَّصَارَى بِالسَّلَامِ فَإِذَا لَقِيتُمْ أَحَدَهُمْ فِي طَرِيقٍ فَاضْطَرُّوهُ إِلَى أَضْيَقِهِ**[2]

"یہود و نصاری کو سلام میں ابتداء نہ کرو اور ان سے راستہ میں ملاقات ہو جائے تو انکو تنگ راستے پر چلنے پہ مجبور کرو"۔

### امام نووی کا قول:

ہمارے ہاں غیر مسلموں کو سلام کرنے میں پہل کرنا حرام ہے جیسا کہ حدیث مبارکہ میں نبی رحمت ﷺ نے صراحت کے ساتھ سلام میں پہل کرنے سے منع کیا ہے اور اکثر علماء اور سلف کا یہی نظریہ ہے[3]۔

---

[1] ابن ابی شیبہ، عبد اللہ بن محمد، مصنف ابن ابی شیبہ۔ (قاہرہ: طبعۃ السلفیہ) کتاب الآداب، رقم الحدیث 26282

[2] صحیح مسلم، کتاب السلام، باب النھی عن ابتداء اھل الکتاب بالسلام، رقم الحدیث 5661

[3] صحیح مسلم بشرح الامام النووی۔ ج 5، ص 134/135

حضرت ابراہیم بن میسرہ فرماتے ہیں کہ نبی رحمت ﷺ نے فرمایا: "وہ آدمی جس نے کسی بدعتی کی تعظیم کرے گویا اس نے اسلام کے منہدم کرنے میں مدد کی"[1]۔

مذکورہ بالا احادیث کی روشنی میں غیر مسلموں کو سلام کرنا جائز نہیں کیونکہ سلام کا مطلب ہے کہ جس حال میں تو ہے اللہ اس حال میں تجھے سلامت رکھے اور اس میں کافر کے کفر پر سلامت رہنے کی دعا ہے اور یہ ناجائز ہے کہ کسی کیلئے کفر پر ثابت قدم رہنے کی دعا کی جائے دوسری بات یہ کہ سلام کا مقصد تعظیم ہے اور اگر بدعتی کی تعظیم جائز نہیں تو غیر مسلم کی بدرجہ اولی جائز نہیں اور یہ دونوں چیزیں غیر مسلم کیلئے جائز نہیں۔

**دوسرا قول:**

چند متاخرین علماء کے نزدیک مطلقا غیر مسلم کو سلام کرنا جائز ہے اور اس میں کوئی حرج نہیں جن میں سید رشید رضاء وغیرہ شامل ہیں ان کے نزدیک ممانعت والی احادیث کا تعلق ہر غیر مسلم سے نہیں بلکہ حربی کافر، مخصوص حالات اور یہودیوں کا سلام میں تحریف کرنے سے متعلق تھا۔

**ممانعت سلام کا پس منظر:**

جب قبیلہ بنو قریظہ اور مسلمانوں کے درمیان کوئی معاملہ چل رہا تھا اس دوران نبی رحمت ﷺ نے ایک خاص پس منظر کے پیش نظر صحابہ کرام سے فرمایا تھا:

"میں کل یہود کے پاس جا رہا ہوں لہذا تم ان کے ساتھ سلام میں ابتداء نہ کرنا، اور اگر وہ سلام کریں تو جوابا صرف "وعلیکم" کہنا[2]۔

**شاہ حبشہ کے دربار میں مسلمانوں کا سلام:**

حضرت جعفر طیار جب صحابہ کرام کے ساتھ شاہ حبشہ کے دربار میں داخل ہوئے تو آپ نے بلند آواز میں کہا "اللہ کا گروہ اندر آنا چاہتا ہے "جب داخل ہونے کی اجازت ملی تو آپ اندر آئے اور اہل ایمان کا سلام (السلام) کہا لیکن سجدہ نہیں کیا[3]"۔

## یہودیوں کی سلام میں تحریف:

یہود سلام کرنے میں شرارت نفس اور خبث باطن کا اظہار کرتے تھے اور حضور ﷺ کی دشمنی میں اخلاقی طور پر اس حد تک گراوٹ کا شکار تھے کہ سلام کا بھی ایسا طریقہ ڈھونڈتے جو مسلمانوں کیلئے تکلیف کا باعث ہو۔

---

[1] شعب الایمان، رقم الحدیث 9464۔ مشکوۃ المصابیح، کتاب الایمان رقم الحدیث 189

[2] مصنف ابن ابی شیبہ، کتاب الاداب، باب فی رد السلام علی اهل الزمۃ، ج7ص۔491 رضا، رشید احمد، تفسیر المنار (بیروت، لبنان، دار المعرفہ) ج5، ص318

[3] ابو نعیم، حافظ احمد بن عبد اللہ۔ دلائل النبوۃ (لاہور، ضیاء القرآن پبلی کیشنز 1992) ج1ص215

عَنْ عَائِشَةَ رَضِيَ اللّٰہُ عَنْهَا ، قَالَتْ : كَانَ الْيَهُودُ يُسَلِّمُونَ عَلَى النَّبِيِّ صَلَّى اللّٰہُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ ، يَقُولُونَ : السَّامُ عَلَيْكَ ، فَفَطِنَتْ عَائِشَةُ إِلَى قَوْلِهِمْ ، فَقَالَتْ : عَلَيْكُمُ السَّامُ وَاللَّعْنَةُ ، فَقَالَ النَّبِيُّ صَلَّى اللّٰہُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ : مَهْلًا يَا عَائِشَةُ ، إِنَّ اللّٰہَ يُحِبُّ الرِّفْقَ فِي الْأَمْرِ كُلِّهِ ، فَقَالَتْ : يَا نَبِيَّ اللّٰہِ ، أَوَلَمْ تَسْمَعْ مَا يَقُولُونَ ؟ ، قَالَ : أَوَلَمْ تَسْمَعِي أَنِّي أَرُدُّ ذَلِكِ عَلَيْهِمْ فَأَقُولُ وَعَلَيْكُمْ[1] ۔

حضرت عائشہ رضی اللہ عنھا روایت کرتی ہے کہ ایک یہودی گروہ حضور ﷺ کے پاس آیا اور (خبث باطن کا اظہار کرتے ہوئے)"السام علیکم "کہا تو میں (انکی خباثت کو) سمجھ گئی۔ میں نے انہیں کہا" ہلاکت ہو تم پر اور لعنت " آپ فرماتی ہیں کہ نبی رحمت ﷺ نے فرمایا"اے عائشہ ٹھہرو، اللہ تعالی ہر معاملے میں نرمی پسند کرتا ہے تو میں نے عرض کی یا رسول اللہ آپ نے نہیں سنا کہ انھوں نے کیا کہا؟ نبی رحمت ﷺ نے فرمایا میں نے انہیں کہہ دیا تھا"وعلیکم "۔

## چند علماء کی رائے:

چند علماء کی رائے یہ ہے کہ حدیث میں غیر مسلم سے سلام کی ممانعت حربی کافر کے متعلق ہے نبی رحمت ﷺ نے مدینہ منورہ میں امن وامان کے قیام کیلئے یہود سے معاہدہ کیا لیکن یہود نے ہمیشہ مختلف سازشوں کے ذریعے اس کو توڑا یہاں تک کہ ان کے ساتھ جنگ ہوئی اور انہیں مدینہ سے بدر کیا گیا اور ممکن ہے کہ یہ حکم ان مخصوص حالات میں مسلمانوں کو غیر مسلموں کے شر سے بچانے کیلئے دیا گیا ہو۔ حالات حاضرہ میں مسلمان اور غیر مسلم اکھٹے رہتے ہیں، ایک دوسرے سے روابط ہیں، معاشرتی روایات کے مطابق مصافحہ اور معانقہ بھی کرنا پڑتا ہے حالانکہ مصافحہ اور معانقہ میں بھی عزت والا پہلو بدرجہ اتم پایا جاتا ہے[2]۔

یہود سلام کرنے میں بھی شرارت نفس اور خبث باطن کا اظہار کرتے تھے اور نبی رحمت ﷺ نے ان کی شرارت کی وجہ سے انہیں سلام کرنے سے منع فرمایا تھا اس سے واضح ہو گیا کہ ممانعت کے کچھ اسباب تھے جب وہ اسباب ختم ہوئے تو حکم بھی ختم ہو گا لہذا اسلام کی معاشرتی اہمیت، اور افشاء السلام کے عمومی دلائل کی روشنی میں یہ واضح ہے کہ غیر مسلم کو سلام میں پہل کرنے میں کوئی حرج نہیں۔

## تیسرا قول:

علماء کے ایک گروہ کے نزدیک حکمت و مصلحت، ضرورت کے پیش نظر یا نقصان سے بچنے کیلئے غیر مسلم کو سلام کرنے میں پہل کرنا جائز ہے اور ان کے دلائل مندرجہ ذیل ہیں۔

---

[1] صحیح بخاری۔ کتاب الادب، باب الرفق فی الامر کلہ، رقم الحدیث 6395

[2] حافظ نعمان عابد "مسلم اقلیات کے مسائل واحکام فقہی تفاسیر کی روشنی میں"۔ مقالہ برائے پی، ایچ، ڈی۔ ص 168 علامہ اقبال یونیورسٹی

### حضرت ابو موسی اشعری کا عمل:

حضرت ابو موسی اشعری رضی اللہ عنہ نے ایک غیر مسلم راہب کو خط لکھا تو اسے سلام بھی لکھا، آپ سے کہا گیا کہ کیا آپ ایک کافر کو سلام لکھ رہے ہیں تو آپ نے جواب دیا اس نے مجھے سلام لکھا تو میں نے جواباً اس کو بھی لکھ دیا[1]۔

### حضرت عبداللہ بن عباس کا قول:

امام قرطبی لکھتے ہیں کہ حضرت عبداللہ بن عباس نے ایک سفر میں ایک غیر مسلم (جو حیرہ کا رہنے والا کسان) کو سلام کیا۔علقمہ فرماتے ہیں میں نے ابن عباس سے کہا!"اتسلم علی هؤلاء الکفار،فقال : نعم، انهم صحبو لی ولصحبۃ حق[2]"۔

کیا آپ ان غیر مسلموں کو سلام کرتے ہیں تو آپ نے جواب دیا جی ہاں بیشک وہ میر اصاحب ہے اور حق صحبت کی وجہ سے سلام کرنا حق ہے[3]۔

### حضرت ابو امامہ کا طرز عمل:

حضرت ابو امامہ رضی اللہ عنہ کے حوالے سے روایت کیا ہے کہ وہ راستے میں چلتے ہوئے سب کو سلام کرتے، مسلمان ہو یا غیر مسلم چھوٹا ہو یا بڑا، جب ان سے اس کے بارے میں پوچھا گیا تو فرمایا"انا امرنا بافشاء الاسلام"ہمیں سلام کو عام کرنے کا حکم دیا گیا ہے اور فرمایا کہ سلام مسلمانوں کیلئے دعا اور ذمیوں کیلئے امن کا اظہار ہے[4]۔

### ابن حجر نے امام اوزاعی کی رائے ذکر کرتے ہوئے فرمایا:

امام اوزاعی سے پوچھا گیا کہ اگر راستے میں کوئی کافر ملے تو کیا اسے سلام کیا جائے؟ امام اوزاعی نے فرمایا

"ان سلمت فقد سلم المسلمون وان ترکت فقد ترک الصالحون[5]" امام اوزاعی نے فرمایا دونوں اقوال موجود ہے اور دونوں پر سلف کا عمل ہے۔

---

[1] الادب المفرد۔رقم الحدیث 1101

[2] مصنف ابن ابی شیبہ، کتاب الادب، رد السلام علی اهل الزمہ، رقم 26385

[3] قرطبی، ابو عبداللہ محمد بن احمد۔الجامع لاحکام القرآن۔مترجم، شوکت علی (ضیاء القرآن پبلی کیشنز، لاہور 2014) ج6، ص129۔

[4] عسقلانی، احمد بن علی بن حجر۔فتح الباری شرح صحیح البخاری۔(قاہرہ، دار الحدیث 2004ء) ج11، ص46/52

[5] فتح الباری شرح صحیح البخاری، ج11، ص52

### ابراہیم نخعی کا قول:

ممانعت والی حدیث محمول ہوگی ایسے حالات میں جب غیر مسلموں سے کوئی غرض نہ ہو لیکن جب کوئی حاجت ہو، کسی ذمہ داری کو پورا کرنا ہو، صحبت یا سفر کا حق ادا کرنا ہو تو ایسی صورت میں غیر مسلموں کو سلام کرو[1]۔

### ڈاکٹر زحیلی لکھتے ہیں:۔

ایسی مجلس جہاں دونوں (مسلم اور غیر مسلم) موجود ہو وہاں بھی سلام کر سکتے ہیں اور غیر مسلموں کے پاس تبلیغ کیلئے جائیں تو بھی غیر مسلم کو سلام کر سکتے ہیں[2]۔

### قاضی کا قول:۔

امام نووی قاضی کا قول نقل کرتے ہوئے فرماتے ہیں:۔ کسی راجح مصلحت کی بنیاد پر غیر مسلم کو سلام کرنے میں پہل کرنا جائز ہے جیسے کسی ضرورت، سبب یا حاجت کی وجہ سے غیر مسلم کو سلام کرنے میں پہل کرنے میں کوئی مضائقہ نہیں[3]۔

جب عام اسباب اور ضروریات کی وجہ سے سلام جائز ہے تو ایک مسلمان کیلئے سب سے بڑا مقصد دعوت دین ہے داعی دین کے سامنے تو سب سے بڑا سبب دعوت دین ہے لہذا وہ اس مقصد کو مد نظر رکھتے ہوئے سلام میں پہل کرے یا سلام کا جواب دے تو کوئی مضائقہ نہیں۔

### علامہ غلام رسول سعیدی کا نظریہ:

غیر مسلموں کو سلام کرنے کے حوالے سے جانبین کے دلائل ذکر کرنے کے بعد اپنی رائے بیان کرتے ہوئے لکھتے ہیں کہ کافر یا فاسق کو دعا کے معنی میں ابتداء میں سلام کیا جائے کہ اللہ تمھیں ہدایت دے اور مزید لکھتے ہیں کہ "کفار اور فساق کو ابتداء میں سلام کرنے کی بہت سی وجوہ صحیحہ موجود ہیں جس میں پرورش کا حق ادا کرنے کی کی وجہ سے، جوار یا مصاحبت کی وجہ سے یا ہدایت کی دعا کی نیت سے ابتداءِ سلام کر سکتے ہیں[4]۔

### مفتی منیب الرحمان کا نظریہ:

میری رائے میں فقہاء کی آراء ان کے اپنے دور کے تناظر میں تھی جب مسلمان غالب تھے یا غیر مسلم مسلمانوں کو سلام کرنے کو فخر سمجھتے ہیں۔ آج کے حالات مختلف ہیں مسلمانوں اور غیر مسلموں کا باہمی تعامل زیادہ ہو گیا ہے اور روابط بڑھ گئے ہیں جہاں مصافحہ اور معانقہ بھی کرنا پڑتا ہے اور یہ باہمی

---

[1] ابو عبد اللہ محمد بن احمد۔ الجامع لاحکام القرآن، (مطبوعہ دار الفکر بیروت، 1415ھ) ج11، ص73

[2] زحیلی، ڈاکٹر وھبہ الزحیلی، التفسیر المنیر ج1، ص452

[3] صحیح مسلم بشرح الامام النووی، ج6، ص145

[4] سعیدی، غلام رسول۔ تبیان القرآن، ج7، ص286

سلام وکلام مدارات کے طور پر ہے اس لئے کہ اگر ہم منہ موڑلیں تو اسلام اور مسلمانوں کے خلاف ایک منفی تاثر جائے گا کہ اسلام دیگر اہل مذاہب سے نفرت کرتا ہے۔ بہترین صورت یہی ہے کہ وہ الفاظ استعمال کئے جائے جو ان کے ہاں رائج ہوں اور مذہبی علامات بھی نہ ہوں اور سلام میں پہل کریں تو وعلیکم السلام کہنا چاہیے کیوں کہ ممانعت کی وجہ مداہنت ہے اور وہ یہاں مقصود ہی نہیں[1]۔

**سلام تالیف قلبی کا سبب:**

غیر مسلموں کو سلام کی ایک وجہ تالیف قلبی بھی بیان کی گئی ہے جو کہ فطری عمل ہے تالیف قلبی کا مقصد غیر مسلموں کو اسلام کی طرف مائل کرنا بتایا گیا ہے اور یہ ضرورت کوئی ہنگامی صورت تو نہیں بلکہ جب تک غیر مسلم موجود ہیں یہ ضرورت بھی باقی ہے لہذا صحیح بات یہ ہے کہ اسلام نے جن اعلی اخلاق کی تعلیم دی ہے سلام اس کا حصہ ہے۔

داعی دین کو حکمت و مصلحت سے کام لینا چاہیے اور اس کی اولین ترجیح لوگوں کو اسلام کی طرف مائل کرنا ہو۔ دعوت میں حکمت و مصلحت کا اندازہ اس بات سے لگایا جا سکتا ہے کہ وہ امور جو مختلف فیہ ہوں وہاں فقہاء نے لچک اور نرمی دیکھائی اس کا سبب دعوت دین ہے۔

**مشترکہ مجلس کو سلام کرنا:**

بعض اوقات کسی سماجی معاملہ میں معاشرہ کے تمام طبقات کے لوگ جمع ہوتے ہیں جس میں مسلم اور غیر مسلم دونوں موجود ہوتے ہیں وہاں سلام کی کیفیت کے بارے میں علماء نے جو آراء بیان کی ہیں اس کی تفصیل مندرجہ ذیل ہے۔

**نبی رحمت ﷺ کا مشترکہ مجلس کو سلام:**

حضرت اسامہ بن زید روایت کرتے ہیں کہ نبی رحمت ﷺ حضرت سعد بن عبادہ کی عیادت کیلئے تشریف لے گئے آپ ﷺ کے ساتھ سواری میں حضرت اسامہ بن زید بھی موجود تھے راستے میں ایک ایسی مجلس سے گزر ہوا جس میں مسلمان، بت پرست مشرک اور یہود موجود تھے ان میں مشہور زمانہ منافق عبد اللہ بن ابی بھی موجود تھا نبی رحمت ﷺ نے انہیں سلام فرمایا اور لوگوں کو دین کی دعوت دی۔

**امام نووی فرماتے ہیں:۔**

ایسی مجلس جہاں مسلمان اور غیر مسلم دونوں موجود ہوں وہاں سلام کرنا جائز ہے لیکن وہاں نیت مسلمان کی کی جائے گی[2]۔

---

[1] منیب الرحمان۔ تفہیم المسائل۔ (لاہور، ضیاء القرآن پبلی کیشنز) ج6 ص532

[2] شرح صحیح مسلم۔ کتاب السلام، باب النھی عن ابتداء اھل الکتاب بالسلام، جزء13/14، ص128

### سلام کے الفاظ کا انتخاب:

غیر مسلم کو سلام کرنا یا اسکے سوال کا جواب دینا حکمت و مصلحت کے تحت جائز ہے ہاں البتہ سلام یا جواب کیلئے الفاظ کے چناؤ میں تبدیلی کر کے اختلاف سے بچا جاسکتا ہے جیسے دعائیہ کلمات، یا عمومی کلمات جن سے معاشرتی آداب بھی قائم رہیں اور شرعی ممانعت بھی نہ رہے۔

نبی رحمت ﷺ نے شاہ روم "ہرقل" کو جو خط لکھا تھا اسکا آغاز یوں ہے "السلام علی من اتبع الھدی[1]"۔

حضرت قتادہ فرماتے ہیں: غیر مسلموں کے پاس جاؤ تو سلام یوں کہو: "السلام علی من اتبع الھدی[2]"

### علماء کی آراء اور حالات حاضرہ:

ان سب آراء کی موجودگی میں داعی کی ذمہ داری ہے کہ وہ حالات حاضرہ کو مد نظر رکھے کہ دنیا گلوبل ویلیج بن چکی ہے، مسلمانوں کے غیر مسلموں کے ساتھ ثقافتی، سماجی، معاشرتی، معاشی، دفاعی، خارجی الغرض مختلف نوعیات کے تعلقات ہیں بہت سے ممالک میں ایک مخلوط معاشرہ ہے جہاں مسلم اور غیر مسلم اکھٹے رہتے ہیں دوسری طرف حالات یہ ہیں کہ مسلمان پوری دنیا میں مظلوم و محکوم ہیں، مسلمانوں کو دہشت گردی کے ساتھ جوڑا جارہا ہے اور نفرت کی نگاہ سے دیکھا جاتا ہے ایسے میں ایک داعی کا رویہ انتہائی اہمیت کا حامل ہے۔ ایسے میں ایک داعی کو اعتدال، میانہ روی، رواداری اور حسن اخلاق کا پیکر اور انسانیت کا خیر خواہ ہونا چاہیے، ہر قدم حکمت کے ساتھ اٹھانا چاہیئے ایسے میں حکمت و مصلحت کے تحت داعی غیر مسلموں کو مسنون طریقے سے سلام کرے تو اس میں کوئی حرج نہیں اور سلف کی مخالفت نہیں ہوگی اس سے آہستہ آہستہ وہ اسلام کی طرف مانوس ہو جائیں لیکن اس بات کو مد نظر رکھنا بھی ضروری ہے کہ کہیں ایسا رویہ نہ رکھا جائے جو اسلامی شعار کے مخالف ہو۔

وہ حدیث جس میں غیر مسلموں کو سلام میں ابتداء کرنے سے منع کیا گیا تھا اس کا ایک خاص پس منظر تھا اس لیے کہ یہود سلام کرنے میں بھی شرارت نفس اور خبث باطن کا اظہار کرتے تھے اور نبی رحمت ﷺ نے ان کے بغض و عناد، ان کی شرارت اور بدزبانی کی وجہ سے انہیں سلام کرنے سے منع فرمایا تھا اس سے واضح ہو گیا کہ ممانعت کے کچھ اسباب تھے جب وہ اسباب ختم ہوئے تو حکم بھی ختم ہو گا لہذا اسلام کی معاشرتی اہمیت، اور افشاء السلام کے عمومی دلائل کی روشنی میں یہ واضح ہے کہ غیر مسلم کو سلام میں پہل کرنے میں کوئی حرج نہیں۔ جہاں غیر مسلموں سے بہتر روابط ہوں اور وہ عداوت اور مخاصمت کا رویہ نہ رکھے ہوں وہاں اگر کوئی غیر مسلم اسلامی تعلیمات یا اسلامی معاشرہ کے زیر اثر کسی مسلمان کو معاشرتی اخلاقیات کو سامنے رکھتے ہوئے مسنون الفاظ میں سلام کرے تو جواب بھی معاشرتی آداب کے مطابق ہونا چاہیے تا کہ اس سے پیدا ہونے والا تعلق دعوت دین کی نشر و اشاعت کا سبب بنے اور مدعو کا دل اسلام کی طرف مائل ہو۔

---

[1] صحیح بخاری، کتاب الاستئذان،، باب کیف یکتب الکتاب الی اھل الکتاب۔ رقم الحدیث 6260

[2] مصنف عبد الرزاق، کتاب اھل الکتاب، باب السلام علی اھل الکتاب رقم 9841

## غیر مسلموں کو تحفے تحائف دینا:

تحفے تحائف کا تبادلہ سماجی اور معاشرتی زندگی کا ایک خوشگوار تقاضا ہے اس سے تعلقات بہتر بنانے میں مدد ملتی ہے، دوستی بڑھتی ہے اور باہمی فاصلے کم ہوتے ہیں۔ نبی رحمت ﷺ نے اس کی بڑی ترغیب دی ہے اور اس میں پوشیدہ حکمتیں اور فوائد بیان کرتے ہوئے اس کو دلوں میں محبت والفت کا سبب قرار دیا نبی رحمت ﷺ نے فرمایا:

"تَهَادَوْا فَإِنَّ الْهَدِيَّةَ تُذْهِبُ وَحَرَ الصَّدْرِ[1]"

ایک دوسرے کو تحفے دیا کرو اسلئے کہ تحفے کالین دین سینوں سے بغض وعناد کو ختم کرتا ہے۔

تحائف دینا اور لینا اسلام میں ایک مستحسن کام ہے حضرت عائشہ صدیقہ نبی رحمت کے عمل مبارک کے متعلق فرماتی ہیں:

كَانَ رَسُولُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ يَقْبَلُ الْهَدِيَّةَ وَيُثِيبُ عَلَيْهَا[2]۔

نبی رحمت ﷺ تحائف قبول کرتے اور اس کے عوض تحائف دیتے بھی تھے۔

نبی رحمت کا ہدیوں کو قبول کرنا یا دینا عام ہے مسلمانوں اور غیر مسلموں دونوں سے ثابت ہے اسی طرح انفرادی اور اجتماعی طور پر بھی تحائف کا دینا اور وصول کرنا ثابت ہے۔

## رہاویین قبیلے کی آمد اور قبول اسلام:

قبیلہ رہاویین دس ہجری کو پندرہ افراد کی صورت میں نبی رحمت ﷺ کی بارگاہ میں حاضر ہوا تو ان کو سرکاری مہمان خانے میں ٹھہرایا گیا اور نبی رحمت ﷺ ان کے ہاں بھی تشریف لے گئے۔ انھوں نے چند تحائف پیش کیے جن میں ایک گھوڑا بھی شامل تھا اور اس کا نام مرواح تھا آپ ﷺ کے حکم کے مطابق اس کے سوار نے اسکا رقص اور کرتب دیکھائے آپ ﷺ نے اسے پسند فرمایا اور ان تمام افراد نے اسلام قبول کیا۔ پھر حضور ﷺ نے اس وفد کو رخصت کرتے وقت بھی انعام واکرام سے نوازا جن میں زیادہ سے زیادہ بارہ اوقیہ اور کم سے کم پانچ اوقیہ چاندی ان میں تقسیم کی گئی[3]۔

ایک داعی کیلئے نبی رحمت کا اسوہ حسنہ ہی بہترین مشعل راہ ہے اور تمام داعیان اسلام کیلئے اسوہ حسنہ ہے کہ کیسے آپ ﷺ نے انکی مہمان نوازی کی اور سرکاری مہمان خانوں پر رہائش دی گئی، انکے تحائف کو قبول کیا اور اس پر خوشی کا اظہار فرمایا اور ان کی اخلاقی طور پر تالیف قلبی کی جس پر

---

[1] سنن ترمذی۔ کتاب الولاء والھبۃ عن رسول اللہ۔ باب فی حث النبی ﷺ علی التھادی۔ رقم، 2130

[2] صحیح بخاری۔ کتاب الھبۃ، باب المکافاۃ فی الھبۃ، رقم الحدیث، 2585

[3] طبقات ابن سعد، ج2ص120

سارا قبیلہ اسلام بگوش ہوا۔ آج بھی داعی دین غیر مسلموں کو دعوت دیتے وقت اس طرح کا رویہ رکھے اور تحفہ تحائف کا تبادلہ کرے، ان کی دلجوئی کرے اور اس سے مقصود انہیں دین اسلام کی طرف رغبت ہو تو نتائج مختلف ہو سکتے ہیں۔

### وفد ذومرہ کی حاضری اور حضور ﷺ کو تحائف پیش کرنا:

ذومرہ تیرہ افراد پر مشتمل تھے اور ان کا رئیس حارث بن عوف تھا انھوں نے یہ بھی بتایا کہ ہم لوگ حضور کے خاندان کے ہیں اس پر حضور نے تبسم فرمایا اور علاقے کے بارے میں پوچھا تو وہ کہنے لگے کہ ہم قحط سالی کا شکار ہیں لہذا دعا فرمائیں تو حضور ﷺ نے دعا فرمائی چند ایام قیام کرنے کے بعد واپسی پر جب حضور کے پاس سلام کیلئے حاضر ہوئے تو حضور ﷺ نے حضرت بلال کو حکم دیا کہ ہر ایک کو دس دس اوقیہ چاندی بطور ہدیہ دیں اور ان کے سردار کو بارہ ہزار اوقیہ چاندی دی[1]۔

داعی دین کو چاہیے کہ مدعو کی دلجوئی کرے اور غیر مسلموں (مدعو) کی مدد کرنی چاہیے جیسے نبی رحمت ﷺ نے کی اور انہیں تحائف بھی دیے اور جب وفد ذومرہ نے خاندانی قرابت کا ذکر کیا تو نبی رحمت ﷺ نے تبسم فرما کر خوشی کا اظہار کیا اس سے مخاطب کے دل میں احترام پیدا ہوتا ہے اور غیر مسلم وفود کی آمد پر انہیں تحائف دینے چاہیے۔

### مصر کے گورنر کا تحائف بھیجنا اور آپ ﷺ کا قبول کرنا:

مصر کے حاکم مقوقس نے نبی رحمت ﷺ کیلئے تحائف بھیجے۔ نبی رحمت ﷺ نے ہجرت کے ساتویں سال دیگر امراء کے علاوہ مصر کے بادشاہ مقوقس کے پاس اپنا سفیر حضرت حاطب ابی بلتعہ کو دعوت دین کا پیغام دے کر بھیجا تو مقوقس نے حضرت حاطب کو دربار میں بلا کر رسالت کے متعلق چند سوالات کے بعد انکی تعریف بھی کی اور کچھ تحائف نبی رحمت ﷺ کی بارگاہ میں بھیجے جنہیں آپ نے قبول فرمایا اس میں دو باندیاں بھی تھیں جو حضرت حاطب کی دعوت سے اسلام قبول کر چکی تھیں ان میں سے ایک ماریہ رضی اللہ عنہا تھیں (جنکو نبی رحمت نے اپنی ملکیت میں رکھا اور انہی کے بطن سے حضرت براھیم پیدا ہوئے) اسکے علاوہ ایک ہزار مثقال سونا، بیس عدد ملائم کپڑے، ایک خچر جسکا نام دلدل تھا (نبی رحمت کے بعد امام حسن اور امام حسین کے استعمال میں بھی رہا) ایک گدھا جسے عفیر یا یعفور کہا جاتا تھا اور ایک مابور نامی غلام بھی بھیجا تھا[2]۔

### ایلہ کے بادشاہ کا حضور کی بارگاہ میں تحفہ پیش کرنا:

ایلہ کے بادشاہ نے رسول اللہ ﷺ کی خدمت میں بطور تحفہ ایک سفید خچر پیش کیا تو نبی رحمت ﷺ نے ایک چادر اس کو تحفے میں بھیجی[3]۔

---

[1] سیرت حلبیہ، ج2، ص607

[2] عمری، سید جلالالدین۔ غیر مسلموں سے تعلقات اور ان کے حقوق۔ ص152

[3] صحیح مسلم، کتاب الفضائل، باب فی معجزات النبی ﷺ۔ رقم الحدیث5948

**دومہ کے بادشاہ کا حضور ﷺ کی بارگاہ میں تحائف پیش کرنا:**

حضرت انس کی روایت ہے کہ اکیدر بن عبد الالمالک دومہ نے آپ ﷺ کو ایک ریشمی کرتا بطور ہدیہ بھیجا تو لوگ اسے تعجب سے دیکھنے لگے تو تو آپ ﷺ نے فرما قسم ہے اس ذات کی جس کے ہاتھ میں محمد ﷺ کی جان ہے جنت میں سعد بن معاذ کا رومال اس سے عمدہ ہے[1]۔

حضرت علی سے روایت ہے کہ اکیدر رومہ نے نبی رحمت ﷺ کو ایک ریشمی جوڑا تحفہ میں بھیجا آپ ﷺ نے وہ جوڑا مجھے عنایت کیا اور میں نے خواتین کو دیا[2]۔

**شاہ روم کے تحائف:**

حضرت ابو سعید خدری سے روایت ہے کہ شاہ روم نے رسول اللہ ﷺ کو سو اونٹ کا گھڑا ہدیہ میں بھیجا اسے آپ ﷺ نے صحابہ کے درمیان تقسیم کیا اور ایک خچر ہدیہ میں بھیجا جسے آپ سواری کیلئے استعمال کرتے اور حضرت جابر کی روایت کے مطابق نجاشی نے نبی رحمت ﷺ کیلئے عطر کی شیشی سوغات میں بھیجی تھی[3]۔

مولانا جلال الدین عمری نے نجاشی کے حوالے سے اور بھی کئی روایات جمع کی ہیں جن میں مختلف اشیاء کا ذکر ہے کہ شاہ حبشہ نے نبی رحمت ﷺ کو مذکورہ اشیاء ہدیہ کیں تھیں[4]۔

## غیر مسلموں سے تحائف لینے کی ممانعت

**مذکورہ بالا روایات کے بر خلاف بھی کچھ روایات ملتی ہیں جن سے معلوم ہوتا ہے کہ رسول اللہ ﷺ نے غیر مسلموں سے ہدیہ لینے سے منع فرمایا:**

حضرت عائشہ رضی اللہ عنہا سے کسی خاتون نے سوال کیا کہ ہمارے کچھ رشتہ دار مجوسی ہیں اور وہ اپنے مذہبی تہواروں میں ہمیں ہدیہ دیتے ہیں حضرت عائشہ نے فرمایا ذبیحہ نہ کھاؤ البتہ پھل کھا سکتے ہیں[5]۔

حضرت عیاض بن حمار رضی اللہ عنہ فرماتے ہیں:" میں نے قبول اسلام سے پہلے نبی رحمت ﷺ کی خدمت میں ایک اونٹ پیش کیا تو نبی رحمت ﷺ نے دریافت فرمایا کہ کیا آپ نے اسلام قبول کیا ہے؟ میں نے نفی میں جواب دیا تو آپ ﷺ نے فرمایا:

---

[1] صحیح بخاری، کتاب الھبۃ وفضلھا والتحریض علیھا، باب قبول الھدیۃ من لمشرکین، رقم الحدیث 2615

[2] صحیح مسلم، کتاب اللباس والزینہ، باب تحریم الذھب والحریر علی الرجال واباحتہ للنساء۔ رقم الحدیث 5423

[3] غیر مسلموں سے تعلقات اور ان کے حقوق۔ ص 157

[4] ایضا

[5] مصنف ابن ابی شیبہ۔ کتاب الاطعمۃ ما قالو افما یؤکل من طعام المجوس (قاھرہ: طبعۃ السلفیہ) ج 8 ص 87

"فَإِنِّي نُهِيتُ عَنْ زَبْدِ الْمُشْرِكِينَ"[1]۔

مجھے مشرکین سے عطیات لینے سے منع کیا گیا ہے۔

### غیر مسلموں سے تحائف قبول نہ کرنے کی وجوہات:

بعض علماء نے ہدیہ قبول کرنے اور نہ کرنے والی احادیث کے درمیان یوں تطبیق دی ہے کہ جو لوگ موالات کی خاطر تحائف دیتے تھے ان کے تحائف قبول نہیں کئے اور جن کے دلوں میں مسلمانوں اور دین اسلام کیلئے انسیت دیکھی گئی ان کے تحائف قبول کئے[2]۔

### عمر فاروق سعیدی سنن ابی داود کی شرح میں لکھتے ہیں:

ہدیہ لینا دلوں میں محبت پیدا کرتا ہے لہذا عمومی طور پر اسے پرہیز کرنا چاہیئے البتہ کوئی شرعی مصلحت یا ضرورت کے پیش نظر ہدیہ لینے میں کوئی حرج نہیں جیسے کسی سے یہ امید ہو کہ وہ اسلام کے قریب ہو گا یا اسلام لے آئے گا اور امام بخاری نے "كتاب الهبہ،باب قبول الهدايہ من المشركين" میں بھی یہی ثابت کیا ہے۔ عیاض بن حمار سے ہدیہ نہ لینے کی وجہ ان کو اسلام کی طرف ابھارنا تھا اور پھر انھوں نے اسلام بھی قبول کیا[3]۔

امام قرطبی اس حدیث کے حوالے سے لکھتے ہیں "قال جماعة من العلماء بالنسخ فيها" علماء کی ایک جماعت نے اس میں نسخ کا قول کیا ہے مطلب جس حدیث میں تحفے کی ممانعت کا ذکر ہے ان کو وہ احادیث منسوخ کرتی ہیں جن میں جواز کا ذکر ہے۔

بطور سربراہ مملکت نبی رحمت نے تحائف قبول فرمائے اور عطاء بھی فرمائے بعض اوقات اگر کسی نے انفرادی طور پر دیا تو آپ نے اسے قبول نہ فرمایا۔

### غیر مسلم کو مذہبی تہوار میں تحفہ دینا:

غیر مسلموں کے مذہبی تہوار کے موقع پر ان کو تحفہ نہ دیا جائے اس لئے کہ ان کے مذہبی تہوار میں تحفہ دینا حرام کام میں تعاون کرنے کے مترادف ہے اس حوالے سے ابن تیمیہ یوں رقمطراز ہیں:

"مسلمانوں کا کفار کو ان کے مذہبی تہوار پر تحائف دینا یا خرید و فروخت کرنا سب حرام ہے، کیونکہ یہ گناہ کے کام میں تعاون کے زمرے میں آتا ہے[4]"۔

---

[1] سنن ترمذی۔ کتاب السیر عن رسول اللہ، باب فی کراھیة ھدایا المشرکین۔ رقم الحدیث 1577

[2] شرح سنن ترمذی۔ مجلس علمی (نئی دہلی دار الدعوۃ) رقم الحدیث 1577

[3] عمر فاروق۔ شرح سنن ابی داود۔ رقم الحدیث 3057

[4] احمد بن علیم، ابن تیمیہ، اقتضاء الصراط المستقیم۔ (دار اشبیلیا، 1998) ج2، ص380

## امام زیلعی کا قول:

نیروز اور اور مرجان کے دن یہودیوں کو تحائف دینا جائز نہیں بلکہ حرام اور کفر ہے[1]۔

غیر مسلموں کو تحائف دینے کا مقصد محبت و مؤدت (موالات) نہ ہو بلکہ مدارات ہو یعنی اس کے دل سے اسلام کی نفرت اور عداوت ختم کرنا اور اسلام کی طرف مائل کرنا کیونکہ غیر مسلموں سے موالات کی نفی نصوص قرآنی اور احادیث رسول ﷺ سے ثابت اور کفار سے موالات نصوص قطعیہ کے خلاف ہے۔

## جلال الدین عمری امام نووی کے حوالے سے لکھتے:

جمہور کی رائے یہ ہے کہ رسول اللہ ﷺ کے پیش نظر جہاں اسلام اور مسلمانوں کا مفاد رہا اور ان لوگوں کے تحائف لینے میں اسلام کا مفاد ہے ان لوگوں کی تالیف قلبی ہو گی اور وہ اسلام کی طرف مائل ہونگے تو اس صورت میں ان کے تحائف قبول فرمائے اور ان کو تحائف بھیجے جہاں اس طرح کی مصلحت نہیں وہاں آپ نے ہدیے رد بھی فرمائے[2]۔

نبی رحمت ﷺ نے مختلف بادشاہوں کو تحائف عطاء بھی کئے اور ان سے قبول بھی جیسا کہ نبی رحمت ﷺ کے حوالے سے حضرت علی فرماتے ہیں:

"أَنَّ كِسْرَى أَهْدَى لَهُ فَقَبِلَ، وَأَنَّ الْمُلُوكَ أَهْدَوْا إِلَيْهِ فَقَبِلَ مِنْهُمْ[3]"

کسری نے آپ ﷺ کو تحائف دیے آپ ﷺ نے قبول کیا اور اسی طرح مختلف بادشاہوں کو تحائف عطاء بھی فرمائے اور ان سے قبول بھی کیے۔

تحائف کا تبادلہ تالیف قلبی کا ایک ذریعہ ہے جس کے ذریعے داعی اپنے تعلقات مستحکم کر سکتا ہے اور اس اسلوب کو دعوت دین میں بطور ہتھیار استعمال کر سکتے ہیں داعی دین نبی رحمت ﷺ کی زندگی کو اسوہ بنائے اور جہاں اسے محسوس ہو کہ تحائف کے دینے سے مدعو اسلام کی طرف مائل ہو گا وہاں ضرور بالضرور دینا چاہیے جو کہ اصل مقصود ہے۔

## غیر مسلموں کا استقبال اور مہمان نوازی:

اسلام میں مہمان نوازی کو بڑی اہمیت اور فضیلت حاصل ہے اور کسی بھی اچھے معاشرہ کا حسن ہے اور اسلامی معاشرہ سے اچھا معاشرہ کونسا ہو سکتا ہے ذیل میں دیکھیں گے کہ دعوت دین کے تناظر میں داعی کیسے غیر مسلم کا استقبال کر سکتا ہے۔

---

[1] زیلعی، عثمان بن علی، تبیین الحقائق شرح کنز الدقائق۔(بیروت، دار الکتب العلمیہ 2021)ج18، ص380

[2] غیر مسلموں سے تعلقات اور ان کے حقوق، ص152

[3] ترمذی، ابواب السیر، باب ماجاء فی قبول ہدایا المشرکین۔رقم الحدیث 7515

## جریر بن عبد اللہ کی نبی رحمت ﷺ کی بارگاہ میں حاضری:

جریر بن عبد اللہ نے روایت کیا ہے کہ نبی رحمت ﷺ نے مجھے بلانے کیلئے ایک قاصد روانہ کیا جب میں حاضر ہوا تو نبی رحمت ﷺ نے پوچھا:"ما جاء بک" "کس مقصد کے لیے آئے ہو تو میں نے عرض کیا" اسلام قبول کرنے کیلئے حاضر ہوا ہوں تو" نبی رحمت ﷺ نے اپنی چادر مبارک میرے اوپر ڈال دی اور صحابہ کرام سے فرمایا کہ "جب بھی کسی قوم کا معزز تمہارے پاس آئے تو اس کی عزت کیا کرو" پھر نبی رحمت ﷺ نے فرمایا" میں تجھے اس امر کی طرف دعوت دیتا ہوں کہ اللہ ایک ہے، اس کا کوئی شریک نہیں اور میں اللہ کا رسول ہوں[1]"۔

نبی رحمت ﷺ کا اسوہ حسنہ داعی دین کیلئے مشعل راہ ہے کہ آپ ﷺ نے کس طرح دعوت دین میں حسن اخلاق کا مظاہرہ کیا کہ عبد اللہ بن جریر کو اپنی مبارک چادر عطاء کی اور محبت و شفقت سے نوازا۔ اگر آج بھی داعی دین نبی رحمت ﷺ کی سیرت پر عمل کرے اور مخاطب کے ظاہری مقام کو مد نظر رکھے تو یقیناً لوگ اسلام کی طرف مائل ہوں گے اور انکی حوصلہ افزائی ہو گی۔

## وفد نجران کی مہمان نوازی:

جب نجران کا وفد مدینہ آیا تو مسجد کے صحن میں ان کیلئے خیمے لگوائے اور مہمان نوازی اور سخاوت کی وہ مثال قائم کی جس کی کوئی نظیر نہیں ملتی[2]۔

## وفد بلی کا استقبال:

نو ہجری، ربیع الاول میں وفد بلی مدینہ پہنچا مدینہ میں ان کے رشتہ دار رویفع بن ثابت البلوی[3] رہائش پزیر تھے ان کے پاس ٹھہرے اور وہ اس وفد کو لیکر نبی رحمت ﷺ کے پاس حاضر ہوئے اور عرض کی یہ میری قوم کے افراد ہیں۔ نبی رحمت ﷺ نے ارشاد فرمایا:"مرحبا بک وبقومک" "میں تمھیں اور تمھاری قوم کو خوش آمدید کہتا ہوں" اسکے بعد انھوں نے اسلام قبول کیا تو حضور ﷺ نے فرمایا:" میں اس اللہ کی حمد و ثنا کرتا ہوں جس نے تمھیں اسلام قبول کرنے کی ہدایت بخشی"۔ اس کے بعد یہ لوگ اپنے میزبان حضرت رویفع بن ثابت کے گھر تشریف لے گئے اور نبی کے بھی ان کیلئے کھجوریں لیکر وہاں تشریف لے جاتے[4]۔

نبی رحمت ﷺ کس طرح لوگوں کی دلجوئی کرتے تھے، خود ان کے ہاں جاتے، کھجوروں کا تحفہ ساتھ لے جاتے اور آج بھی اہل اسلام اگر نبی رحمت کے اس مبارک اسوَہ کو اپنالیں تو یقیناً لوگ دین اسلام کو بڑی تیزی سے قبول کریں گے اور پوری دنیا میں اسلام کا بول بالا ہو گا۔

---

[1] سیرت ابن کثیر، ج1، ص593

[2] سیرت ابن ہشام۔ ج1، ص399

[3] آپ کا تعلق قبیلہ خزاعہ کی شاخ "بلی بن عمر" سے تھا اور آپ وفد بلی کی آمد سے پہلے ہی اسلام قبول کر چکے تھے۔

[4] طبقات ابن سعد، ج2، ص106 ضیاء النبی، ج4، ص679

### وفد بنی عذرہ کی حاضری اور نبی رحمت صَلَّی اللّٰہُ عَلَیْہِ وَسَلَّم کا رد عمل:

نو ہجری صفر کے مہینے میں بارہ افراد پر مشتمل ایک وفد نبی رحمت صَلَّی اللّٰہُ عَلَیْہِ وَسَلَّم کی بار گاہ میں حاضر ہوا حضور صَلَّی اللّٰہُ عَلَیْہِ وَسَلَّم نے پوچھا: من القوم؟ تو انھوں نے جواب دیا "نحن بنو عزرة آخوة قصــتلامہ " تو رحمت عالم صَلَّی اللّٰہُ عَلَیْہِ وَسَلَّم نے فرمایا: مرحبا بکم و اھلا "خوش آمدید، تمھیں بھی اور تمھارے گھر والوں کو بھی تم اپنے گھر والوں کے پاس آئے ہو چنانچہ انھوں نے اسلام قبول کیا[1]۔

نبی رحمت صَلَّی اللّٰہُ عَلَیْہِ وَسَلَّم کا انکو خوش آمدید کہنا اور محبت بھرے جملوں کے تبادلہ نے ان کے دلوں کو دین اسلام کیلئے کھول دیا۔ داعیان اسلام کیلئے آپ صَلَّی اللّٰہُ عَلَیْہِ وَسَلَّم کی زندگی مشعل راہ ہے کس طرح ایک داعی حسن اخلاق کا پیکر بن کر غیر مسلموں کو دین کی دعوت دیتا ہے۔

### وفد محارب کی حاضری:

سنہ 10 ہجری میں قبیلہ محارب کا وفد نبی رحمت صَلَّی اللّٰہُ عَلَیْہِ وَسَلَّم کی بار گاہ میں حاضر ہوا نبی رحمت صَلَّی اللّٰہُ عَلَیْہِ وَسَلَّم نے ان کو سرکاری مہمان خانوں میں ٹھہرایا اور حضرت بلال کی ڈیوٹی لگائی کہ انھیں روز صبح، شام کھانا پیش کریں یہاں تک کہ نبی رحمت صَلَّی اللّٰہُ عَلَیْہِ وَسَلَّم سے انکی ملاقات ہوئی اور اسلام کے دامن سے وابستہ ہوئے یہی قبیلہ تھا جو مکہ میں جب نبی کریم صَلَّی اللّٰہُ عَلَیْہِ وَسَلَّم قبائل میں دعوت دینے جاتے تو بڑی حقارت کی نگاہ سے دیکھتے تھے اور یہی قبیلہ سب سے زیادہ قساوت قلبی کا ثبوت دیتا تھا لیکن بار گاہ رسالت صَلَّی اللّٰہُ عَلَیْہِ وَسَلَّم نے ان کو وہ عزت دی کہ ان کی دل کی دنیا ہی تبدیل ہو گئی۔ وفد میں ایک ایسا آدمی بھی تھا جس سے نبی رحمت صَلَّی اللّٰہُ عَلَیْہِ وَسَلَّم پہچانتے تھے اور آپ صَلَّی اللّٰہُ عَلَیْہِ وَسَلَّم نے فرمایا اللہ کا شکر ہے کہ تو نے اسلام قبول کیا کیونکہ دل تو اللہ کے قبضے میں ہیں[2]۔

### وفد بنو تمیم کی آمد پر مکالمہ:

بنو تمیم کا وفد بڑی شان و شوکت سے بڑے بڑے رؤسا پر مشتمل مدینہ منورہ مسجد نبوی تشریف لایا اور نبی رحمت صَلَّی اللّٰہُ عَلَیْہِ وَسَلَّم کے مقام و مرتبہ کا لحاظ نہیں کیا بلکہ بے تحاشہ آوازیں دینا شروع کی اور چیخنے لگے کہ اے محمد صَلَّی اللّٰہُ عَلَیْہِ وَسَلَّم باہر آجاؤ اور ہماری بات سنو۔ اگر نبی رحمت کی جگہ اور کوئی بادشاہ ہوتا تو سخت سزائیں دیتا لیکن آقائے رحمت صَلَّی اللّٰہُ عَلَیْہِ وَسَلَّم باہر تشریف لائے اور بڑی شفقت اور نرمی کے ساتھ ملاقات کی جب آپ صَلَّی اللّٰہُ عَلَیْہِ وَسَلَّم باہر آئے تو کہنے لگے کہ ہم تب ایمان قبول کرینگے جب آپ کے خطیب اور شاعر ہمارے خطیب سے جیت جائیں اگرچہ مسلمان ہونے کیلئے یہ غیر معقول بات تھی لیکن آپ صَلَّی اللّٰہُ عَلَیْہِ وَسَلَّم کو ایک ہی تڑپ تھی کہ کسی بھی طریقے سے امت کا ہر فرد اسلام قبول کر لے انکی درخواست قبول کی اور انکی طرف سے خطیب عطارد بن حاجب کھڑا ہوا جب کہ اس کے مقابلے میں آپ صَلَّی اللّٰہُ عَلَیْہِ وَسَلَّم نے ثابت بن قیس رضی اللہ عنہ کو کھڑا کیا اشعار کیلئے بنو تمیم کا شاعر زبرقان بن بدر اٹھا اور آپ صَلَّی اللّٰہُ عَلَیْہِ وَسَلَّم نے اسکے مقابلے میں حضرت حسان بن ثابت کو کھڑا کیا مقابلے کے بعد اقرع بن حابس نے فیصلہ کیا کہ "میں اپنے باپ کی قسم کھا کر یہ

---

[1] طبقات ابن سعد، ج2، ص107

[2] سیرت حلبیہ، ج2، ص607

فیصلہ کرتا ہوں کہ محمد کا خطیب ہمارے خطیب سے، محمد کا شاعر ہمارے شاعر سے اور انکا کلام ہمارے کلاموں سے اور اور انکی زبانیں ہماری زبانوں سے زیادہ فصیح ہیں اس مفاخرہ کے بعد بنو تمیم کے سب لوگ مسلمان ہوگئے اور حضور ﷺ نے بڑے عزازواکرام سے انہیں نوازا۔

## غیر مسلموں پڑوسیوں سے حسن سلوک:

اچھا پڑوسی اللہ کی نعمت ہے، پڑوسی اچھا ہو تو انسان کی بہت سی پریشانیاں ختم ہو جاتی ہیں اسلئے پڑوسی سے تعلقات خیر خواہی کی بنیاد پر ہونا ضروری ہے اور اس میں مسلم اور غیر مسلم برابر ہیں ۔داعی دین پڑوسیوں کے متعلق اسلامی تعلیمات پر عمل کرکے انہیں اسلام کی طرف راغب کرسکتا ہے۔

معاشرے میں سب سے زیادہ تعلق رشتہ داروں اور پڑوسیوں سے ہوتا ہے اسلام میں پڑوسی کو بڑی اہمیت دی گئی ہے "ارشاد باری تعالی ہے

وَ اعْبُدُوا اللّٰہَ وَ لَا تُشْرِكُوْا بِهٖ شَیْـًٔا وَّ بِالْوَالِدَیْنِ اِحْسَانًا وَّ بِذِی الْقُرْبٰی [1]۔

## مفتی شفیع صاحب لکھتے ہیں:

یہ متفقہ فیصلہ ہے کہ پڑوسی مسلم ہو یا غیر مسلم،بقدر استطاعت اس کی کے اعانت وامداد لازم ہے [2]۔

حضرت عبداللہ بن عمر کے گھر ایک بکری ذبح کی گئی تو آپ نے گھر والوں سے پوچھا کہ ہمسائیوں تک ان کا حصہ پہنچایا گیا ہے یا نہیں؟اس لیے کہ نبی رحمت ﷺ نے فرمایا:

"جبرئیل مجھے پڑوسیوں کے حوالے سے اتنی زیادہ تاکید کرتے تھے کہ مجھے خیال ہوتا تھا کہ کہیں انہیں وارث نہ بنادیا جائے"3۔

## علامہ قرطبی لکھتے ہیں:

"قال العلماء :الاحادیث فی اکرام الجار جاءت مطلقۃ غیر مقیدۃ حتی الکافر4"

اہل علم فرماتے ہیں کہ ہمسائیوں کے اکرام واحترام میں جو احادیث آئی ہیں وہ مطلق ہیں حتی کہ کافر کی قید بھی نہیں"۔

---

[1] النسا:36

[2] حافظ محمد عابد۔"مسلم اقلیات کے مسائل واحکام"مقالہ برائے پی،ایچ،ڈی۔علامہ اقبال اوپن یونیورسٹی(2016"2020)

[3] سنن ترمذی،کتاب البر والصلۃ عن رسول اللہ،باب ماجاء فی حق الجوار۔رقم الحدیث1943

[4] الجامع لاحکام القرآن۔ج5،ص178

داعی دین اگر اپنے پڑسیوں کے ساتھ اچھے تعلقات رکھے اور تالیف قلبی کی نیت سے ان کے پاس اپنی استطاعت کے مطابق روزانہ کی بنیاد پر کچھ بھیجے تو یقینا مثبت نتائج مرتب ہو سکتے ہیں۔

## غیر مسلم رشتہ داروں سے حسن سلوک:

رشتہ داروں بالخصوص والدین سے حسن سلوک کا قرآن میں واضح حکم ہے جیسا کہ مذکوہ آیت مقدسہ میں ہے لیکن والدین غیر مسلم ہوں پھر بھی ان کے ساتھ حسن سلوک کیا جائیگا۔ نبی رحمت ﷺ کی واضح تعلیمات موجود ہیں۔

حضرت اسماء بنت ابو بکر رضی اللہ عنھما فرماتی ہے کہ صلح حدیبیہ کے بعد میری والدہ میرے پاس آئی اس حال میں کہ وہ مشرکہ تھی میں نے نبی نبی رحمت ﷺ سے پوچھا کہ کیا میں صلہ رحمی کر سکتی ہوں تو نبی رحمت ﷺ نے فرمایا: "ہاں اپنی والدہ سے صلہ رحمی کرو[1]"

اسلام غیر مسلم رشتہ داروں سے سماجی تعلقات رکھنے سے منع نہیں کرتا، ان کو تحفہ دے سکتے ہیں، ان کی عیادت کر سکتے ہیں، مشکل وقت میں انکی مدد کر سکتے ہیں اس پر دلیل ایک اور حدیث مبارکہ ہے:

حضرت عمر نے ایک آدمی کو دیکھا کہ وہ ریشمی حلہ بیچ رہاہے تو آپ رضی اللہ عنہ نے نبی رحمت ﷺ سے عرض کی آپ اس کو خریدیں اور وفود سے ملاقات کے وقت پہن لیں تو نبی رحمت ﷺ نے فرمایا اسکو وہی پہنے جس کا آخرت میں کوئی حصہ نہیں پھر نبی اکرم ﷺ کے پاس چند ریشمی حلے لائے گئے تو آپ نے ایک حضرت عمر رضی اللہ عنہ کو عنایت کیا تو حضرت عمر نے عرض کی یارسول اللہ ﷺ آپ نے تو اس کے متعلق یہ فرمایا تھا نبی رحمت ﷺ نے فرمایا: میں نے تمھیں پہننے کیلئے نہیں دیا اسکو بیچ دو یا کسی کو دو تو حضرت عمر نے اپنے بھائی کو بھیجا جو مکہ میں تھے اور مسلمان نہیں ہوئے تھے[2]۔

## غیر مسلموں کے ساتھ میل جول:

اسلام ایک عالمگیر مذہب اور ضابطہ حیات ہے جو انسان کی پیدائش سے لیکر موت تک ہر پہلو سے انسان کی رہنمائی کرتا ہے ایک معاشرہ میں رہتے ہوے جتنے بھی معاشرتی عوامل ہوتے ہیں دین اسلام اس میں مکمل رہنمائی فرماتا ہے دین اسلام اپنے ماننے والوں کو غیر مسلموں کیساتھ معاشرتی تعلقات رکھنے اور ان سے لین دین سے منع نہیں کرتا اور اسلام خوشی وغم کے اظہار میں مذہب یا قوم کی تفریق نہیں کرتا بلکہ پوری انسانیت کے احترام کی تعلیم دیتا ہے۔ اسلام دین فطرت ہے جو علاقائیت کے حصار اور قومیت کی وبا سے پاک ہے۔

---

[1] صحیح مسلم، کتاب الزکاۃ، باب فضل النفقۃ والصدقۃ علی الاقربین، رقم الحدیث 2325

[2] صحیح بخاری، کتاب الھبۃ، باب الھدیۃ للمشرکین، رقم الحدیث 2619

**سماجی معاملات میں شریک مؤمن کی فضیلت:**

نبی رحمت ﷺ نے معاشرتی عوامل میں حصہ لینے کی تعلیم وترغیب دی ہے اور دوسروں سے الگ، تنہارہنے کو ناپسند فرمایا ہے چنانچہ نبی رحمت ﷺ نے فرمایا:

الْمُؤْمِنُ الَّذِي يُخَالِطُ النَّاسَ ، وَيَصْبِرُ عَلَى أَذَاهُمْ ، أَعْظَمُ أَجْرًا مِنَ الْمُؤْمِنِ الَّذِي لَا يُخَالِطُ النَّاسَ ، وَلَا يَصْبِرُ عَلَى أَذَاهُمْ [1]

"وہ مؤمن جو دوسروں کے ساتھ مل جل کر بیٹھتا ہے اوران کی تکالیف پر صبر کرتا ہے اس سے افضل ہے جو لوگوں کے ساتھ ملتا جلتا نہیں اور صبر نہیں کرتا۔ اس روایت میں "لفظ "الناس" آیا ہے جس میں دین، مذہب، نظریے اور عقیدے کی کوئی قید نہیں ہے۔

داعی دین کو چاہیے کہ وہ نبی رحمت ﷺ کے ان فرامین کو سامنے رکھتے ہوئے معاشرتی عوامل میں حصہ لے، کسی کے ساتھ ضرورت کے وقت تعاون کرے اور اچھے تعلقات قائم کر کے غیر مسلموں تک اسلام کے پیغام کو اس انداز میں پہنچائے کہ مخاطب صمیم قلب سے اس کو قبول کرے۔

**ایک دوسرے کی خوشی غمی میں شرکت:**

غیر مسلموں کے تہواروں میں شرکت کے جواز اور عدم جواز سے پہلے اس بات کا جاننا ضروری ہے کہ غیر مسلموں سے مشابہت سے کیا مراد ہے، اس حوالے سے ایک حدیث مشہور ہے کہ نبی رحمت ﷺ نے فرمایا" مَنْ تَشَبَّهَ بِقَوْمٍ فَهُوْ مِنْهُمْ "یہ حدیث پوری نہیں ہے۔ مکمل حدیث یہ ہے

عَنِ ابْنِ عُمَرَ قَالَ: قَالَ رَسُوْلُ اللّٰہِ صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم : (بُعِثْتُ بَيْنَ يَدَيِ السَّاعَةِ بِالسَّيْفِ حَتّٰى يُعْبَدَ اللّٰهُ وَحْدَهٗ لا شَرِيْكَ لَهٗ، وَجُعِلَ رِزْقِيْ تَحْتَ ظِلِّ رُمْحِيْ، وَجُعِلَ الذُّلَّ وَالصِّغَارَ عَلٰى مَنْ خَالَفَ أَمْرِيْ، وَمَنْ تَشَبَّهَ بِقَوْمٍ فَهُوْ مِنْهُمْ [2]

"نبی رحمت ﷺ نے فرمایا مجھے تلوار کے ساتھ بھیجا گیا ہے کہ میں اس کے ساتھ جہاد کروں حتیٰ کہ صرف اللہ کی عبادت کی جائے جس کا کوئی شریک نہیں میرا رزق میرے نیزے کے نیچے رکھا گیا ہے جو میری پیروی نہیں کرتا اس کیلئے ذلت لکھ دی گئی ہے اور جس نے کس قوم سے مشابہت کی وہ بھی ان کے ساتھ ہو گا"۔

محمد سعود عالم قاسمی لکھتے ہیں:" وہ اطوار جو غیر مسلموں کی مذہبی علامت ہے، ان سے پرہیز کیا جائے گا اور ان سے مشابہت جائز نہیں جیسے صلیب کی علامت گلے میں لٹکانا، یا زنار باندھنا، یا ماتھے پر تلک لگانا اور جو امور مذہبی علامات نہ ہوں اگر وہ عموم بلوی ہے تو استعمال کی اجازت دی جائیگی

---

[1] سنن ابن ماجہ، کتاب الفتن، باب الصبر علی البلاء، رقم الحدیث 4032

[2] امام احمد بن حنبل۔ المسند۔ رقم الحدیث 11252

جیسے ٹائی کا استعمال عیسائی روایت ہے اور خواتین کا ساڑھی پہننا، ہندوعورتوں کا لباس ہے لیکن اب یہ دونوں چیزیں مسلمانوں کے درمیان بھی عام ہیں لہذا جائز قرار دیا[1]۔

**علامہ غلام رسول سعیدی رقمطراز ہیں:**

غیر مسلموں کے ساتھ مشابہت پر تفصیلی گفتگو کے بعد لکھتے ہیں کہ "کفار سے تشبہ کی نیت سے مطلقاً کوئی کام کرنا ممنوع ہے البتہ تشبہ کی نیت نہ ہو اور کسی مصلحت اور فائدہ کا حصول مقصد ہو تو کرسکتے ہیں جیسے قمیص پتلون کا استعمال، یا ان کی ایجادات کا استعمال جائز ہے۔ تین چیزوں میں مشابہت منع ہے ان امور میں منع ہے جو کفار کے عقائد باطلہ کے ساتھ خاص ہو اور ان امور میں بھی منع ہے جو اسلامی تصریحات کے مخالف ہو[2]۔

**حضرت انس رضی اللہ عنہ فرماتے ہیں:**

أَنَّ يَهُوْدِيًّا دَعَا رَسُوْلَ اللّٰهِ صلی الله علیه وآله وسلم اِلٰی خُبْزِ شَعِيْرٍ وَاِهَالَةٍ سَنِخَةٍ فَأَجَابَهُ[3]

"ایک یہودی نے نبی کریم ﷺ کو جو کی روٹی اور چربی (کے سالن) کی دعوت کی تو آپ ﷺ نے قبول فرمایا"۔

جنگ خیبر کے موقع پر ایک عورت نے نبی رحمت ﷺ کی دعوت کی اور گوشت کے سالن میں زہر ملا دیا۔ نبی اکرم ﷺ نے لقمہ لیتے ہی اسے اُگل دیا اور صحابہ کرام کو بھی منع کیا اس کے باوجود اس کا اثر آپ ﷺ پر ہوا اور آپ ﷺ کے صحابی نشر بن برا جو آپ کے ساتھ تھے ان کا انتقال ہو گیا[4]۔

## غیر مسلموں کی عیادت:

نبی رحمت ﷺ کے کفار کے ساتھ معاملات دعوت دین کی اساس ہیں انہی معاملات میں سے ایک یہ ہے کہ آپ ﷺ نے غیر مسلموں کی عیادت کی ہے اور غیر مسلموں کی عیادت دعوت دین میں بڑی اہمیت کی حامل ہے۔ انسانی ہمدردی کی بنیاد پر غیر مسلم بیمار ہو تو ان کی عیادت کرنی چاہیے اسلئے کہ بیمار کی تیمارداری کرنا، اظہار ہمدردی، اسلامی تعلیمات کا حسن اور نبی رحمت ﷺ کی سنت ہے آپ ﷺ خود تشریف لے جاتے اور صحابہ کرام کو اسکی ترغیب دیتے۔

---

[1] قاسمی مسعود عالم۔ غیر مسلم معاشرے میں مسلمانوں کے فقہی مسائل۔ ادارہ تحقیقات اسلامیہ۔ بین الاقوامی یونیورسٹی، مجلہ 2007، ص 576/577

[2] غلام رسول سعیدی۔ تبیان القرآن۔ (لاہور، فرید بک سٹال 2009) ج3، ص132

[3] مسند احمد۔ مسند المکثرین من الصحابۃ۔ مسند انس بن مالک۔ رقم الحدیث 13233

[4] صحیح بخاری، کتاب الجھاد والسیر۔ باب السیر وحدہ۔ رقم: 2988

**عبداللہ بن ابی کی عیادت:**

حضرت اسامہ بن زید مروی ہے:

خَرَجَ رَسُولُ اللَّهِ صَلَّى اللَّهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ يَعُودُ عَبْدَ اللَّهِ بْنَ أُبَيٍّ فِي مَرَضِهِ الَّذِي مَاتَ فِيهِ[1]۔

"رسول اللہ ﷺ عبداللہ بن ابی کی مرض الموت میں اس کی عیادت کیلئے نکلے"

**ایک یہودی غلام کی عیادت:**

حضرت انس سے روایت ہے:"كَانَ غُلَامٌ يَهُودِيٌّ يَخْدُمُ النَّبِيَّ صَلَّى اللَّهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ فَمَرِضَ ، فَأَتَاهُ النَّبِيُّ صَلَّى اللَّهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ يَعُودُهُ ، فَقَعَدَ عِنْدَ رَأْسِهِ فَقَالَ لَهُ : أَسْلِمْ ، فَنَظَرَ إِلَى أَبِيهِ , وَهُوَ عِنْدَهُ ، فَقَالَ لَهُ : أَطِعْ أَبَا الْقَاسِمِ صَلَّى اللَّهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ فَأَسْلَمَ ، فَخَرَجَ النَّبِيُّ صَلَّى اللَّهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ وَهُوَ يَقُولُ : الْحَمْدُ لِلَّهِ الَّذِي أَنْقَذَهُ مِنَ النَّارِ[2]۔

ایک یہودی لڑکا نبی کرم ﷺ کا خادم تھا وہ بیمار ہوا تو رسول اللہ ﷺ اس کی عیادت کیلئے تشریف لے گئے اور اس کے سرہانے بیٹھ گئے اور اس سے فرمایا "اسلام قبول کرو" یہودی لڑکے نے اپنے باپ کی طرف دیکھا تو اسکے والد نے کہا "ابو القاسم کی بات مان لو" اس (یہودی) لڑکے نے اسلام قبول کرلیا تو نبی رحمت ﷺ اس کے گھر سے زبان اقدس سے یہ فرماتے ہوئے واپس تشریف لے گئے "تمام تعریفیں اللہ تعالی کیلئے ہیں جس نے اسے (جہنم) کی آگ سے بچالیا۔

**علامہ بدرالدین عینی کا قول:**

اس حدیث سے غیر مسلم کی عیادت کا جواز ثابت ہوا اور آپ فرماتے ہیں یہ اسلام کے محاسن اور کفار کیلئے ترغیب اسلام ہے[3]۔

**ابن بطال کا قول:**

حدیث مذکورہ کی تشریح میں امام ابن بطال فرماتے ہیں: غیر مسلم کی عیادت تب کی جائے گی جب اسکے اسلام لانے کی امید ہو اگر ایسا نہ ہو تو پھر نہیں کی جائیگی: 'انما تشرع عیادته اذا رجی آن یجیب الی الدخول فی الاسلام فاما اذا لم یطمع فی ذالک فلا[4]"

---

[1] سنن ابو داود، کتاب الجنائز، باب العیادۃ رقم، 3094

[2] صحیح بخاری، کتاب الجنائز۔ باب اذا اسلم الصبی فمات ھل یصلی علیہ وھل یعرض علی الصبی الاسلام۔ رقم الحدیث 1356

[3] عینی، محمد بن احمد "عمدۃ القاری" (دار الکتب العلمیہ بیروت) ج8 ص242

[4] فتح الباری شرح صحیح البخاری۔ ج10، ص136

حنابلہ نے بھی اس حدیث سے یہی استدلال کیا ہے کہ اگر غیر مسلم کے اسلام قبول کرنے کی امید ہو تو پھر اسکی عیادت کرنے میں کوئی حرج نہیں اور حنابلہ کے ہاں غیر مسلم کی عیادت حرام ہے اور دلیل ان کی یہ ہے کہ جن احادیث میں غیر مسلموں کو سلام کرنے میں پہل کرنے سے منع کیا گیا اسکی وجہ تعظیم ہے لہذا یہاں بھی غیر مسلم کی عیادت حرام ہو گی البتہ اگر اسلام لانے کی امید ہو تو کر سکتے ہیں[1]۔

**ڈاکٹر وھبہ الزحیلی فرماتے ہیں:**

وقال الشافعية : "لا تستحب عيادة الذمى ،لكن تجوز ان كان هناک جوار آوقرابة آو نحوها كرجااسلامہ[2] ۔

شوافع نے کہاہے کہ ذمی کی عیادت مستحب نہیں لیکن جب اسکے ہاں ہمسائیگی ہو، رشتہ داری ہو، یااس جیسا اور کوئی سبب ہو جیسے اسکے مسلمان ہونے کی امید ہو تو ایسی صورت میں اسکی عیادت کرنا جائز ہے۔ مذکورہ بالا دلائل سے ایک بات تو واضح ہوتی ہے کہ غیر مسلم کی عیادت جائز ہے اور اس سے مقصود تالیف قلبی ہے۔ غیر مسلم کی عیادت کرنا جہاں ایک سماجی تقاضہ ہے وہی اسلامی تعلیمات کے عین مطابق ہے۔

اسلام نے معاشرہ میں غیر مسلموں کو جو حقوق دیے ہیں اس کی کوئی مثال نہیں ملتی۔ نبی رحمت ﷺ نے فرمایا:

**أَلَا مَنْ ظَلَمَ مُعَاهِدًا أَوِ انْتَقَصَهُ أَوْ كَلَّفَهُ فَوْقَ طَاقَتِهِ أَوْ أَخَذَ مِنْهُ شَيْئًا بِغَيْرِ طِيبِ نَفْسٍ فَأَنَا حَجِيجُهُ يَوْمَ الْقِيَامَةِ**[3]

"جس نے کسی معاہد پر ظلم کیا یا اس کا حق غصب کیا یا اسکی طاقت سے زیادہ اسکو تکلیف دی یا اس کی رضا کے بغیر کوئی چیز لی تو قیامت کے دن میں اس کی طرف سے (مسلمان) کے خلاف جھگڑوں گا"۔

اسلام ہمیشہ معاشرے میں امن وامان اور صلح کی بات کرتا ہے ارشاد باری تعالی ہے۔

**"وَاِنْ جَنَحُوْا لِلسَّلْمِ فَاجْنَحْ لَهَا وَتَوَكَّلْ عَلَى اللّٰهِ ۭ اِنَّه هُوَ السَّمِيْعُ الْعَلِيْمُ"**[4]

"اور اگر وہ صلح کی طرف جھکیں تو تم بھی جھکو اور اللہ پر بھروسہ رکھو"۔

اسلام ایک ایسے معاشرے کی طرف رہنمائی کرتا ہے جہاں تمام لوگوں کو بنیادی حقوق بھی حاصل ہو اور ذہنی آسودگی بھی حاصل ہو اسلام ایک ہمہ گیر آفاقی مذہب ہے اور احترام انسانیت کا قائل ہے اور تمام انسانوں کے ساتھ عدل وانصاف اور مساوات کی بات کرتا ہے خواہ وہ کفار ہوں یا مشرکین سوائے ان لوگوں کے جو ظلم کرتے ہیں۔ اسلام بنسبت دوسرے مذاہب کے سب سے زیادہ رواداری کا قائل ہے۔

---

[1] بھوتی، منصور بن یونس "کشاف القناع عن متن القناع" (بیروت، دار الکتب العلمیہ) ج8، ص355

[2] زحیلی۔ الفقہ الاسلامی وادلتہ۔ ج2، ص228

[3] سنن ابی داود۔ کتاب الخراج والفیئ ولامارۃ۔ باب فی تشعیر اھل الذمۃ اذا اختلفوا بالتجارات، رقم الحدیث 3052

[4] الانفال:61

# فصل دوم: سیاسی معاملات میں مفاہمت

## دعوت دین میں غیر مسلموں سے مدد

انسان جس معاشرے میں رہتا ہے اس کے ارد گرد مختلف مذاہب کے لوگ بستے ہیں ایسے حالات میں اسلام ایک بہترین اور مثالی معاشرے کی شکل مدینہ طیبہ کی صورت میں پیش کرتا نظر آتا ہے جہاں بہت سے مذاہب، بت پرست، یہودی، عیسائی، صابی موجود تھے۔ ایک داعی کو دوران دعوت مختلف قسم کے حالات کا سامنا کرنا پڑتا ہے۔ داعی کو بعض حالات میں اس بات کی ضرورت ہوتی ہے کہ وہ دعوت دین میں کسی غیر مسلم کی حمایت حاصل کرے ان لوگوں کے مقابلے میں جو داعی کو تکالیف پہنچاتے ہیں اور اسے دعوت کے عمل سے روکتے ہیں۔

غیر مسلم سے دعوت میں مدد حاصل کرنے کی دو صورتیں ہیں:

1۔ داعی کا خود غیر مسلم سے مدد مانگنا

2۔ غیر مسلم کا داعی کو مدد کی پیشکش کرنا

## صحابہ کرام کا حبشہ کی طرف ہجرت

نبی اکرم ﷺ نے مکہ میں صحابہ کرام کی تکالیف اور ان پر ہونے والے مظالم کو دیکھتے ہوئے فرمایا کہ "تم لوگ ملک حبشہ کی طرف ہجرت کرو کیونکہ شاہ حبشہ اپنی رعایا میں سے کسی کے ساتھ ظلم نہیں ہونے دیتا اور وہ حق اور سچ کی سرزمین ہے یہاں تک کہ اللہ تمھارے لئے کوئی راستہ پیدا کرے" چنانچہ نبی رحمت ﷺ کے حکم پر صحابہ کرام نے حبشہ کی طرف ہجرت کی اور یہ اسلام میں پہلی ہجرت تھی۔ بعض صحابہ نے انفرادی طور پر جبکہ بعض نے اہل خانہ کے ساتھ ہجرت کی جیسے حضرت عثمان رضی اللہ عنہ نے اپنی اہلیہ حضرت رقیہ رضی اللہ عنہا کیساتھ اور حضرت ابو حزیفہ بن عتبہ رضی اللہ عنہ نے اپنی اہلیہ سہلہ بنت سہیل بن عمرو کیساتھ ہجرت کی[1]۔

حضرت حارث بن فضیل بیان کرتے ہیں صحابہ کرام نے دو مرتبہ حبشہ کی طرف ہجرت کی۔ پہلی مرتبہ مہاجرین حبشہ کی کل تعداد پندرہ تھی جن میں گیارہ مرد اور چار عورتیں تھی اور پہلی ہجرت رجب کے مہینے میں نبی رحمت کے اعلان نبوت کے پانچویں سال میں ہوئی اور دوسری مرتبہ تراسی مرد اور گیارہ خواتین تھیں[2]۔

---

[1] سیرت ابن ہشام۔ ج2، ص207

[2] طبقات ابن سعد۔ نفیس اکیڈمی کراچی، ج1، ص219

ایک اور روایت کے مطابق مہاجرین حبشہ کی کل تعداد تراسی تھی اور اس میں بچے شامل نہیں اور حضرت عمار بن یاسر بھی شامل نہیں، اس لئے کہ ان کی ہجرت میں اختلاف ہے[1]۔

## حبشہ کو مکہ پر ترجیح:

نبی رحمت ﷺ نے صحابہ کرام کو کفار مکہ کے ظلم و تشدد سے بچانے کیلئے حبشہ ہجرت کرنے کا حکم دیا۔ نبی رحمت ﷺ کو معلوم تھا کہ سرزمین حبشہ میں عیسائی بستے ہیں اور اس کا حاکم نجاشی بھی عیسائی ہے لیکن نبی رحمت ﷺ نے بوقت ضرورت ایک عیسائی ریاست کو مکہ پر ترجیح دی اور مسلمانوں کو انکی ریاست میں پناہ لینے کا حکم دیا اس سے معلوم ہوا کہ دور حاضر میں بھی داعی حالات کے پیش نظر دعوت دین کے عظیم تر مفاد میں کسی غیر مسلم ریاست کی شہریت حاصل کر سکتا ہے۔

نبی کریم ﷺ کے اس فیصلہ کی تائید خالق کائنات نے کی اور فرمایا:

**وَالَّذِينَ هَاجَرُوا فِي اللَّهِ مِنْ بَعْدِ مَا ظُلِمُوا لَنُبَوِّئَنَّهُمْ فِي الدُّنْيَا حَسَنَةً وَلَأَجْرُ الْآخِرَةِ أَكْبَرُ**[2]

"اور جنھوں نے اللہ کی راہ میں اپنے گھر بار چھوڑے مظلوم ہو کر، ضرور ہم انہیں دنیا میں اچھی جگہ دیں گے اور بے شک آخرت کا ثواب بہت بڑا ہے"۔

امام ابن کثیر نے یہاں ہجرت سے مراد ہجرت حبشہ لی ہے۔ اس آیت کے ذیل میں فرماتے ہیں کہ حضرت قتادہ رضی اللہ عنہ نے فرمایا اس آیت میں مصداق وہ مہاجرین ہیں جنھوں نے مکہ سے حبشہ کی طرف ہجرت کی تھی تاکہ کافروں کے ظلم سے بچ سکیں[3]۔

## سرزمین حبشہ کو "سچائی کی سرزمین" اور شاہ حبشہ کو "عادل باشاہ" کا خطاب۔

ایک انتہائی اہمیت کا حامل اور غور طلب پہلو یہ ہے کہ صحابہ کرام کے جان و مال کے تحفظ کیلئے جس مسیحی ریاست کا انتخاب کیا گیا اس کو 'سچائی کی سرزمین" اور مسلمانوں کیلئے بہترین پناہ گاہ" کے لقب سے نوازا اور اس مسیح ریاست کے سربراہ کو "عادل بادشاہ" قرار دیا۔

## حبشہ سے واپسی پر غیر مسلموں کے ہاں پناہ لینا:

جب حبشہ میں یہ خبر پھیلی کہ کفار مکہ اسلام قبول کر چکے ہیں تو اکثر صحابہ واپس مکہ کی جانب لوٹے جب راستے میں مکہ کے قریب بنی کنانہ کے کچھ لوگوں سے ملاقات ہوئی تو انھیں اصل حقیقت کا علم ہو۔ مشاورت کے بعد فیصلہ کیا کہ مکہ میں رشتہ داروں سے ملاقات کر کے تو واپس حبشہ چلے

---

[1] سیرت ابن ہشام، ج1، ص213

[2] سورہ نحل 41:16

[3] اسماعیل بن عمر۔ ابن کثیر۔ تفسیر ابن کثیر۔ مترجم محمد جوناگھڑی۔ (لاہور مکتبہ اسلامیہ 2009) ج5، ص147

جائیں گے۔ ابو بکر بن عبد الرحمان کی روایت کے مطابق ابن مسعود اسی مقام سے واپس حبشہ چلے گئے ان کے علاوہ سب مہاجرین مکہ میں داخل ہوئے اپنے رشتہ داروں کے ہاں پناہ لی[1]۔

وہ مہاجر صحابہ جو مشرکین مکہ کی پناہ حاصل کر کے مکہ میں داخل ہوئے جیسے ابو سلمہ بن عبد الاسد رضی اللہ عنہ نے ابو طالب کی پناہ لی اور ابو طالب ان کے ماموں لگتے تھے اور عثمان بن مظعون رضی اللہ عنہ نے ولید بن مغیرہ کے پاس پناہ لی[2]۔

**حضرت ابو بکر صدیق رضی اللہ عنہ کا ابن دغنہ کے ہاں پناہ لینا:**

جب کفار کا ظلم و ستم بڑھ گیا تو حضرت ابو بکر صدیق نے بھی ہجرت کا ارادہ کیا اور مکے سے چل پڑے اور برک الغماد[3] کے مقام پر پہنچے تو وہاں آپ کی ملاقات ابن الدغنہ سے ہوئی اور ابن دغنہ کے پوچھنے پر آپ نے ہجرت کے ارادے کا ذکر کرتے ہوئے کہا کہ مجھے میری قوم نے اپنے وطن سے نکال دیا ہے اس پر ابن الدغنہ نے کہا کہ آپ جیسے امانت دار، دیانت دار، شریف النفس آدمی کو مکے سے کیسے نکالا جا سکتا ہے آپ غریبوں کی مدد کرنے والے ہیں اور آپ کی چند خصوصیات کا ذکر کیا اور کہنے لگا کہ میں آپ کو امان دیتا ہوں۔ آپ مکے میں ہی رہیں اور اپنی مرضی سے اپنے رب کی عبادت کیجئے اور اپنے وطن میں ہی تشریف رکھیں مکہ میں پہنچ کر ابن دغنہ نے اعلان کیا کہ کیا تم اس شخص کو ہجرت پہ مجبور کرتے ہو جو ضرورت مندوں، محتاجوں، غریبوں کی مدد کرتا ہے۔ میں نے ابو بکر کو پناہ دی ہے لہذا ان کی راہ میں رکاوٹ نہ بنو اور ان سے اچھا سلوک کرو چنانچہ سب نے آپ کی امان کو قبول کیا۔

ابن دغنہ نے امان کو اس شرط کے ساتھ مشروط کیا کہ آپ رضی اللہ عنہ عبادت گھر کی چار دیواری کے اندر رہتے ہوئے کرینگے لیکن اس کو لوگوں پر ظاہر نہیں کرینگے اس لئے کہ حضرت ابو بکر صدیق بڑے نرم دل تھے اور بہت انہماک و اہتمام اور خوبصورتی کے ساتھ قرآن مجید کی تلاوت کرتے تھے قریش مکہ کو اس بات کا خوف تھا کہ کہیں لوگ حضرت ابو بکر کی تلاوت سے متاثر ہو کر اسلام قبول نہ کر لیں۔ حضرت ابو بکر رضی اللہ عنہ شروع میں عبادت گھر کے اندر تنہائی میں ہی کرتے تھے۔ نمازیں بھی مخفی ادا کرتے اور اور قرآن کی تلاوت بھی تنہائی میں کرتے[4]۔

مذکورہ بالا واقعات سے واضح ہوتا ہے کہ داعی دین شرعی مصلحت کے تحت کسی غیر مسلم کی مدد لے سکتا ہے جیسے حضرت ابو بکر صدیق رضی اللہ عنہ نے ابن دغنہ کی دخواست پر اس کے گھر میں پناہ لی اور پھر ایک عرصہ تک گھر کے اندر ہی عبادات کا سلسلہ جاری رکھا ان شرائط کے مطابق جن پر پناہ ملی تھی اور حضرت ابو بکر صدیق رضی اللہ عنہ کی سیرت مبارکہ اہل اسلام اور داعیان دین کیلئے مشعل راہ ہے۔

---

[1] ابن سعد، محمد بن سعد۔ طبات ابن سعد۔ (نفیس اکیڈمی کراچی) ج 1، ص 275

[2] سیرت ابن ہشام، ج 1، ص 243

[3] حبشہ کے شہروں میں سے ایک شہر ہے۔ آج کل عسیر صوبے کے ایک ضلع ہے جو البرک کے نام سے موسوم ہے۔

[4] العمری، اکرام ضیاء۔ سیرت رحمت عالم۔ مترجم، خدا بخش، (لاہور، مکتبہ شفیق پریس، 2017) ص 155

## نبی رحمت کا سفر طائف:

نبی رحمت ﷺ نے جب ملاحظہ فرمایا کہ مکہ کی فضاء دعوت دین کیلئے ہموار نہیں تو رسالت مآب ﷺ نے سرزمین طائف کی طرف رخت سفر باندھا جہاں قبیلہ ثقیف موجود تھا۔ نبی رحمت نے یہاں پر دعوت دین کا آغاز کیا تمام قابل ذکر افراد کے پاس گئے انہیں دعوت دین دی اور آخر قبیلہ ثقیف کے تین بڑے سرداروں کے پاس گئے اور دعوت دی۔ ابن اسحاق سے روایت ہے کہ جب ابو طالب اس دنیا سے چلے گئے تو قریش مکہ نبی رحمت ﷺ کو تکالیف پہنچانے پر دلیر ہو گئے جب تک ابو طالب زندہ تھے کبھی قریش مکہ نے ایسے مظالم کی جرات نہ کی تھی ایسے میں نبی رحمت ﷺ سفر طائف پر تشریف لے گئے۔ نبی رحمت ﷺ کا طائف کی طرف سفر کا مقصد دین کی تبلیغ کے ساتھ یہ بھی تھا کہ بنو ثقیف کی حمایت بھی حاصل کی جائے[1]۔

## پیر کرم شاہ الازھری فرماتے:

نبی رحمت ﷺ نے دعوت دین دینے کے ساتھ ان کی حمایت بھی طلب کی اور فرمایا: "اللہ کی وحدانیت پر ایمان لاؤ، دین اسلام کی تعلیمات پر عمل کرو اور اس دعوت کے پھیلانے میں میرے دست و بازو بن جاؤ" لیکن ان میں سے کسی نے بھی دعوت قبول نہیں کی اور بداخلاقی اور سفلہ مزاجی کا ایسا مظاہرہ کیا جسے نبی رحمت ﷺ کے قلب اطہر کو صدمہ پہنچا[2]"۔

ابن اسحاق نے لکھا ہے کہ ابو طالب کی وفات کے بعد کفار مکہ نے ظلم و ستم کے پہاڑ توڑے تو نبی رحمت ﷺ بنو ثقیف کے پاس ان کی مدد حاصل کرنے گئے تاکہ وہ کفار مکہ کو نبی رحمت ﷺ پر ظلم کرنے سے باز رکھیں اور نبی رحمت ﷺ کو یہ امید تھی کہ وہ دعوت قبول کر کے مشرکین مکہ کے خلاف آپ کے دست و بازو بنیں گے اور اسی غرض سے آپ تنہا تشریف لے گئے تھے[3]۔

## آپ صلی اللہ علیہ وسلم کا مطعم بن عدی کی پناہ لینا:

جب نبی رحمت صلی اللہ علیہ وسلم طائف سے واپس مکے کی طرف تشریف لائے اور غار حرا میں پہنچے تو حضرت زید بن حارث نے نبی رحمت ﷺ سے عرض کی کہ ہمیں عرب کی رواج کے مطابق کسی کی پناہ لینی چاہیے چنانچہ نبی رحمت ﷺ نے اسی غرض سے حضرت زید کو اخنس بن شریق کے پاس بھیجا لیکن انھوں نے معذرت کی، پھر سہیل بن عمرو کے پاس بھیجا تو اس نے بھی معذرت کی اور اس نے مطعم بن عدی کا حوالہ دے کر ان کے پاس بھیجا۔

---

[1] سیرت ابن ہشام، ج1، ص279

[2] ازھری، پیر کرم شاہ۔ ضیاء النبی، ج2، ص443

[3] سیرت ابن ہشام، ج1، ص279

نبی رحمت ﷺ نے اپنے قاصد کو مطعم بن عدی کے پاس بھیجا اور فرمایا کہ نبی رحمت ﷺ آپ کی امان میں لے کر مکے میں داخل ہونا چاہتے ہیں جس پر مطعم بن عدی نے آمادگی کا اظہار کیا اور یوں نبی اکرم ﷺ مکے میں داخل ہوئے مطعم بن عدی نبی رحمت ﷺ کو لیکر خانہ کعبہ تشریف لائے اور اہل مکہ سے خطاب کرتے ہوئے فرمایا کہ میں نے محمد بن عبد اللہ کو پناہ دی ہے لہذا کوئی ان کے ساتھ مزاحمت کی کوشش نہ کرے، اس نے اپنے بیٹوں کو ہتھیاروں سے لیس کرکے بیت اللہ کی چاروں جانب کھڑا کیا اور فرمایا اگر کسی نے نقصان پہنچانے کی کوشش کی تو اپنی جان قربان کرنا اور ان کی حفاظت کرنا اور نبی رحمت ﷺ سے فرمایا آپ طواف کیجئے اور آپ ﷺ نے نماز بھی پڑھی اور طواف بھی کیا[1]۔

نبی رحمت ﷺ نے مطعم بن عدی سے اس زمانے کی روایت کے مطابق امان حاصل کی جس کا مقصد صرف ذاتی مفاد نہیں تھا بلکہ دعوت دین کے عظیم مقصد کو سامنے رکھتے ہوئے آپ ﷺ نے ایک غیر مسلم کے ہاں پناہ لی۔ نبی رحمت ﷺ کے اس عمل مبارک سے یہ سبق ملتا ہے کہ داعی دین کو وقت کے مروجہ ذرائع واسباب کو دعوت دین کی اشاعت کیلئے استعمال کرنے چاہیئے تاکہ دنیا میں دعوت کو عام کیا جاسکے یہی سیرت نبوی ﷺ کا پیغام ہے۔

### مطعم بن عدی کے احسان کا بدلہ:

جنگ بدر کے موقع پر جب مسلمانوں کو فتح نصیب ہوئی اور ستر کفار مارے گئے اور ستّر قید ہوئے تھے، نبی رحمت ﷺ قیدیوں کے بارے میں صحابہ سے مشاورت کر رہے تھے کہ قیدیوں کے ساتھ کیا سلوک کیا جائے صحابہ کرام نے مختلف آراء پیش کیں۔ اس موقع پر آقائے نامدار ﷺ نے فرمایا کہ: آج ان قیدیوں میں مطعم بن عدی زندہ ہوتا اور مجھ سے ان کی سفارش کرتے تو میں سب کو رہا کرتا۔ نبی رحمت ﷺ کے اس جواب کی وجہ وہی بھلائی تھی جو اس نے طائف سے واپسی پر امان کی صورت میں کی تھی[2]۔

بنو خزاعہ کے مسلمان اور کافر سب نبی رحمت ﷺ کے رازدان تھے وہ ہمیشہ نبی رحمت کے ساتھ کھڑے رہتے اور انھوں نے ہر موقع پر نبی رحمت کا ساتھ دیا یہاں تک کہ صلح حدیبیہ کے موقع پر بنو خزاعہ نے نبی رحمت ﷺ کے عقد میں آنے کو پسند کیا اور وہ نبی رحمت ﷺ سے کوئی بات چھپاتے نہیں تھے اس کی بنیاد پر بھی کہا جاسکتا ہے کہ مشرکین جب تک مامون ہوں ان سے مدد طلب کرنے میں کوئی حرج نہیں ہے[3]۔

لہذا آج مسلمانوں کو بالخصوص داعیان دین کو چاہیے کہ وہ ان غیر مسلموں سے جو مسلمانوں کے خیر خواہ ہیں اور ہم خیال ہیں اس تعلق کو دعوت دین کیلئے استعمال کریں۔

---

[1] ضیاء النبی، ج2، ص455۔ البدایہ والنہایہ۔ ج3، ص155

[2] سیرت حلبیہ۔ ج2، ص456

[3] الشوکانی، محمد بن علی "نیل الاوطار شرح منتقی الاخبار" (کراچی، ادارۃ القرآن وعلوم اسلامیہ) ج7، ص235

## سفر ہجرت میں غیر مسلم سے رہبری:

جب نبی رحمت ﷺ اور حضرت ابو بکر صدیق نے مکے سے مدینے کی طرف ہجرت کا آغاز کیا تو حضرت ابو بکر صدیق نے نبی رحمت ﷺ سے عرض کی: اے اللہ کے رسول یہ دو سواریاں ہیں جو میں نے اس موقع کیلئے تیار کی ہیں اور پھر انھوں نے ایک مشرک عبد اللہ بن اریقط کو اجرت پر ساتھ لیا تا کہ راستہ کی رہنمائی لی جاسکے کیونکہ وہ اسکا ماہر تھا۔ عبد اللہ بن اریقط بنی الدئل بن بکر کے قبیلے سے تھا راستہ بھی دکھاتا تھا سواریاں بھی چراتا تھا[1]۔

داعی دین دعوت میں دینی مصلحت کے طور پر غیر مسلموں کی مدد لے سکتا ہے جس کیلئے یہ ضروری ہے کہ اس کا مقصد داعی کا ذاتی یا دنیاوی مفاد نہ ہو بلکہ کوئی شرعی حکمت ہو غیر مسلموں سے مدد لینے یا ان کی حمایت کی پیشکش کو قبول کرنے کیلئے شرط یہ ہے کہ یہ حمایت اسلامی تعلیمات میں تبدیلی یا ان میں سے کسی سے دستبرداری کا سبب نہ ہو۔

## آپ ﷺ کے چچا ابو طالب کی حمایت:

جناب ابو طالب نبی کریم ﷺ کی ہمیشہ حمایت کرتے تھے اور کفار مکہ کے مظالم کے سامنے ڈھال بنے ہوئے تھے اور خود نبی رحمت ﷺ کی بھی یہی خواہش تھی کہ چچا کی مدد آپ کو حاصل رہے، ابو طالب نے آپ کی حمایت، آپ کے ساتھ محبت، شفقت اور مدد کی وہ مثالیں قائم کیں کہ جسکی نظیر نہیں ملتی اور باوجود کفار مکہ کی دھمکیوں کے حضرت ابو طالب نبی رحمت ﷺ کی مدد سے دستبردار نہیں ہوئے، صرف خود نہیں بلکہ بنو ہاشم اور بنو مطلب کے پاس بھی گئے اور ان سے بھی درخواست کی وہ نبی رحمت ﷺ کی حمایت میں آپ کے شانہ بشانہ کھڑے رہیں ابو طالب کی نبی رحمت کیساتھ حمایت و نصرت رہتی دنیا تک کیلئے ایک محبت اور تعاون کی ایک عظیم مثال ہے جسکی عظیم مثال شعب ابی طالب ہے[2]۔

جناب ابو طالب کی نبی رحمت کیساتھ محبت اور حمایت کے واقعات اس وقت کی بات ہے جس وقت آپ کے عدم ایمان پر سب کا اتفاق ہے اور وہ واقعہ جسکو قائلین ایمان ابو طالب ان کے ایمان پر بطور دلیل پیش کرتے ہیں وہ آپکی عمر کا آخری حصہ ہے لہذا یہ دلیل ایمان ابو طالب کے قائلین اور عدم قائلین سب کے نزدیک درست ہے کہ داعی غیر مسلم سے دعوت دین میں مدد حاصل کر سکتا ہے۔

## قبیلہ بنو عامر سے مدد طلب کرنا:

قبیلہ بنو عامر بن صعصعہ کو کو دعوت دی تو نبی رحمت ﷺ نے ان سے تعاون بھی طلب کیا عبد الرحمان بن عامری روایت کرتے ہیں کہ ہم عکاظہ میں تھے کہ نبی رحمت ﷺ تشریف لائے اور پوچھا کس قبیلہ سے تعلق ہے تو ہم نے کہا بنو عامر سے تو پوچھا تمھاری دفاعی قوت کیسی ہے تو ہم

---

[1] سیرت ابن ہشام، ج2، ص98

[2] سیرت ابن ہشام، ج1۔ ص84/182

نے کہا جس چیز کا ہم فیصلہ کرتے ہیں وہ حاصل کر کے رہتے ہیں پھر نبی رحمت ﷺ نے فرمایا: "میں تمھارے پاس آیا ہوں کہ تم میری مدد کرو تاکہ میں دعوت دین کا کام کر سکوں اور میں تم میں سے کسی کو کسی امر پر مجبور نہیں کرونگا[1]۔

## قبیلہ بنو شیبان کو دعوت:

نبی رحمت ﷺ نے قبیلہ بنو شیبان کو دعوت دی اور ان سے دعوت دین میں سیاسی معاونت اور مدد طلب کی نبی رحمت ﷺ نے فرمایا: "تم میری معاونت کرلو یہاں تک کہ میں اللہ کے اس حکم کی تعمیل کروں جو میری طرف بھیجا گیا ہے اس لئے کہ قریش نے دعوت کا انکار کیا ہے اور میرے دشمن بن گئے ہیں[2]"۔

## قبائل یہود سے تعاون طلب کرنا:

ہجرت سے قبل نبی رحمت ﷺ جب یہود کہ مختلف قبائل اور وفود سے ملاقات کرتے تو آپ ان کو دعوت دیتے اور فرماتے کہ میں تمھیں جس چیز کی طرف دعوت دیتا ہوں اس میں کوئی زبردستی نہیں مجھے اس دشمن سے بچالو جو میرے قتل کا منصوبہ بنا چکے ہیں یہاں تک کہ میں اپنے رب کے پیغام کو اس کی مخلوق تک پہنچاؤں[3]۔

## دعوت دین میں غیر مسلموں سے مدد لینے کی شرائط:

غیر مسلموں سے مدد طلب کرنے یا ان کی حمایت کی پیشکش کو قبول کرنے کیلئے یہ شرط ہے کہ یہ حمایت اسلامی تعلیمات میں تبدیلی یا ان میں سے کسی سے دستبرداری کا سبب نہ بنے۔

مذکورہ بالا واقعات سے واضح ہوتا ہے کہ داعی دین شرعی مصلحت کے تحت کسی غیر مسلم کی مدد لے سکتا ہے جیسے حضرت ابو بکر صدیق رضی اللہ عنہ نے ابن دغنہ کی درخواست پر اس کے گھر پناہ لی اور پھر ایک عرصہ تک گھر کے اندر ہی عبادات کا سلسلہ جاری رکھا ان شرائط کے مطابق جن پر پناہ ملی تھی۔ حضرت ابو بکر صدیق رضی اللہ عنہ کی سیرت مبارکہ اہل اسلام اور داعیان دین کیلئے مشعل راہ ہے غیر مسلم کے ہاں پناہ لی جاسکتی ہے حضرت ابو بکر نے ابن دغنہ کی پناہ کی پیشکش کو قبول کیا لیکن اس شرط کے ساتھ کی دین کے مفاد کے خلاف نہ ہو۔

---

[1] اصبہانی، حافظ ابو نعیم "دلائل النبوۃ" مترجم، عبد الرسول۔ (برطانیہ، ابن عباس اکیڈمی 1417ھ) ج1 ص384

[2] بیھقی، احمد بن حسین۔ دلائل النبوۃ، ج1 ص514

[3] دلائل النبوۃ۔ ج2۔ ص414۔ سیرت حلبیہ، ج2، نصف اول، ص17

## عبداللہ بن اریقط سفر ہجرت میں:

جب نبی رحمت ﷺ اور آپکے یار غار حضرت ابو بکر صدیق نے مکے سے مدینے کی طرف ہجرت کا آغاز کیا تو حضرت ابو بکر صدیق نے نبی رحمت ﷺ سے عرض کی: اے اللہ کے رسول یہ دو سواریاں ہیں جو میں نے اس موقع کیلئے تیار کی ہیں اور پھر انھوں نے ایک مشرک عبد اللہ بن اریقط کو اجرت پر ساتھ لیا تاکہ راستہ کی رہنمائی لی جاسکے کیونکہ وہ اسکا ماہر تھا۔ عبد اللہ بن اریقط بنی الدئل بن بکر کے قبیلے سے تھا راستہ بھی دکھاتا تھا سواریاں بھی چراتا تھا[1]۔

غیر مسلموں سے مدد طلب کرنے یا اس کی حمایت کی پیشکش کو قبول کرنے کیلئے یہ شرط ہے کہ یہ حمایت اسلامی تعلیمات میں تبدیلی یا ان میں سے کسی سے دستبرداری کا سبب نہ بنے۔

## حضرت ابو بکر صدیق رضی اللہ عنہ کا پناہ واپس لٹا دینا:

جب حضرت ابو بکر صدیق نے ابن دغنہ کے کہنے پر ہجرت کا ارادہ ترک کیا اور اس کی پناہ کی پیشکش قبول کی تو آغاز میں عبادت کو مخفی رکھا لیکن بعد میں لوگوں کے سامنے ہی نماز پڑھنے اور تلاوت کرنے لگے اور جب آپ تلاوت کرتے تو قریش مکہ کے لوگ جس میں مرد، خواتین، بچے سب شامل تھے جمع ہو جاتے اور آپ کی تلاوت سنتے۔ جب سرداران قریش نے دیکھا کہ لوگ تو حضرت ابو بکر کی طرف مائل ہو رہے ہیں تو انھوں نے ابن دغنہ کو بلا کو کہا کہ ہم نے تو اس بات پر پناہ کی حامی بھری تھی کہ وہ عبادات کو مخفی طریقے سے انجام دینگے لہذا آپ ابو بکر سے کہیں کہ یا تو عبادات کو خفیہ رکھیں یا پناہ واپس دیں۔ ابن دغنہ نے حضرت ابو بکر سے کہا کہ آپ کو دی گئی پناہ مشروط تھی عبادات کو مخفی رکھنے سے لہذا آپ اس شرط کے مطابق متعین جگہ میں اپنی عبادت کرینگے بصورت دیگر میری امان مجھے واپس دیں۔ صدیق اکبر نے فرمایا: میرے لئے اللہ کی امان کافی ہے اور آپ رضی اللہ عنہ نے پناہ واپس لوٹا دی[2]۔

## حضرت عثمان بن مظعون کا پناہ واپس لٹا دینا:

حضرت عثمان بن مظعون نے جب دیکھا کہ میں تو پر امن ماحول میں پر سکون زندگی گزار رہا ہوں اور میرے مسلمان بھائی ظلم و ستم کی چکی میں پس رہے ہیں تو آپ کی غیرت ایمانی نے یہ گوارا نہ کیا آپ نے بھی ولید بن مغیرہ کو پناہ واپس دی اور اسی اثنا میں جب آپ کا ایک غیر مسلم سے کوئی تنازعہ ہوا تو اس نے آپ کو مکا مارا جس سے آپ کی ایک آنکھ زخمی ہوئی اس موقع پر ولید بن مغیرہ نے کہا کہ آپ میری پناہ واپس نہ کرتے تو آپ کی

---

[1] سیرت ابن ہشام، ج2، ص98

[2] اکرم ضیاء سیرت رحمت عالم، ص156

آنکھ کو کوئی نقصان نہیں پہنچتا تو حضرت عثمان بن مظعون نے جواب دیا" اللہ کی عزت کی قسم، میری دوسری آنکھ بھی اللہ کی راہ میں زخمی ہو جائے تو میری دل کو تسکین ملے [1]۔

جب ایک غیر مسلم کے ظلم وجبر سے بچانے کیلئے غیر مسلموں کے ساتھ کئے گئے معاہدے کی اتنی اہمیت ہے تو مسلمان قوم یا دین اسلام کے مفاد میں غیر مسلموں سے مدد طلب کرنا بدرجہ اولی جائز ہے

## اشاعت دین کیلئے غیر مسلموں کیساتھ معاہدات:

نبی رحمت ﷺ نے ریاست مدینہ کی تشکیل کے بعد معاشرہ کے دیگر مذاہب، اقوام اور قبائل سے مختلف نوعیت کے معاہدات کیے، ذیل میں چند کا ذکر کیا جاتا ہے۔

## میثاق مدینہ

جس وقت نبی رحمت ﷺ مکے سے ہجرت کر کے مدینہ تشریف لائے تو تو مدینہ منورہ میں مختلف مذاہب اور اقوام سے تعلق رکھنے والے مختلف رنگ ونسل کے لوگ مختلف قبائل میں بستے تھے جن میں سے اوس وخزرج کے بارہ قبائل، جیسے بنی حظمہ، بنی واقف، نبی وائل وغیرہ جن میں سے بعض نے اسلام قبول کر لیا تھا انہیں نبی رحمت ﷺ نے اسلامی رشتہ اخوت "انما المؤمنون اخوة" کے ناطے باہم ملا دیا تھا۔

مدینہ میں ایک بڑی آبادی یہودیوں کی تھی جو بیس قبائل پر مشتمل تھی جن میں بنو نضیر، بنو قریضہ، بنو قینقاع مشہور تھے اور جن قبائل نے اسلام قبول نہیں کیا وہ باہم رقابتوں کے باوجود اسلام دشمنی میں متفق ومتحد تھے اور مسلمانوں کی بنسبت کفار کو اچھا سمجھتے تھے۔

دعوت دین کے عملی نفاذ کیلئے ضروری تھا کی مدینہ میں داخلی اور خارجی سطح پر سکون رہے اور اس میں وحدت قائم ہو تو نبی رحمت ﷺ نے مدینہ کے یہودیوں سے ایک معاہدہ کا جسے میثاق مدینہ کہتے ہیں نبی رحمت ﷺ نے ریاست کے سربراہ اعلی کی حیثیت سے مدینہ منورہ کو حرم قرار دیکر ایک ایسی ریاست اور نظام کی بنیاد رکھی جو خاندانی، قبائلی، لسانی عصبیت سے پاک تھی جس کی بنیاد عدل وانصاف، تقوی اور مساوات پر تھی اور یہ پیغام دیا کہ دین اسلام اپنے اندر یہ وسعت رکھتا ہے کہ یہ غیر مسلموں کو بھی مسلمانوں کے ساتھ مل کر رہنے کی اجازت دیتا ہے بلکہ معاشرتی معاملات میں ایک دوسرے کے ساتھ اتفاق واتحاد کے ساتھ رہنے کی تلقین کرتا ہے اور نبی رحمت نے اسے ملت واحدہ قرار دیا[2]۔

---

[1] سیرت ابن ہشام، ج1ص243

[2] سید محبوب رضوی "مکتوبات نبوی" (لاہور، گوہر پبلیکیشنز) ص60/55

## مقامی ثقافت کا احترام:

نبی رحمت ﷺ نے اس معاہدے کے دوران اس بات کو مد نظر رکھا کہ لوگ کو ان رسوم سے اتنی جلدی بیزاری اختیار نہیں کر سکتے جس پر وہ برسوں سے عمل پیرا ہیں اس لئے اس معاہدہ کے دوران مروجہ مقامی قوانین کی رعایت کی گئی جیسا کہ معاہدہ کی ایک شق یہ تھی "تمام قبائل دیت کے معاملے میں مقامی قوانین کی پابندی کرینگے۔

میثاق مدینہ میں تمام معاشرتی طبقات کے درمیان رواداری، بقائے باہمی اور احترام و قار کو فروغ دیا گیا جس سے اسلام مخالف لوگوں میں موجود غلط فہمیاں دور ہو گئیں اور تبلیغ دین کے راستے کھل گئے اسی لئے ہجرت کے موقع پر صحابہ کرام کی تعداد چار سو(400) تھی لیکن صلح حدیبیہ کے موقع پر یہ چودہ سو(1400) ہو گئی تھی اور پھر فتح مکہ کے موقع پر یہ تعداد دس ہزار تک پہنچ گئی تھی۔ اشاعت اسلام کی کامیابی میں بنیادی کردار ان معاہدات کا تھا جس نے مسلمانوں کو ایک پر امن ماحول فراہم کیا[1]۔

## مذہبی آزادی:

میثاق مدینہ میں صرف بنیادی حقوق کی ہی نہیں بلکہ مذہبی آزادی کی ضمانت بھی دی گئی اور اسلام کے اس فلسفہ قرآنی کو واضح کیا کہ "دین اسلام میں کوئی زبردستی نہیں"۔ اس شق کو یوں بیان کیا گیا کہ "وان یهود بنی عوف امة مع المؤمنين لليهود دينهم وللمسلمين دينهم[2]"بنی عوف اور مسلمان ایک سیاسی وحدت ہونگے، یہودیوں کیلئے ان کا دین اور مسلمانوں کیلئے ان کا دین"۔

میثاق مدینہ کی بنیاد پر ولیم میور نے نبی رحمت ﷺ کو ایک عظیم مدبر قرار دیا اور کہا کہ نبی رحمت نے معاشرے میں موجود مختلف فکر کے حامل، منتشر لوگوں کو متحد کر کے ایک ایسی ریاست کی کی بنیاد ڈالی جو بین الاقوامیت کے اصولوں پر مبنی تھی[3].

## معاہدہ قبیلہ جہینہ:

ہجرت کے بعد بھی قریش مکہ کی سازشوں نے مسلمانوں کو مدینہ میں بھی اطمینان سے رہنے نہیں دیا۔ قریش گرد ونواح کے قبائل کو مسلمانوں کے خلاف متحد کر رہے تھے ایسے میں نبی رحمت ﷺ نے فروغ امن اور تحفظ جان ومال کیلئے مختلف قبائل سے معاہدات کئے تا کہ دعوت تبلیغ کا کام کو جاری رکھا جائے۔ مدینہ منورہ سے تقریبا اسی(80) میل کے فاصلے پر ینبوع کے مقام پر یہ قبیلہ آباد تھا نبی رحمت ﷺ کے سفر ینبوع کے موقع پر اس قبیلہ کا ایک وفد نبی رحمت ﷺ کے پاس معاہدہ حلیفی کیلئے حاضر ہوا اور مندرجہ ذیل شرائط پر یہ معاہدہ طے پایا گیا:

---

[1] قادری، محمد طاہر، میثاق مدینہ۔(لاہور، منہاج القران پبلیشرز)ص73

[2] محمد حمید اللہ "الوسائق السیاسیہ فی العہد النبوی"(بیروت، دارالنقاش،1958)ص60

[3] Ameer Ali/the Spirit of Islam/karachi .1969,P58

1۔جان و مال کو تحفظ حاصل ہوگا۔2۔کسی بھی بیرونی حملہ کی صورت میں ان کی مدد کی جائے گی۔3۔اندرونی معاملات میں امداد کی جائے گی۔۔4ان کے اردوگرد کے پرامن لوگوں کو بھی وہی حقوق حاصل ہونگے جو ان کو ہیں[1]۔

**معاہدہ بنوضمرہ:**

نبی رحمت ﷺ نے ہجرت کے بعد کئی مرتبہ مدینہ سے ینبوع کا سفر کیا۔بنوضمرہ کا علاقہ بھی اسی راستے میں آتا ہے۔دو(2)ہجری کو نبی رحمت ﷺ نے قبیلہ بنوضمرہ سے معاہدہ کیا جس کے تحت ان لوگوں کو جانی مالی تحفظ حاصل ہوگا،ان پر حملہ ہونے کی صورت میں ان کی حمایت کی جائیگی اور ان لوگوں پر لازمی ہوگا کہ یہ نبی رحمت ﷺ کی اطاعت کریں اور ان سے غیر جانبدار رہنے اور اور جنگ نہ کرنے کا حلف لیا گیا[2]۔

مذکورہ بالا تمام معاہدات دعوت دین کی اشاعت کیلئے بنیادی اہمیت کے حامل تھے اور انہوں نے مسلمانوں کیلئے پرامن فضاء قائم کی۔آج بھی داعیان اسلام کیلئے نبی رحمت ﷺ کا یہ دعوتی منہج رول ماڈل ہے جو یہ واضح کرتا ہے کہ حکمت و مصلحت کے ساتھ اشاعت دین کیلئے غیر مسلموں کے ساتھ ایسے معاہدے کیے جائیں کیونکہ یہ بات واضح ہوگئی کہ داعی دین کو سب سے پہلے سازگار حالات کے قیام کیلئے کوشش کرنی چاہیے اور اس مقصد کے حصول کیلئے ایسے معاہدات میں کوئی مضائقہ نہیں جس کے دوررس نتائج یقینی ہوں اور دین اسلام کے بنیادی تعلیمات کے مخالف نہ ہوں۔

**صلح حدیبیہ:**

ہجرت کے چھٹے سال نبی کریم ﷺ جب عمرہ کی ادائیگی کی نیت سے چودہ سو صحابہ کرام کو ساتھ لیکر مکہ کی طرف نکلے تو کفار قریش نے مسلمانوں کو مکے میں داخل ہونے سے منع فرمایا پھر کچھ دنوں کے بعد آپ ﷺ اور کفار قریش کے درمیان دس سال کیلئے امن کا معاہدہ ہوا جس میں کئی سخت شرائط بھی تھیں جسکی تفصیل یوں تھی۔

دس سال تک جنگ بندی ہوگی۔قریش میں سے اگر کوئی ولی کی اجازت کے بغیر مدینہ گیا تو اسے واپس کیا جائے گا اگرچہ اسلام بھی قبول کر لے۔مدینہ سے مسلمانوں میں سے کوئی مکہ آئے تو اسے واپس کیا جائے گا۔مسلمان اس سال عمرہ ادا نہیں کرینگے اور اگلے سال بھی صرف تین دن قیام کرینگے اور اس دوران تلواریں نیام میں ہونگی[3]۔

شرائط سے بظاہر یوں لگ رہا تھا کہ صرف ایک فریق کے حق میں لکھی گئی ہیں کہ اس معاہدے کے بعد مسلمان تعجب اور حیرانگی کا اظہار کر رہے تھے اور اس قدر پریشان تھے کہ قریب تھا کہ سخت رنج و غم کہ وجہ سے ہلاک ہوجائیں[4]۔

---

[1] مکتوبات نبوی۔ص26

[2] ابن سعد۔طبقات ابن سعد۔ج2،ص47

[3] ڈاکٹر،محمد حمید اللہ۔رسول اکرم کی سیاسی زندگی۔(دارالاشاعت لاہور1988)ص108

[4] طبری،ابوجعفر محمد بن جریر۔تاریخ طبری۔مترجم محمد ابراہیم۔ج2،حصہ اول،ص256

## سورہ فتح کا نزول:

نبی رحمت ﷺ نے اپنی فہم و فراست اور دوراندیشی سے یہ معاہدہ کیا تھا اور آپ ﷺ کی نگاہ نبوت اس کے نتائج کو دیکھ رہی تھی۔ صلح حدیبیہ کے بعد جب نبی رحمت ﷺ واپس مکہ مکرمہ اور مدینہ منورہ کے درمیان پہنچے تھے کہ اللہ رب العزت نے سورہ فتح نازل فرمائی تو نبی رحمت ﷺ نے صحابہ کرام کو جمع کر کے سورہ فتح کے نزول کی خوشخبری دی اور جو صلح کو بظاہر شکست نظر آرہی تھی اللہ تعالی نے اسے فتح مبین قرار دیا[1]۔

## کفار مکہ کے تاثر میں تبدیلی:

صلح حدیبیہ کی وجہ سے مسلمانوں کو ایک دوسرے کے قریب آنے کا موقع ملا اور غلط فہمیاں دور ہو گئیں صلح کی وجہ سے کفار مکہ کے دلوں میں مسلمانوں کے خلاف جو نفرتیں تھی وہ کم ہو گئیں اور ابھی دس مہینے بھی نہیں ہوئے تھے کہ اتنے لوگوں نے اسلام قبول کیا جتنے پندرہ سالوں میں اسلام لائے تھے[2]۔

صلح حدیبیہ سے داعیان کو یہ سبق ملتا ہے کہ وہ حکمت و موعظت سے کام لیں اور بوقت ضرورت دعوت دین کے عظیم تر مفاد کی خاطر ان سے معاہدہ بھی کر سکتے ہیں اگرچہ بظاہر وہ طبیعت کے خلاف ہو۔ صلح حدیبیہ سے یہ بھی واضح ہوتا ہے کہ دعوت کیلئے پر امن ماحول انتہائی ضروری ہے اس حوالے سے ابن ہشام نے روایت کیا ہے کہ:" صلح حدیبیہ سے پہلے مسلمان اور غیر مسلموں کا سامنا جنگ میں ہی ہوتا تھا لیکن صلح حدیبیہ کے بعد مسلمانوں اور غیر مسلموں کو ملنے کا موقع ملا ایسی صورت میں خوب اسلام کی نشر و شاعت ہوئی۔

## ابن ہشام لکھتے:

صلح حدیبیہ کے بعد اتنے لوگ مسلمان ہوئے کہ جتنے پچھلے تیرہ سال میں نہیں ہوئے تھے۔ آج بھی صلح حدیبیہ کو سامنے رکھتے ہوئے داعی دین بالخصوص مسلم حکمران ایسے فیصلے کر سکتے ہیں جو دین اسلام کی اشاعت کا سبب بن سکیں۔

## مولانا محمد ادریس یوں رقمطراز:

مولانا محمد ادریس امام زہری کے حوالے سے نقل کرتے ہیں کہ امام زہری لکھتے ہیں کہ اسلام میں صلح حدیبیہ سے قبل اس سے بڑی کامیابی حاصل نہیں ہوئی تھی اس سے پہلے لوگ افراتفری کا شکار تھے، صلح صدیبیہ کی وجہ سے امن قائم ہوا، لوگ ایک دوسرے سے ملے، باہم گفتگو سے

---

[1] کاندھلوی، محمد ادریس، سیرت مصطفی۔ج2،ص459

[2] باشمیل احمد، صلح حدیبیہ، مترجم اختر فتح پوری(کراچی، نفیس اکیڈمی)ص285

اسلام تعلیمات سے آشنائی ہوئی اور جو اسلامی تعلیمات سے متاثر ہوئے انھوں نے اسلام قبول کیا اور دو سال کے قلیل عرصے میں لوگوں نے اسلام قبول کیا جن کی تعداد ان سے زیادہ جو اس سے قبل ہجرت سے لیکر صلح حدیبیہ کے دوران اسلام لائے[1]۔

**خواتین کے بارے میں مصلحت:**

**صلح حدیبیہ کی شرائط میں سے ایک شرط تھی:**"من آتی محمدامن قریش بغیر اذن ولیہ ردہ علیھم ومن جاء قریش ممن مع محمدا لم یردہ علیہ[2]۔

**اس معاہدے میں خواتین شامل ہیں یا نہیں اس حوالے سے امام قرطبی نے تین اقوال ذکر کیے ہیں:**

**پہلا قول:**

**معاہدے میں صراحت کے ساتھ عورتوں کی واپسی کا بھی ذکر تھا لیکن مذکورہ آیت نازل ہوئی:**

**فَاِنْ عَلِمْتُمُوْهُنَّ مُؤْمِنٰتٍ فَلَا تَرْجِعُوْهُنَّ اِلَى الْكُفَّارِ ؕ لَا هُنَّ حِلٌّ لَّهُمْ وَ لَا هُمْ يَحِلُّوْنَ لَهُنَّ ؕ**[3]

پھر اس کا تعلق صرف مردوں سے خاص رہا۔

**دوسرا قول:**

معاہدے کی اس شق کے الفاظ عام تھے جس میں مرد اور عورت دونوں شامل تھے لیکن اس آیت نے حکم منسوخ کر دیا۔

**تیسرا قول:**

اس شق کے الفاظ میں لفظ "**رجل**" ہے لہذا اس میں لفظ رجل صرف مردوں پر صراحت سے دلالت کرتا ہے لیکن عورتوں کے بارے میں خاموشی اختیار کی گئی اس لیے جب مشرکین نے اس پر اعتراض کیا تو نبی رحمت ﷺ نے فرمایا کہ معاہدہ مردوں سے متعلق ہے عورتوں سے متعلق نہیں[4]۔

**امام ضحاک فرماتے ہیں:**

معاہدے میں اس بات کو واضح کیا گیا تھا کہ کوئی مشرک عورت مکے سے مدینہ آئی تو اسکو واپس کیا جائیگا لیکن مسلمان کو واپس نہیں کیا جائیگا[5]۔

---

[1] کاندھلوی، محمد ادریس۔ سیرت مصطفی۔ ج2، ص554

[2] سیرت حلبیہ، ج3، ص85

[3] الممتحنہ:10

[4] قرطبی، الجامع لاحکام القرآن۔ (قاہرہ، دارلحدیث) ج9ص310

[5] عمر صدیق، غیر مسلموں سے متعلق احادیث و آثار اور عصر حاضر میں اسکی معنویت۔ علامہ اقبال اوپن یونیورسٹی 2014

صلح حدیبیہ میں کڑی ترین شرائط مانی گئیں لیکن خواتین کے معاملے میں کوئی نرمی نہیں دکھائی گئی۔ اہل اسلام اور داعیان دین کیلئے نبی رحمت ﷺ کا یہ عمل ایک واضح پیغام ہے کہ خواتین کی جان اور عزت کے حوالے سے کسی قوم کا کوئی خطرہ نہیں مول لیا جاسکتا۔

غیر مسلموں کیساتھ معاہدے کیلئے اس مصلحت کو سامنے رکھنا ضروری ہے کہ وہ معاہدہ مسلمانوں کیلئے فائدہ مند ہوگا یا نقصان دہ، اس حوالے سے علماء نے غیر مسلموں کے ساتھ معاہدوں کو تین طرح کی شرائط کیساتھ مشروط کیا ہے۔

**معاہدہ میں فاسد شرائط نہ ہوں:**

وہ معاہدہ شروط فاسدہ سے خالی ہو عام ازیں کہ وہ معاہدہ مسلمانوں کے درمیان ہو یا مسلمانوں اور غیر مسلموں کے درمیان، معاہدات میں اسلام کی بنیادی تعلیمات کا ہونا ضروری ہے[1]۔

ڈاکٹر وھبہ الزحیلی قرآن مجید کی اس آیت مبارکہ "وَ اِنْ جَنَحُوْا لِلسَّلْمِ فَاجْنَحْ لَهَا وَ تَوَكَّلْ عَلَى اللّٰهِ[2]"

کے ذیل میں فرماتے ہیں کہ غیر مسلموں کیساتھ معاہدہ جائز ہے جب معاہدے سے مقصود امن کو فروغ دینا اور شر کو دور کرنا ہو[3]۔

**معاہدہ نجران:**

نبی رحمت ﷺ نے نو ہجری کو نجران کے عیسائیوں کے ساتھ ایک معاہدہ کیا جو معاہدہ نجران کے نام سے مشہور ہے اس معاہدے کے تحت نبی رحمت ﷺ نے اہل نجران کیلئے ایک عہد نامہ تیار کروایا جس میں درج تھا کہ اہل نجران کیلئے خدا کا جوار اور محمد ﷺ کا ذمہ ہے ان کے نفس ،اموال، اراضی، ان کے غائبین اور حاضرین کیلئے ان کے قبیلہ کے ہوں یا ان کے متبعین کیلئے۔ ان کے حالات میں کسی قسم کی تبدیلی نہیں ہوگی اور جاہلیت کے کسی اشتباہ سے ماخوذ نہیں ہونگے ظالم اور مظلوم کے درمیان انصاف ہوگا۔ اس معاہدے کے بعد نجران کے عیسائیوں کی ایک بڑی تعداد اور دیہات کے تمام مشرک قبائل نے اسلام قبول کر لیا تھا[4]۔

---

[1] ابن قدامہ، عبداللہ بن احمد۔ المغنی۔ (مدینہ منورہ۔ مکتبہ سلفیہ)۔ ج10 ص524

[2] الانفال: 61

[3] زحیلی، ڈاکٹر وھبہ۔ تفسیر منیر (کوئٹہ، مکتبہ رشیدیہ)، ج5، ص401

[4] قاسم محمود، سیرۃ النبی انسائیکلوپیڈیا۔ (لاہور، میاں سنز پریس 2020) ص265

## نبی رحمت ﷺ کی حلف الفضول کی تعریف:

نبی رحمت ﷺ نے حلف الفضول کے متعلق فرمایا:"میں عبد اللہ بن جدعان کے مکان پر ہونے والے معاہدے میں شریک تھا اور مجھے سرخ اونٹوں سے بھی یہ زیادہ یہ معاہدہ پسند ہے اگر دور اسلام میں مجھے اس عہد وپیماں کیلئے بلایا جاتا تو میں لبیک کہتا[1]۔

## عامر بن طفیل کی سودابازی کی کوشش:

دعوت دین میں سودابازی کی کوئی گنجائش نہیں اس لئے ایسے معاہدات جو دین اسلام کیلئے ضرر کا باعث ہوں جائز نہیں سیرت النبی ﷺ میں واضح ہے داعی دعوت دین میں کسی کے ساتھ اس طرح کا معاہدہ نہیں کر سکتا جہاں مدعو قبول اسلام کو بطور ہتھیار ثابت کرے اور کہے کہ مجھے اسلام قبول کرنے کے عوض فلاں علاقے کی حکومت دی جائے کیونکہ اس طرح کی سودابای اسلام کی روح کے منافی ہے۔

قبیلہ بنو عامر بن صعصعہ عرب کے مشہور اور طاقتور قبائل میں سے ایک تھا۔ فتح مکہ کے بعد دیگر قبائل کے وفود کی طرح اس قبیلہ کا بھی ایک وفد جس میں دیگر افراد کے علاوہ تین سردار بھی تھے جن میں عامر بن طفیل (نبی رحمت کا دشمن تھا اور نبی رحمت کی عداوت اس شقی کے دل میں کوٹ کوٹ کر بھری ہوئی تھی) اربد بن قیس اور جبار بن سلمی شامل تھے۔ عامر بن طفیل اکثر نبی رحمت ﷺ کے قتل کے منصوبے بناتا رہتا تھا اس دفعہ بھی یہ اسی نیت سے حاضر ہوا تھا اگرچہ قبیلے کے دیگر افراد قبول اسلام کے خواہشمند تھے اسلئے سب نے اسے کہا کہ دیگر قبائل کی طرح تم بھی اسلام قبول کر لو لیکن اس نے انکار کیا اس نے اپنے ساتھی سردار اربد سے کہا ہوا تھا کہ جب ہم وہاں پہنچیں تو میں نبی رحمت ﷺ کو اپنی طرف متوجہ کرونگا اور تم نعوذ باللہ قتل کر دینا لیکن یہ بدبخت بری طرح اپنے منصوبے میں ناکام ہوا اور اللہ نے اپنے حبیب ﷺ کی حفاظت کی۔

ایک روایت کے مطابق جب یہ وفد بارگاہ رسالت مآب ﷺ میں حاضر ہوا تو حضور ﷺ نے اسے بیٹھانے کیلئے تکیہ بچھایا پھر اسے فرمایا اے عامر اسلام قبول کر لو وہ کہنے لگا میں ایک درخواست کرنا چاہتا ہوں نبی رحمت ﷺ نے فرمایا" کہ میرے قریب ہو جاؤ اور جو بات کرنا چاہتے ہو کر وہ اتنا قریب ہو گیا کہ نبی رحمت پر جھک گیا اور یوں کہنے لگا کہ "اگر میں مسلمان ہو جاؤں تو کیا آپ مجھے اپنا جانشین مقرر کرنے کیلئے تیار ہیں؟"۔

نبی اکرم ﷺ نے فرمایا اس میں تیرا اور تیری قوم کا کوئی عمل دخل نہیں ہر چیز اللہ کے سپرد ہے وہ جس کو چاہے میرا جانشین بنادے البتہ میں تجھے گھڑسواروں کا امیر بنادونگا تو وہ کہنے لگا کہ میں تو آج بھی نجد کے گھڑ سواروں کے دستوں کا امیر ہوں لہذا مجھے عرب کے صحراء نشین قبائل کا امیر بنادیں نبی رحمت ﷺ نے اسکی اس تجویز کو مسترد کیا پھر اس نے کہا کہ میں مسلمان ہو جاؤں تو مجھے کیا ملے گا حضور ﷺ نے فرمایا "لک ما للمسلمین وعلیک ما علی المسلمین "جو دوسروں کے حقوق ہونگے وہی آپ کے حقوق ہونگے اور جو فرائض اور ذمہ داریاں ان کی ہونگی وہی آپ کی ہونگی۔ نبی رحمت کے جواب پر کہنے لگا کہ میں آپ کے مقابلے میں اتنے شہسوار اور اتنے پیدل لڑاکے لے آؤنگا جو ان وادیوں کو بھر دیں گے۔ نبی

---

[1] سیرت حلبیہ ج1، ص413

رحمت ﷺ نے ایک ہی جواب دیا کہ اللہ تجھے ایسا کرنے کی ہمت نہیں دے گا۔ اللہ تعالی نے اس پر ایسی بیماری مسلط کر دی جو اسکی ہلاکت کا باعث بنی[1]۔

صحیح بخاری میں مروی ہے کہ عامر بن صعصعہ نے حضور ﷺ کی خدمت میں عرض کی کہ میں تین تجویزیں پیش کرتا ہوں ان میں سے کسی ایک کو منتخب فرمائیں۔

**1۔** يَكُونُ لَكَ أَهْلُ السَّهْلِ وَلِي أَهْلُ الْمَدَرِ 2۔أَوْ أَكُونُ خَلِيفَتَكَ 3۔أَوْ أَغْزُوكَ بِأَهْلِ غَطَفَانَ بِأَلْفٍ وَأَلْفٍ[2]۔

قبیلہ بنو عامر بن صعصعہ کے وفد کے حوالے سے مختلف طرق سے روایات موجود ہیں لیکن سب میں ایک بات مشترک ہے وہ جانشینی کی ہے یعنی عامر بن طفیل اس شرط پر ایمان لانا چاہتا تھا کہ اس کو اسلام قبول کرنے کے بعد نبی رحمت ﷺ اپنا جانشین مقرر کر دیں یعنی کسی خاص علاقے کی سرداری عطاء کر دیں یا اس کو حکمران بنا دیں لیکن اللہ کے نبی نے ایسے مطالبات کو یکسر مسترد کیا اور واضح کیا کہ اسلام دین کے اصولوں پر کوئی سودابازی نہیں کر سکتا۔

اسلام میں دعوت دین میں حکمت اور مصلحت کا ضرور حکم دیا گیا ہے لیکن اس کی اپنی حدود ہیں۔ داعی دین دعوت دیتے وقت سودابازی نہیں کر سکتا جیسے قبیلہ بنو عامر کا سردار کہہ رہا تھا کہ مجھے اپنا جانشین بنالیجئے لیکن نبی رحمت ﷺ نے سختی سے اس تجویز کو مسترد کیا کیونکہ اس سے واضح ہو تا ہے کہ وہ شخص اپنے ذاتی مفادات کی خاطر اسلام قبول کر رہا ہے لہذا داعی دین پر واضح ہو گیا کہ دعوت دین دیتے وقت ایسی پیشکش نہیں کی جاسکتی جو دین کے نقصان کا سبب ہو اور نہ ہی مدعو کی ایسی کوئی تجویز منظور نہیں کی جاسکتی کہ جو دین کے ضرر کا باعث ہو جیسے عامر بن طفیل کا کہنا کہ میں اسلام تب قبول کرونگا اگر مجھے صحرائی علاقے کی جانشینی ملے۔

غیر مسلموں کیساتھ معاہدات مختلف فیہ مسئلہ ہے جس میں جواز اور عدم جواز دونوں طرح کے اقوال موجود ہیں البتہ جو عدم جواز کے قائل ہیں ان کے دلائل میں مرکزی نقطہ یہ ہے کہ معاہدات کی وجہ سے مسلمان غیر مسلموں کے ماتحت ہونگے جو کہ درست نہیں لیکن جواز کے قائل فقہاء نے جو شرائط وضوابط متعین کیے ہیں ان میں یہ بات شامل ہے کہ ایسا معاہدہ کسی بھی صورت میں درست نہیں ہو گا جس میں مسلمان غیر مسلموں کے تابع تصور ہوں اوراحادیث سے ثابت ہے کہ نبی رحمت ﷺ نے شرائط کو ملحوظ رکھتے ہوئے غیر مسلموں سے معاہدے کئے جو اشاعت دین کا سبب بنے اور جہاں نبی حمت ﷺ نے اسلام اور مسلمانوں کے مفاد میں مناسب نہیں سمجھا وہاں منع بھی فرمایا۔ آج بھی داعی دین کیلئے نبی رحمت ﷺ کی سیرت ہی بہترین اسوہ ہے۔

---

[1] الروض الانف فی تفسیر السیرۃ لنبویۃ لابن ہشام۔ ج4، ص371 ضیاء النبی، ج4، ص637

[2] صحیح بخاری۔ کتاب البخاری۔ باب غزوۃ الرجیع، ورعل وذکوان۔ رقم الحدیث 4091

## تالیف قلبی:

غیر مسلموں کو دعوت دینے کے سلسلے میں تالیف قلبی (دلجوئی) کا بہت بڑا کردار ہے اگر آپ کسی کا دل جیت لیں تو وہ آپ کی بات نہ صرف توجہ سے سنے گا بلکہ دل سے مانے گا اور ہمیشہ کے لیے آپ کا ہو کر رہ جائے گا اور یہ ایک فطری عمل ہے۔ تالیف قلب کا عمل نبی اکرم ﷺ اور صحابہ کرام کی دعوتی سرگرمیوں میں کثرت سے ملتا ہے آپ ﷺ اور آپ کے صحابہ کرام نے تالیف قلبی دو طریقوں سے کی ہے:۔

(1)اخلاقی مدد سے (2)مالی امداد کے ذریعے

### اخلاقی برتاؤ سے دل موہ لینا:

اخلاقی برتاؤ اور اخلاقی امداد سے دل موہ لینے کا مطلب ایسا کردار پنانا جس سے داعی کے لیے مدعو کے ل دل میں محبت پیدا ہو اور وہ داعی دین کے پیغام کی طرف مائل ہو اس کی کئی صورتیں ممکن ہیں۔

کوئی غیر مسلم کسی کے ظلم و جبر میں مبتلا ہے تو اس غیر مسلم کو اس ظالم کے ظلم و جبر سے نجات دلانا، کوئی مصیبت میں مبتلا ہے تو اس مصیبت میں اس کی مدد کرنا، بیمار ہے تو اسکی تیمارداری کرنا، خوشی، غم کے مواقع میں شریک ہونا اس لیے کہ انسان ہمیشہ مشکل وقت میں کی جانے والی نیکی کو نہیں بھولتا۔

### مالی امداد:

تایف قلبی کی بہترین صورت ضرورت مند غیر مسلموں کی مالی و مادی امداد کر کے ان کا دل جیتنا ہے دنیا میں کسی کو اپنا گرویدہ بنانے اور اپنے قریب لانے کا بہترین ذریعہ یہ ہے کہ اس کو کچھ دیا جائے اس لیے کہ مشکل میں کی جانے والی مالی امداد عمر بھر انسان کو یاد رہتی ہے۔ مشہور کہاوت ہے " الانسان عبد الاحسان "یعنی انسان احسان کا بندہ ہے یہی وجہ ہے قران مجید میں زکوۃ کی مدات اور دوسری مدات میں جیسے مال غنیمت اور صدقات نافلہ وغیرہ کے مستحقین میں ایک "مؤلفۃ القلوب" بیان کی گئی ہے۔ چنانچہ ابتدا میں اس مد سے غیر مسلموں اور نو مسلموں کی مدد کی جاتی تھی۔

یہ مصارف زکوۃ میں سے چوتھا مصرف ہے۔ اس سے مراد ایسے لوگ جن کو اسلام کی طرف راغب کرنا مقصود ہوتا ہے حضرت عبداللہ بن عباس فرماتے ہیں کہ یہ وہ معزز لوگ ہیں جن کو نبی رحمت ﷺ حنین کے موقع پر عطاء کیا تھا اور ہر ایک کو سو اونٹ عطاء کئے تھے اور انہیں اسلام کی ترغیب دی[1]۔

---

[1] رازی، فخر الدین۔ تفسیر کبیر۔(لاہور، علوم اسلامیہ 2001)ج4ص84

مؤلفۃ القلوب میں مسلمان اور کفار دونوں شامل ہیں اور دونوں کو دینے کا مقصد دعوت دین ہے تو مسلموں کو اسلئے کہ وہ ایمان میں ثابت قدم رہیں اور غیر مسلموں کو اسلام کی طرف راغب کرنے کیلئے یا ان کے شر سے محفوظ ہونے کیلئے دی جاتی ہے[1]۔

ایک گروہ نبی رحمت ﷺ کے وصال کے بعد تالیف کے جواز کے قائل نہیں کیونکہ اسلام اب مضبوط ہو چکا ہے اور اب اسکی ضرورت باقی نہیں رہی جن میں حضرت عمر رضی اللہ عنہ، شعبی، امام مالک، امام ابو حنیفہ، ثوری وغیرہ شامل ہیں۔ فقہاء میں امام ابو حنیفہ اور امام مالک کا کلیتا یہ مؤقف ہے کہ اب کسی کی تالیف قلبی کے طور مالی تعاون نہیں کر سکتے اور اس حوالے سے حضرت عمر کا قول موجود ہے[2]۔

عدم جواز کے قائلین جواز والی احادیث کا جواب دیتے ہوئے فرماتے ہیں کہ جن روایات سے جواز کا ثبوت ملتا ہے وہاں مراد صدقہ نافلہ ہے صدقہ واجبہ نہیں۔

**امام سرخسی فرماتے ہیں:**

علماء اس بات پر متفق ہیں کہ صدقہ نافلہ دینا جائز ہے اور بعض فقہاء نے شرط لگائی ہے کہ اس سے حربی کو مسلمانوں کے خلاف لڑنے کی قوت نہ ملے (ورنہ جائز نہیں)[3]۔

بعض اس کے جواز کے قائل ہیں جن میں حسن بصری، زہری، ابو جعفر محمد بن علی، ابن عربی، قاضی ابن وہاب شامل ہیں اور ان کے نزدیک جب امام اس کی ضرورت سمجھے تو دے سکتا ہے[4]۔

ابن کثیر نے اپنی مشہور تفسیر میں "مؤلفۃ القلوب" کی کئی قسمیں بیان کی ہیں اور ان کی مالی امداد کرنے کی وجوہات لکھی ہیں جن کا خلاصہ یہ ہے۔

بعض لوگوں کو مال غنیمت دینے کا مقصد ان کو اسلام کی طرف راغب کرنا تھا جیسے نبی اکرم ﷺ نے غزوہ حنین کے موقع پر صفوان بن امیہ کو (جو آپ کے ساتھ مکے سے نکلا تھا) غنیمت کا مال دیا اور وہ اس وقت غیر مسلم تھا۔ صفوان بن امیہ کہتے ہیں کہ غزوہ حنین والے واقعہ سے پہلے آپ ﷺ میرے سب سے بڑے دشمن تھے لیکن جب سے نبی رحمت ﷺ نے میرے ساتھ یہ شفقت والا معاملہ کیا ہے اس کے بعد مجھے سب سے زیادہ محبوب لگتے ہیں۔ کچھ لوگوں کو دینے کا مقصد یہ ہے کہ ان کا اسلام سے تعلق مضبوط سے مضبوط تر ہو جائے، غزوہ حنین کے موقع پر اللہ کے نبی

---

[1] سعیدی، غلام رسول۔ تبیان القرآن۔(لاہور بک سٹال، 2005)۔ج5۔ص172

[2] مظہری، محمد ثناء اللہ۔ تفسیر مظہری۔(دہلی ادارہ اشاعت العلوم 1225ھ) ج4ص234

[3] سرخسی، شمس الدین محمد بن احمد۔ المبسوط۔(دار لفکر، بیروت 1989) ج3، ص111

[4] حنبلی، ابو حفص، محمد بن علی،۔ اللباب فی علوم الکتاب۔(بیروت دار الکتب العلمیہ 1998) ج10، ص125

ﷺ نے مکے کے سرداروں کو سو سو اونٹ عطا فرمائے اور ارشاد فرمایا کہ میں نے ان کو چھوڑ کر جو مجھے زیادہ محبوب ہیں ان کو اسلئے دے رہا ہوں کہ کہی یہ اسلام سے پھر کر جہنم میں نہ چلے جائیں[1]۔

حضرت ابو سعید خدری فرماتے ہیں کہ ایک دفعہ حضرت علی رضی اللہ عنہ نے یمن سے نبی رحمت ﷺ کی بارگاہ میں کچھ سونا پیش کیا تو نبی رحمت ﷺ نے مؤلفہ میں سے صرف چار لوگوں میں تقسیم کیا تو بعض لوگوں نے کہا کہ کیا یہ مکہ کے سرداروں کیلئے ہے تو نبی رحمت ﷺ نے فرمایا کہ یہ ان کی ایمان میں مضبوطی کیلئے دے رہا ہوں تاکہ انہیں اسلام سے رغبت ہو جائے[2]۔

بعض کو دینے کا مقصد یہ ہوتا ہے کہ ان کے ہم مثل لوگ بھی اسلام قبول کریں اور لوگوں کا اسلام کی طرف رجحان بڑھ جائے اور بعض کو اس لیے دیا جاتا ہے کہ وہ مسلمانوں کے دشمنوں کے مقابلے میں مسلمانوں کی مدد کریں اور ان کی سازشیوں سے مسلمان کو بروقت آگاہ کریں اور انہیں مسلمانوں پر حملہ کرنے کا موقع نہ دیں[3]۔

علامہ ابن جوزی نے امام زہری کے حوالے سے نقل کیا ہے:

امام زہری فرماتے ہیں "لا اعلم شیئامنسوخ حکم المولف[4]"۔

ابن کثیر فرماتے ہیں کہ مذکورہ بالا دلائل کی بنیاد نبی رحمت ﷺ کی احادیث ہیں نہ کہ یہ تفسیر اسلئے کہ یہ تمام اقوال مصنف نے مصارف زکوۃ والی آیت کی تفسیر میں لکھے ہیں لہذا کسی کو یہ شائبہ نہ ہو کہ یہ ایک مفسر کی رائے ہے بلکہ اس بات کو واضح کیا کہ ان اقوال کی اصل احادیث کی معتبر اور بنیادی کتب ہیں۔

یہ مسئلہ مختلف فیہ ہے بعض اس کے جواز کے قائل ہیں جن میں حسن بصری، زہری، ابو جعفر محمد بن علی، ابن عربی، قاضی ابن وہاب شامل ہیں اور ان کے نزدیک جب امام اس کی ضرورت سمجھے تو تو دے گا[5]۔

جو لوگ جواز کے قائل ہیں ان کے دلائل میں سے ایک دلیل قرآن مجید کی وہ آیت ہے جس میں مصارف زکوۃ میں مؤلفۃ القلوب کا ذکر ہے۔

---

[1] تفسیر ابن کثیر۔ج2ص875

[2] سنن نسائی، کتاب الزکاۃ، باب المؤلفۃ قلوبھم۔رقم الحدیث2579

[3] تفسیر ابن کثیر۔ج2ص875

[4] ابن جوزی، عبد الرحمان بن علی۔زاد المیسر۔(بیروت لبنان، دار الفکر، 1987)ج3، ص310

[5] اللباب فی علوم الکتاب۔ج10، ص125

**ابن جوزی فرماتے ہیں:**

مؤلفۃ القلوب وہ لوگ ہیں جن کو نبی رحمت ﷺ اسلام کی طرف راغب کرنے کیلئے کچھ دیتے تھے جس میں مسلم اور غیر مسلم دونوں شامل تھے۔ غیر مسلموں میں سے بعض کو اسلام کی طرف مائل کرنے کیلئے دیتے جیسے صفوان بن امیہ اور بعض کو اسلئے دیتے تاکہ ان کے شر سے مسلمان محفوظ رہے جیسے عامر بن طفیل[1]۔

امام ابن منذر نے حضرت حسن رضی اللہ عنہ سے روایت کیا ہے کہ "والمؤلفۃ قلوبھم "کا حکم قیامت تک کا ہے جیسا کہ نبی رحمت نے فتح مکہ اور فتح ہوازن کے بعد بھی دیا[2]۔

نبی رحمت اور صحابہ کرام کا اس پر عمل ہے نبی اکرم ﷺ نے اسلام کے بدترین دشمنوں کو تالیف قلبی کی بنیاد پر حلقہ بگوش اسلام کیا جیسے صفوان بن امیہ جو نبی رحمت اور دین اسلام کے سخت ترین دشمن تھے کہتے ہیں:

"مجھے نبی رحمت ﷺ سے سخت دشمنی تھی پھر نبی رحمت ﷺ نے مجھے اتنا مال عطاء کیا جس کی حد کوئی نہیں یہاں تک کہ مجھے نوازتے رہے اور مجھے سب سے زیادہ محبوب ہوگئے[3]"۔

**صحابی رسول کا عمل:**

نبی رحمت ﷺ کے صحابہ کا عمل بھی موجود ہے کہ انھوں نے بھی محض تالیف قلبی والے اسلوب کو اختیار کرتے ہوئے کئی لوگوں کو اسلام کی طرف راغب کیا اور ان لوگوں نے اسلام قبول کیا۔ عرب کے بعض لوگ ایک پانی کے چشمے کے ساتھ رہتے تھے۔ ایک دن اس چشمے کے مالک نے اپنی قوم کو دعوت دین دیتے ہوئے فرمایا کہ اگر وہ اسلام قبول کرلیں تو وہ ان میں سو اونٹ تقسیم کرے گا قوم نے اس کی ترغیب کی وجہ سے اسلام قبول کیا تو ا اس صحابی رسول نے سو(100)اونٹ ان لوگوں میں تقسیم کیے[4]۔

غیر مسلم غریب لوگوں کی مالی معاونت کرنی چاہیے نبی رحمت ﷺ نے فرمایا:

إِنَّ الْإِسْلَامَ بَدَأَ غَرِيبًا وَسَيَعُودُ غَرِيبًا كَمَا بَدَأَ، فَطُوبَى لِلْغُرَبَاءِ[5]

---

[1] زادالمیسر ج3، ص311

[2] السیوطی، عبدالرحمان بن ابی بکر۔ تفسیر در منشور۔ ترجمہ، محمد اقبال، محمد بوستان(لاہور، ضیاءالقرآن پبلی کیشنز، 2012)ج3ص365

[3] تفسیر ابن کثیر، ج2، ص577

[4] سنن ابو داود، کتاب الخراج، والامارۃ والفئی۔ باب فی العرافۃ۔ رقم الحدیث 2934

[5] سنن ترمذی۔ کتاب الایمان۔ باب ماجاء ان الاسلام بدا غریبا، رقم الحدیث 2629

بیشک اسلام غریب لوگوں سے شروع ہوتا ہے اور غریبوں پر ہی ختم ہوتا ہے"۔

**مولانا نور اللہ رشیدی کی رائے:**

دعوت دین کو وسعت دینے کے لیے غیر مسلموں میں کام کرنے کے واسطے مسلمانوں کو بوقت ضرورت اپنے مال سے خرچ کرنا چاہیے نفلی صدقات سے بھی خرچ کیا جائے اور مسلمان اجتماعی طور پر مل کر اور اسلامی حکومت اپنے بجٹ میں دعوت الی اللہ کے لیے فنڈ رکھ کر غیر مسلموں پر تالیف قلبی کی غرض سے خرچ کریں۔اسی طرح انفرادی طور پر غیر مسلموں کی دلجوئی کے لیے مالی امداد دی جائے ان کی مصیبتوں، پریشانیوں، بیماریوں ،بچوں کے تعلیمی اخراجات (فیسوں، کتابوں، یونیفارم)وغیرہ اور ان کے اجتماعی رفاہی کاموں میں خرچ کیا جائے انہیں اپنی تقریبات میں بلایا جائے اور تہواروں کے موقع پر ان کو ہدیے اور تحفے دیے جائیں اور قربانی کا گوشت دیا جائے[1]۔

آج ضرورت اس امر کی ہے کہ داعیان اسلام نبی رحمت ﷺ کی سیرت طیبہ کو مشعل راہ بناتے ہوئے غیر مسلموں کو دین اسلام کے قریب لائیں ور ایسا رویہ نہ اپنائیں جس کے باعث غیر مسلم اسلام سے دور ہو جائیں۔ آج مسلمان مغلوب ہیں اور غیر مسلم طاقتور ایسے میں ایسی حکمت عملی اپنانی چاہیے جو زمینی حقائق کو مد نظر رکھ کر ہو۔لہذا اگر کوئی غیر مسلم ضرورت مند ہو اور ممکن ہو تو اس کی مدد کرنی چاہیے اور ان کو اسلام کی طرف راغب کرنے کیلئے نبی اکرم ﷺ کی مبارک سیرت کو مشعل راہ بنانا چاہیے۔

---

[1] رشیدی، نوراللہ۔ ہم دعوت اسلام کا کام کیسے کرے، (راولپنڈی، فیض الاسلام پرنٹنگ پریس، 2017)ص75

## نتائج البحث

1. دعوت بقدر استطاعت ہر مسلمان کی شرعی ذمہ داری ہے۔
2. توحید باری تعالی کے معالے میں کوئی مفاہمت اختیار نہیں کی جاسکتی ہے۔
3. عقیدہ رسالت کے بارے میں کوئی مفاہمتی پالیسی اختیار نہیں کی جاسکتی ہے۔
4. غیر مسلموں کیلئے مروجہ تحنیتی کلمات ادا کرسکتے ہیں۔
5. غیر مسلموں کے ساتھ سلام میں ابتداء کرنا مختلف فیہ مسئلہ ہے۔
6. غیر مسلموں کو دعائیہ کلمات کے ساتھ سلام میں ابتداء کرسکتے ہیں۔
7. معاشرتی سطح پر غیر مسلموں سے تعلق رکھنے کی اجازت ہے۔
8. دعوت دین میں غیر مسلموں سے مشروط مدد (دینی مفاد کے خلاف نہ ہو) لی جاسکتی ہے۔
9. غیر مسلم کے ظاہری منصب کو مدنظر رکھتے ہوئے اس کا استقبال کیا جاسکتا ہے۔
10. غیر مسلوں کی عیادت جائز ہے۔
11. غیر مسلموں کو تحائف پیش کرسکتے ہیں اور وصول بھی کرسکتے ہیں۔
12. دعوت میں اصول تدریج کو اپنانا سیرت نبوی ﷺ کا تقاضہ ہے۔
13. غیر مسلموں کو مسجد میں داخل ہونے کی اجازت دی جاسکتی ہے۔
14. دعوتی امور میں دوسری قوموں میں رائج طریقوں کی رعایت کرنے میں کوئی حرج نہیں بشرطیکہ کوئی شرعی قباحت نہ ہو۔
15. غیر مسلموں کی تالیف قلبی کیلئے صدقہ واجبہ مختلف فیہ ہیں البتہ صدقات نافلہ بالاتفاق دے سکتے ہیں۔
16. اسلام نے غیر مسلم قرابت داروں کے ساتھ حسن سلوک کی ہدایت کی ہے۔

## سفارشات

اس موضوع میں تحقیق کے حوالے سے کئی جہتیں سامنے آئی ہیں جن پر تحقیقی کام کی گنجائش موجود ہے چند ایک سفارشات پیش خدمت ہیں۔

☆ دور حاضر کے تقاضوں کو مد نظر رکھتے ہوئے نبی رحمت ﷺ کی دعوت دین میں غیر مسلموں یہودی، عیسائی اور دیگر غیر الہامی مذاہب کے لوگوں کے ساتھ علیحدہ علیحدہ رویوں پر تحقیق کی ضرورت ہے تا کہ ان کے ساتھ تعلقات کی نوعیت واضح ہو جائے۔

☆ وہ مسلمان جو بحثیت اقلیت غیر مسلم ممالک میں رہتے ہیں ان کے غیر مسلموں کے ساتھ تعلقات کی نوعیت کے حوالے سے بہت کم مواد ملتا ہے لہذا اس حوالے سے سے مزید کام کی ضرورت ہے۔

☆ کثیر المذاہب معاشرہ میں غیر مسلموں کے حقوق و فرائض کو کس طرح محفوظ کیا جائے اس حوالے سے مزید کام کی ضرورت ہے۔

# قرآنی آیات کی فہرست


| نمبر شمار | آیات قرآنی | سورۃ | صفحہ |
|---|---|---|---|
| 1 | وَكَذَلِكَ جَعَلْنَاكُمْ أُمَّةً وَسَطًا لِتَكُونُوا شُهَدَاءَ عَلَى النَّاسِ وَيَكُونَ الرَّسُولُ عَلَيْكُمْ شَهِيدًا | البقرۃ | 8 |
| 2 | قُلْ يَا أَهْلَ الْكِتَابِ تَعَالَوْا إِلَى كَلِمَةٍ سَوَاءٍ بَيْنَنَا وَبَيْنَكُمْ | آل عمران | 30 |
| 3 | إِنَّ مَثَلَ عِيسَى عِنْدَ اللَّهِ كَمَثَلِ آدَمَ خَلَقَهُ مِنْ تُرَابٍ ثُمَّ قَالَ لَهُ كُنْ فَيَكُونُ | آل عمران | 31 |
| 4 | كُنْتُمْ خَيْرَ أُمَّةٍ أُخْرِجَتْ لِلنَّاسِ تَأْمُرُونَ بِالْمَعْرُوفِ وَتَنْهَوْنَ عَنِ الْمُنْكَر | آل عمران | 8 |
| 5 | وَلْتَكُنْ مِنْكُمْ أُمَّةٌ يَدْعُونَ إِلَى الْخَيْرِ وَيَأْمُرُونَ بِالْمَعْرُوفِ وَيَنْهَوْنَ عَنِ الْمُنْكَرِ وَأُولَئِكَ هُمُ الْمُفْلِحُونَ | آل عمران | 8 |
| 6 | فَمَنْ حَاجَّكَ فِيهِ مِنْ بَعْدِ مَا جَاءَكَ مِنَ الْعِلْمِ فَقُلْ تَعَالَوْا نَدْعُ أَبْنَاءَنَا وَأَبْنَاءَكُمْ وَنِسَاءَنَا وَنِسَاءَكُمْ وَأَنْفُسَنَا وَأَنْفُسَكُمْ ثُمَّ نَبْتَهِلْ فَنَجْعَلْ لَعْنَتَ اللَّهِ عَلَى الْكَاذِبِينَ | آل عمران | 31 |
| 7 | وَإِذَا حُيِّيتُمْ بِتَحِيَّةٍ فَحَيُّوا بِأَحْسَنَ مِنْهَا أَوْ رُدُّوهَا | النساء | 54 |
| 8 | وَ اعْبُدُوا اللّٰهَ وَ لَا تُشْرِكُوْا بِه شَيْـًٔا وَّ بِالْوَالِدَيْنِ اِحْسَانًا وَّ بِذِی الْقُرْبٰی | النساء | 73 |
| 9 | يَا أَيُّهَا الرَّسُولُ بَلِّغْ مَا أُنْزِلَ إِلَيْكَ مِنْ رَبِّكَ وَإِنْ لَمْ تَفْعَلْ فَمَا بَلَّغْتَ رِسَالَتَهُ | المائدہ | 9 |
| 10 | إِنَّمَا يَتَقَبَّلُ اللَّهُ مِنَ الْمُتَّقِينَ | المائدہ | 13 |
| 11 | وَاِنْ جَنَحُوْا لِلسَّلْمِ فَاجْنَحْ لَهَا وَتَوَكَّلْ عَلَى اللّٰهِ ؕ اِنَّه هُوَ السَّمِيْعُ الْعَلِيْمُ | الانفال | 78 |
| 12 | وَاللَّهُ يَدْعُو إِلَى دَارِ السَّلَامِ وَيَهْدِي مَنْ يَشَاءُ إِلَى صِرَاطٍ مُسْتَقِيمٍ | یونس | 10 |
| 13 | قُلْ هَذِهِ سَبِيلِي أَدْعُو إِلَى اللَّهِ عَلَى بَصِيرَةٍ أَنَا وَمَنِ اتَّبَعَنِي | یوسف | xv |
| 14 | اُدْعُ اِلٰی سَبِيْلِ رَبِّكَ بِالْحِكْمَةِ | النحل | 36 |
| 15 | وَالَّذِينَ هَاجَرُوا فِي اللَّهِ مِنْ بَعْدِ مَا ظُلِمُوا لَنُبَوِّئَنَّهُمْ فِي الدُّنْيَا حَسَنَةً وَلَأَجْرُ الْآخِرَةِ أَكْبَرُ | النحل | 80 |
| 16 | و لَا تَقْرَبُوا الزِّنٰۤى اِنَّه كَانَ فَاحِشَةًؕ وَسَآءَ سَبِيْلًا | بنی اسرائیل | 53 |
| 17 | فَقُولا لَهُ قَوْلاً لَّيِّنًا لَّعَلَّهُ يَتَذَكَّرُ أَوْ يَخْشَى | طه | 15 |
| 18 | وَمِنَ النَّاسِ مَنْ يُجَادِلُ فِي اللَّهِ بِغَيْرِ عِلْمٍ وَيَتَّبِعُ كُلَّ شَيْطَانٍ مَرِيدٍ | الحج | 14 |
| 19 | وَلَا تُجَادِلُوا أَهْلَ الْكِتَابِ إِلَّا بِالَّتِي هِيَ أَحْسَنُ إِلَّا الَّذِينَ ظَلَمُوا مِنْهُمْ وَقُولُوا آمَنَّا بِالَّذِي أُنْزِلَ إِلَيْنَا وَأُنْزِلَ إِلَيْكُمْ وَإِلَهُنَا وَإِلَهُكُمْ وَاحِدٌ وَنَحْنُ لَهُ مُسْلِمُونَ | العنکبوت | 30 |

| | | | |
|---|---|---|---|
| 20 | أَلا لِلَّهِ الدِّينُ الْخَالِصُ | الزمر | 13 |
| 21 | وَمَنْ أَحْسَنُ قَوْلًا مِمَّنْ دَعَا إِلَى اللَّهِ وَعَمِلَ صَالِحًا وَقَالَ إِنَّنِي مِنَ الْمُسْلِمِينَ | حم السجده | 10 |
| 22 | وَقَالَ رَجُلٌ مُؤْمِنٌ مِنْ آلِ فِرْعَوْنَ يَكْتُمُ إِيمَانَهُ | غافر | 47 |
| 23 | فَإِنْ أَعْرَضُوا فَقُلْ أَنْذَرْتُكُمْ صَاعِقَةً مِثْلَ صَاعِقَةِ عَادٍ وَثَمُودَ | فصلت | 22 |
| 24 | فَاصْبِرْ كَمَا صَبَرَأُولُواالْعَزْمِ مِنَ الرُّسُلِ | الاحقاف | 16 |
| 25 | يَا أَيُّهَا الَّذِينَ آمَنُوا إِنْ تَنْصُرُوا اللَّهَ يَنْصُرْكُمْ وَيُثَبِّتْ أَقْدَامَكُمْ | محمد | 9 |
| 26 | فَإِنْ عَلِمْتُمُوْهُنَّ مُؤْمِنٰتٍ فَلَا تَرْجِعُوْهُنَّ إِلَى الْكُفَّارِ لَا هُنَّ حِلٌّ لَّهُمْ وَ لَا هُمْ يَحِلُّوْنَ لَهُنَّ | الممتحنه | 91 |
| 27 | هُوَ الَّذِي أَرْسَلَ رَسُولَهُ بِالْهُدَى وَدِينِ الْحَقِّ لِيُظْهِرَهُ عَلَى الدِّينِ كُلِّهِ | الصف | Xiii |
| 28 | يَا أَيُّهَا الَّذِينَ آمَنُوا لِمَ تَقُولُونَ مَا لَا تَفْعَلُونَ | الصف | 14 |
| 29 | يَا أَيُّهَا الَّذِينَ آمَنُوا قُوا أَنْفُسَكُمْ وَأَهْلِيكُمْ نَارًا | التحريم | 14 |
| 30 | لَا أَعْبُدُ مَا تَعْبُدُونَ | الكافرون | xiii |

## احادیث رسول کی فہرست


| نمبر شمار | احادیث | صفحہ نمبر |
|---|---|---|
| 1 | إِذَا سَلَّمَ عَلَيْكُمُ الْيَهُودُ فَإِنَّمَا يَقُولُ أَحَدُهُمْ : السَّامُ عَلَيْكَ فَقُلْ : وَعَلَيْكَ | 58 |
| 2 | الْمُؤْمِنُ الَّذِي يُخَالِطُ النَّاسَ ، وَيَصْبِرُ عَلَى أَذَاهُمْ ، أَعْظَمُ أَجْرًا مِنَ الْمُؤْمِنِ الَّذِي لَا يُخَالِطُ النَّاسَ وَلَا يَصْبِرُ عَلَى أَذَاهُمْ | 75 |
| 3 | أَلَا كُلُّكُمْ رَاعٍ وَكُلُّكُمْ مَسْئُولٌ عَنْ رَعِيَّتِهِ | 10 |
| 4 | أَلَا مَنْ ظَلَمَ مُعَاهِدًا أَوِ انْتَقَصَهُ أَوْ كَلَّفَهُ فَوْقَ طَاقَتِهِ أَوْ أَخَذَ مِنْهُ شَيْئًا بِغَيْرِ طِيبِ نَفْسٍ فَأَنَا حَجِيجُهُ يَوْمَ الْقِيَامَةِ | 78 |
| 5 | أَلَا هَلْ بَلَّغْتُ قَالُوا :نَعَمْ قَالَ :اللَّهُمَّ اشْهَدْ فَلْيُبَلِّغْ الشَّاهِدُ الْغَائِبَ فَرُبَّ مُبَلَّغٍ أَوْعَى مِنْ سَامِعٍ | 10 |
| 6 | أَنَّ أَصْحَابَ النَّبِيِّ صَلَّى اللَّهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ قَالُوا لِلنَّبِيِّ صَلَّى اللَّهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ إِنَّ أَهْلَ الْكِتَابِ يُسَلِّمُونَ عَلَيْنَا فَكَيْفَ نَرُدُّ عَلَيْهِمْ قَالَ قُولُوا وَعَلَيْكُمْ | 58 |
| 7 | إِنَّ الْإِسْلَامَ بَدَأَ غَرِيبًا وَسَيَعُودُ غَرِيبًا كَمَا بَدَأَ ، فَطُوبَى لِلْغُرَبَاءِ | 98 |
| 8 | إِنَّ الرِّفْقَ لَا يَكُونُ فِي شَيْءٍ إِلَّا زَانَهُ وَلَا يُنْزَعُ مِنْ شَيْءٍ إِلَّا شَانَهُ | 15 |
| 9 | أَنَّ رَسُولَ اللَّهِ صَلَّى اللَّهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ قَالَ مَنْ دَعَا إِلَى هُدًى كَانَ لَهُ مِنَ الْأَجْرِ مِثْلُ أُجُورِ مَنْ تَبِعَهُ لَا يَنْقُصُ ذَلِكَ مِنْ أُجُورِهِمْ شَيْئًا | 11 |
| 10 | أَنَّ رَسُولَ اللَّهِ صَلَّى اللَّهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ قَالَ يَا عَائِشَةُ إِنَّ اللَّهَ رَفِيقٌ يُحِبُّ الرِّفْقَ وَيُعْطِي عَلَى الرِّفْقِ مَا لَا يُعْطِي عَلَى الْعُنْفِ وَمَا لَا يُعْطِي عَلَى مَا سِوَاهُ | 16 |
| 11 | أَنَّ كِسْرَى أَهْدَى لَهُ فَقَبِلَ ، وَأَنَّ الْمُلُوكَ أَهْدَوْا إِلَيْهِ فَقَبِلَ مِنْهُمْ | 70 |
| 12 | أَنَّ وَفْدَ ثَقِيفٍ لَمَّا قَدِمُوا عَلَى رَسُولِ اللَّهِ صَلَّى اللَّهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ أَنْزَلَهُمُ الْمَسْجِدَ لِيَكُونَ أَرَقَّ لِقُلُوبِهِمْ فَاشْتَرَطُوا عَلَيْهِ أَنْ لَا يُحْشَرُوا وَلَا يُعْشَرُوا وَلَا يُجَبَّوْا ، فَقَالَ رَسُولُ اللَّهِ صَلَّى اللَّهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ : لَكُمْ أَنْ لَا تُحْشَرُوا وَلَا تُعْشَرُوا وَلَا خَيْرَ فِي دِينٍ لَيْسَ فِيهِ رُكُوعٌ | 36 |
| 13 | أَنَّ يَهُودِيًّا دَعَا رَسُوْلَ اللّٰهِ صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم اِلٰی خُبْزِ شَعِيْرٍ وَاِهَالَةٍ سَنِخَةٍ فَأَجَابَهُ | 76 |
| 14 | انْفُذْ عَلَى رِسْلِكَ حَتَّى تَنْزِلَ بِسَاحَتِهِمْ ثُمَّ ادْعُهُمْ إِلَى الْإِسْلَامِ وَأَخْبِرْهُمْ بِمَا يَجِبُ عَلَيْهِمْ مِنْ حَقِّ اللَّهِ فِيهِ , فَوَاللَّهِ لَأَنْ يَهْدِيَ اللَّهُ بِكَ رَجُلًا وَاحِدًا خَيْرٌ لَكَ مِنْ أَنْ يَكُونَ لَكَ حُمْرُ النَّعَمِ | 11 |

| | | |
|---|---|---|
| 42 | إِنَّكَ سَتَأْتِي قَوْمًا مِنْ أَهْلِ الْكِتَابِ ، فَإِذَا جِئْتَهُمْ ، فَادْعُهُمْ إِلَى أَنْ يَشْهَدُوا أَنْ لَا إِلَهَ إِلَّا اللَّهُ ، وَأَنَّ مُحَمَّدًا رَسُولُ اللَّهِ ، فَإِنْ هُمْ طَاعُوا لَكَ بِذَلِكَ ، فَأَخْبِرْهُمْ أَنَّ اللَّهَ قَدْ فَرَضَ عَلَيْهِمْ خَمْسَ صَلَوَاتٍ فِي كُلِّ يَوْمٍ وَلَيْلَةٍ ، فَإِنْ هُمْ طَاعُوا لَكَ بِذَلِكَ ، فَأَخْبِرْهُمْ أَنَّ اللَّهَ قَدْ فَرَضَ عَلَيْهِمْ صَدَقَةً تُؤْخَذُ مِنْ أَغْنِيَائِهِمْ فَتُرَدُّ عَلَى فُقَرَائِهِمْ ، فَإِنْ هُمْ طَاعُوا لَكَ بِذَلِكَ ، فَإِيَّاكَ وَكَرَائِمَ أَمْوَالِهِمْ ، وَاتَّقِ دَعْوَةَ الْمَظْلُومِ ، فَإِنَّهُ لَيْسَ بَيْنَهُ وَبَيْنَ اللَّهِ حِجَابٌ | 15 |
| 41 | إِنَّمَا نَزَلَ أَوَّلَ مَا نَزَلَ مِنْهُ سُورَةٌ مِنَ الْمُفَصَّلِ فِيهَا ذِكْرُ الْجَنَّةِ وَالنَّارِ حَتَّى إِذَا ثَابَ النَّاسُ إِلَى الْإِسْلَامِ نَزَلَ الْحَلَالُ وَالْحَرَامُ وَلَوْ نَزَلَ أَوَّلَ شَيْءٍ لَا تَشْرَبُوا الْخَمْرَ لَقَالُوا لَا نَدَعُ الْخَمْرَ أَبَدًا وَلَوْ نَزَلَ لَا تَزْنُوا لَقَالُوا لَا نَدَعُ الزِّنَا أَبَدًا | 16 |
| 19 | أَيُّهَا النَّاسُ إِنَّكُمْ مُنَفِّرُونَ فَمَنْ صَلَّى بِالنَّاسِ فَلْيُخَفِّفْ ، فَإِنَّ فِيهِمُ الْمَرِيضَ وَالضَّعِيفَ وَذَا الْحَاجَةِ | 17 |
| xii | بَلِّغُوا عَنِّي وَلَوْ آيَةً | 18 |
| 33 | بَيْنَا أَنَا نَائِمٌ أُرِيتُ أَنَّهُ وُضِعَ فِي يَدَيَّ سِوَارَانِ مِنْ ذَهَبٍ ، فَفُظِعْتُهُمَا وَكَرِهْتُهُمَا ، فَأُذِنَ لِي فَنَفَخْتُهُمَا فَطَارَا فَأَوَّلْتُهُمَا كَذَّابَيْنِ يَخْرُجَانِ | 19 |
| 65 | تَهَادَوْا فَإِنَّ الْهَدِيَّةَ تُذْهِبُ وَحَرَ الصَّدْرِ | 20 |
| 18 | حَدِّثُوا النَّاسَ بِمَا يَعْرِفُونَ أَتُحِبُّونَ أَنْ يُكَذَّبَ، اللَّهُ وَرَسُولُه | 21 |
| 76 | خَرَجَ رَسُولُ اللَّهِ صَلَّى اللَّهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ يَعُودُ عَبْدَ اللَّهِ بْنَ أُبَيٍّ فِي مَرَضِهِ الَّذِي مَاتَ فِيهِ | 22 |
| 11 | عَنْ حُذَيْفَةَ بْنِ الْيَمَانِ، عَنِ النَّبِيِّ صَلَّى اللَّهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ قَالَ: وَالَّذِي نَفْسِي بِيَدِهِ لَتَأْمُرُنَّ بِالْمَعْرُوفِ، وَلَتَنْهَوُنَّ عَنِ الْمُنْكَرِ، أَوْ لَيُوشِكَنَّ اللَّهُ أَنْ يَبْعَثَ عَلَيْكُمْ عِقَابًا مِنْهُ، ثُمَّ تَدْعُونَهُ فَلَا يُسْتَجَابُ لَكُمْ | 23 |
| 61 | عَنْ عَائِشَةَ رَضِيَ اللَّهُ عَنْهَا ، قَالَتْ : كَانَ الْيَهُودُ يُسَلِّمُونَ عَلَى النَّبِيِّ صَلَّى اللَّهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ ، يَقُولُونَ : السَّامُ عَلَيْكَ ، فَفَطِنَتْ عَائِشَةُ إِلَى قَوْلِهِمْ ، فَقَالَتْ : عَلَيْكُمُ السَّامُ وَاللَّعْنَةُ ، فَقَالَ النَّبِيُّ صَلَّى اللَّهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ : مَهْلًا يَا عَائِشَةُ ، إِنَّ اللَّهَ يُحِبُّ الرِّفْقَ فِي الْأَمْرِ كُلِّهِ ، فَقَالَتْ : يَا نَبِيَّ اللَّهِ ، أَوَلَمْ تَسْمَعْ مَا يَقُولُونَ ؟ ، قَالَ : أَوَلَمْ تَسْمَعِي أَنِّي أَرُدُّ ذَلِكِ عَلَيْهِمْ فَأَقُولُ وَعَلَيْكُمْ | 24 |

| | | |
|---|---|---|
| 25 | عَنْ عَبْدِ اللَّهِ بْنِ عَمْرٍو أَنَّ رَجُلًا سَأَلَ رَسُولَ اللَّهِ صَلَّى اللَّهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ ، أَيُّ الْإِسْلَامِ خَيْرٌ ؟ قَالَ : تُطْعِمُ الطَّعَامَ ، وَتَقْرَأُ السَّلَامَ عَلَى مَنْ عَرَفْتَ وَمَنْ لَمْ تَعْرِفْ | 57 |
| 26 | عَنْ عِكْرِمَةَ ، عَنِ ابْنِ عَبَّاسٍ ، قَالَ : حَدِّثْ النَّاسَ كُلَّ جُمُعَةٍ مَرَّةً ، فَإِنْ أَبَيْتَ فَمَرَّتَيْنِ ، فَإِنْ أَكْثَرْتَ فَثَلَاثَ مِرَارٍ ، وَلَا تُمِلَّ النَّاسَ هَذَا الْقُرْآنَ وَلَا أُلْفِيَنَّكَ تَأْتِي الْقَوْمَ وَهُمْ فِي حَدِيثٍ مِنْ حَدِيثِهِمْ فَتَقُصُّ عَلَيْهِمْ فَتَقْطَعُ عَلَيْهِمْ حَدِيثَهُمْ فَتُمِلُّهُمْ وَلَكِنْ أَنْصِتْ فَإِذَا أَمَرُوكَ فَحَدِّثْهُمْ وَهُمْ يَشْتَهُونَهُ فَانْظُرِ السَّجْعَ مِنَ الدُّعَاءِ فَاجْتَنِبْهُ ، فَإِنِّي عَهِدْتُ رَسُولَ اللَّهِ صَلَّى اللَّهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ وَأَصْحَابَهُ لَا يَفْعَلُونَ إِلَّا ذَلِكَ۔ | 43 |
| 27 | فَإِنِّي نُهِيتُ عَنْ زَبْدِ الْمُشْرِكِينَ | 68 |
| 28 | قَالَ رَسُوْلُ اللّٰہِ صلی الله علیه وآله وسلم : بُعِثْتُ بَيْنَ يَدَيِ السَّاعَةِ بِالسَّيْفِ حَتّٰى يُعْبَدَ اللّٰهُ وَحْدَهٗ لاشَرِيْکَ لَهٗ، وَجُعِلَ رِزْقِيْ تَحْتَ ظِلِّ رُمْحِيْ، وَجُعِلَ الذُّلُّ وَالصِّغَارُ عَلٰى مَنْ خَالَفَ أَمْرِيْ، وَمَنْ تَشَبَّهَ بِقَوْمٍ فَهُوَ مِنْهُمْ | 73 |
| 29 | قَالَ: سَأَلْتُ جَابِرًا عَنْ شَأْنِ ثَقِيفٍ إِذْ بَايَعَتْ، قَالَ: اشْتَرَطَتْ عَلَى النَّبِيِّ صَلَّى اللَّهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ أَنْ لَا صَدَقَةَ عَلَيْهَا وَلَا جِهَادَ، وَأَنَّهُ سَمِعَ النَّبِيَّ صَلَّى اللَّهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ بَعْدَ ذَلِكَ يَقُولُ: سَيَتَصَدَّقُونَ وَيُجَاهِدُونَ إِذَا أَسْلَمُوا | 37 |
| 30 | كَانَ رَسُولُ اللَّهِ صَلَّى اللَّهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ يَقْبَلُ الْهَدِيَّةَ وَيُثِيبُ عَلَيْهَا | 66 |
| 31 | كَانَ عَبْدُ اللَّهِ يُذَكِّرُ النَّاسَ فِي كُلِّ خَمِيسٍ ، فَقَالَ لَهُ رَجُلٌ : يَا أَبَا عَبْدِ الرَّحْمَنِ ، لَوَدِدْتُ أَنَّكَ ذَكَّرْتَنَا كُلَّ يَوْمٍ ، قَالَ : أَمَا إِنَّهُ يَمْنَعُنِي مِنْ ذَلِكَ أَنِّي أَكْرَهُ أَنْ أُمِلَّكُمْ ، وَإِنِّي أَتَخَوَّلُكُمْ بِالْمَوْعِظَةِ كَمَا كَانَ النَّبِيُّ صَلَّى اللَّهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ يَتَخَوَّلُنَا بِهَا مَخَافَةَ السَّآمَةِ عَلَيْنَا | 42 |
| 32 | كَانَ غُلَامٌ يَهُودِيٌّ يَخْدُمُ النَّبِيَّ صَلَّى اللَّهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ فَمَرِضَ ، فَأَتَاهُ النَّبِيُّ صَلَّى اللَّهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ يَعُودُهُ ، فَقَعَدَ عِنْدَ رَأْسِهِ فَقَالَ لَهُ : أَسْلِمْ ، فَنَظَرَ إِلَى أَبِيهِ , وَهُوَ عِنْدَهُ ، فَقَالَ لَهُ : أَطِعْ أَبَا الْقَاسِمِ صَلَّى اللَّهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ فَأَسْلَمَ ، فَخَرَجَ النَّبِيُّ صَلَّى اللَّهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ وَهُوَ يَقُولُ : الْحَمْدُ لِلَّهِ الَّذِي أَنْقَذَهُ مِنَ النَّارِ | 77 |
| 33 | كَلّا واللهِ لَتَأْمُرُنَّ بالمَعْروفِ، ولَتَنْهَوُنَّ عن المُنكرِ أو لَيَضرِبَنَّ اللهُ بقُلوبِ بعضِكم على بعضٍ، ثُمَّ لَيَلعَنَنَّكم كما لَعَنَهم | 12 |

| | | |
|---|---|---|
| 59 | لَا تَبْدَءُوا الْيَهُودَ وَلَا النَّصَارَى بِالسَّلَامِ فَإِذَا لَقِيتُمْ أَحَدَهُمْ فِي طَرِيقٍ فَاضْطَرُّوهُ إِلَى أَضْيَقِهِ | 34 |
| 19 | اللّٰهُمَّ اغْفِرْ ذَنْبَهُ وَطَهِّرْ قَلْبَهُ وَحَصِّنْ فَرْجَهُ | 35 |
| 18 | مَا أَنْتَ بِمُحَدِّثٍ قَوْمًا حَدِيثًا لَا تَبْلُغُهُ عُقُولُهُمْ إِلَّا كَانَ لِبَعْضِهِمْ فِتْنَةً | 36 |
| 17 | مَا شَيْءٌ أَثْقَلُ فِي مِيزَانِ الْمُؤْمِنِ يَوْمَ الْقِيَامَةِ مِنْ خُلُقٍ حَسَنٍ، وَإِنَّ اللَّهَ لَيُبْغِضُ الْفَاحِشَ الْبَذِيءَ | 37 |
| 15 | مَنْ يُحْرَمُ الرِّفْقَ، يُحْرَمُ الْخَيْرَ كُلَّهُ | 38 |
| 16 | وَمَا أُعْطِيَ أَحَدٌ عَطَاءً خَيْرًا وَأَوْسَعَ مِنَ الصَّبْرِ | 39 |
| 17 | يَا أَبَا عُمَيْرٍ مَا فَعَلَ النُّغَيْرُ | 40 |

## فہرست اعلام



| صفحہ نمبر | اعلام | نمبر شمار |
|---|---|---|
| 3 | ڈاکٹر احمد غلوش | 1 |
| 33 | اسود عنسی | 2 |
| 48 | الفاسی | 3 |
| 72 | رویفع بن ثابت البلوی | 4 |



## فہرست اماکن



| صفحہ نمبر | اماکن | نمبر شمار |
|---|---|---|
| 30 | نجران | 1 |
| 48 | دار ارقم | 2 |
| 80 | برک الغماد | 3 |

# مصادر ومراجع

القرآن الکریم

1. احمد علی شوکانی(2018ء) نیل الاوطار من اسرار منتقی الاخبار۔بیروت:دار ابن حزم
2. علی بن محمد،(1989ء)اسد الغابہ فی معرفۃ الصحابہ بیروت:دارالفکر
3. حمد بن احمد(2001ء)شفاء الغرام باختیار البلد الحرام۔بیروت:دار الکتب لعلمیہ
4. احمد بن حسین(1985ء)دلائل النبوۃ،بیروت:دار الکتب العلمیہ
5. احمد بن شعیب(1960ء)سنن نسائی۔پشاور:المکتبۃ الحقانیہ
6. احمد بن عبد العلیم،(2022ء)المجموع فتاوی۔ قاہرہ:دارابن حزم
7. احمد بن علی(1981ء)فتح الباری بشرح صحیح البخاری۔لاہور:دار نشر الکتب الاسلامیہ
8. احمد بن محمد بن حنبل،(2001ء)مسند احمد بن حنبل۔بیروت:مؤسسۃ الرسالہ
9. احمد غلوش(1399)الدعوۃ الاسلامیۃ اصولھا و وسائلھا۔ قاہرہ:مطبعہ نہضعہ مصدر
10. آدم عبد اللہ(1399ھ)تاریخ الدعوۃ الی اللہ بین الامس والیوم۔ قاہرہ:دار الکتب العلمیہ
11. اسماعیل بن عمر(1976ء)السیرۃ النبویہ۔بیروت،لبنان،دار المعرفہ لطباعۃ والنشر والتوزیع
12. اسماعیل بن عمر(ء2009)تفسیر ابن کثیر،فیصل آباد:مکتبہ اسلامیہ
13. حسین بن محمد(1342ھ)المفردات۔ایران:المکتبۃ المرتضویہ
14. رازی، تفسیر کبیر(2001ء)لاہور،مکتبہ علوم اسلامیہ
15. محمد بن عبد اللہ(1999ء)اعلام الساجد باحکام المساجد۔ قاہرہ:وزارات اوقاف
16. سلیمان بن الاشعث(2001ء)سنن ابی داؤ،بیروت،دار المعرفہ
17. شمس الدین محمد بن احمد،(1989ء)المبسوط،بیروت:دار الفکر
18. شیخ علی محفوظ(1940ء)ھدایۃ المرشدین۔ قاہرہ:دار الاعتصام
19. عبد الرحمان بن عبد اللہ(2000ء)الروض الانف،بیروت:دار احیاء التراث العربیہ
20. عبد الرحمان بن علی،(1987ء)زاد المیسر فی علم التفسیر،بیروت لبنان:دار الفکر
21. عبد اللہ بن محمد(1986ء)مصنف ابن ابی شیبہ، کراچی:ادارۃ القرآن والعلوم
22. عبد اللہ بن احمد،(1992ء) المغنی،مصر:دار العلم
23. عبد الملک بن ہشام،(1900ء)السیرۃ النبویہ لابن ہشام،مصر:مکتبہ مصطفی البابی
24. علی بن برھان الدین(1433ھ)السیرۃ الحلبیہ،بیروت:دار المعرفہ

25. عمر بن علی ,(1998ء)اللباب فی علوم الکتاب۔ لبنان: دار الکتب العلمیہ
26. قاضی ثناء اللہ(1384ھ) تفسیر مظہری۔ دہلی: ادارہ اشاعت العلوم
27. محمد بن اسماعیل(1419ھ) صحیح بخاری۔ کوئٹہ: مکتبہ دار احسان
28. محمد بن جریر طبری(1939)تاریخ االطبری۔ قاہرہ: مکتبۃ الاستقامۃ
29. محمد بن عمر(1979ء)اساس البلاغہ۔ بیروت: دار المعرفہ
30. محمد بن عیسی(2012ء)جامع الترمذی۔ لاہور: نعمانی کتب خانہ
31. محمد بن یزید(1998ء)سنن ابن ماجہ۔ بیروت، لبنان: دار الکتب العلمیہ
32. محمد حمید اللہ(1958)الوسائق السیاسیہ فی العھد النبوی۔ بیروت: دار النقاش
33. محمد رشید رضا(1993ء)تفسیر المنار۔ بیروت: دار المعرفہ
34. محمد طاہر(1984ء) تفسیر التحریر والتنویر، بیروت دار ابن حزم
35. محمد علی صلابی۔ السیرۃ النبویہ(2003ء)الامارات الشارقۃ: مکتبۃ الصحابہ
36. محمد فواد2008ء)المعجم المفھرس لالفاظ القرآن الکریم۔ تہران۔ انتشار الاسلامی
37. محمد بن احمد(2010)الجامع لاحکام القرآن۔ قاہرہ: دار الحدیث
38. محمد بن مکرم(1405ھ)لسان العرب۔ قم ایران: مطبع نشر ادب الجوزہ
39. مسلم بن حجاج(1930ء) صحیح مسلم۔ کوئٹہ: مکتبہ دار احسان
40. منصور بن یونس،(1983ء)کشاف القناع عن متن الاقناع، بیروت: المکتبۃ الوقفیہ
41. وھبۃ زحیلی(1993ء)التفسیر المنیر فی العقیدۃ والشریعۃ والمنہج۔ کوئٹہ: مکتبہ رشیدیہ
42. یحیی بن اشرف۔ المنہاج فی شرح صحیح مسلم بن حجاج۔ الریاض، مکتبۃ الغازی

**اردو:**

1. امین احسن اصلاحی(2012ء)دعوت دین کا طریقہ کار۔ لاہور: رازی گرافکس
2. احمد بن عبد اللہ،(1992)دلائل النبوۃ۔ لاہور: ضیاء القرآن پبلی کیشنز
3. اردو لغت تاریخی اصولوں پر(1987ء)وفاقی وزارت تعلیم پاکستان، اردو لغت بورڈ کراچی
4. پیر کرم شاہ،(2015ء)ضیاء النبی۔ کراچی: ضیاء القرآن پبلی کیشنز
5. جلال الدین(2007ء)غیر مسلموں سے تعلقات اور ان کے حقوق، نئی دہلی، اسلامی پبلشرز
6. حافظ ابو نعیم(1417ھ)دلائل النبوۃ۔ ڈچ: ابن عباس اکیڈمی

7. حافظ صالح الدین(2014ء)دعوت الی اللہ کے عناصر اور شرعی حیثیت۔مردان ولی خان یونیورسٹی

8. حافظ نعمان عابد(2020ء) مسلم اقلیات کے مسائل واحکام۔علامہ اقبال اوپن ہونیورسٹی

9. حمید اللہ(1987ء)رسول اللہ کی سیاسی زندگی۔کراچی:دارالاشاعت

10. رضی الاسلام(2007ء)دروس سیرت،لاہور:میٹرو پرینٹر

11. سید محبوب(1987ء)مکتوبات نبوی ﷺ۔لاہور:سنی دارالاشاعت

12. صفی الرحمان(1955ء)الرحیق المختوم۔لاہور:المکتبۃ السلفیہ

13. عبدالرحمان بن ابی بکر(2012ء) تفسیر در منثور، کراچی:ضیاء القرآن پبلی کیشنز

14. عمادالدین،(1996ء)سیرت النبی۔لاہور:مکتبہ قدوسیہ

15. عمر صدیق(2010ء)غیر مسلموں سے متعلق احادیث اور عصر حاضر میں اس کی معنویت:علامہ اقبال یونیورسٹی

16. غلام رسول(1999ء)شرح صحیح مسلم۔لاہور:فرید بک سٹال

17. غلام رسول(2013ء)نعمۃ الباری فی شرح صحیح البخاری۔لاہور:ضیاء القرآن پبلی کیشنز

18. فاروق سعیدی(2005ء) سنن ابو داود اردو۔اسلام آباد، مکتبہ دارالسلام

19. فضل الہی(2013)دعوت دین کہاں دی جائے اسلام آباد:دارالنور

20. محمد اکرام(2008ء) صحابہ کرام کا دعوت سلوب۔اسلام آباد، علامہ اقبال اوپن یونیورسٹی

21. محمد بن جریر(2014ء)تاریخ طبری اردو۔کراچی:نفیس اکیڈمی

22. محمد بن سعد(1998ء)طبقات الکبریٰ۔کراچی:نفیس اکیڈمی

23. محمد بن یوسف(2010) سبل الھدی والارشاد فی سیرت خیر العباد۔لاہور:زاویہ پبلشرز

24. محمد سلیمان(1981ء)رحمۃ للعالمین،لاہور:شیخ غلام احمد علی اینڈ سنز

25. محمد شاکر(2015ء)،شرح سنن نسائی۔لاہور:فرید بک سٹال

26. محمد علی صلابی(1433ھ)سیرت النبی۔لاہور:دارالسلام

27. نازیہ حسن(2018ء) صلح حدیبیہ کے دعوتی اثرات، تجزیاتی مطالعہ:علامہ اقبال یونیورسٹی

28. نوراللہ رشیدی(2010ء)ہم دعوت اسلام کا کام کیسے کرئے۔راولپنڈی:فیض الاسلام پرنٹنگ پریس

ویب سائٹس

http://vfast.org/journals/index.php/vtir@2014ISSN(e)

https://vfast.org/journals/index.php/VTESS/index

http://dictionary.cambridge.org/dictionary/

https://www.thefreedictionary.
http://algazali,org,threads

https://islamicurdubooks.com

https://mohaddis.com

https://kitabosunnat.com

http://www.urdupoint.com/dictionary

www.banuri.edu.pk

http//www.islamic-.creed.com

http//www,al.mawrid.org